مدینۃ اولیاء ملتان سے شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روحانی جریدہ

نومبر 2018ء

روحانی ماہنامہ

تحفۂ روحانیات

جنات کی روحانی واردات

پرنس آف پنڈی

نومبر میں سیارے، خوشخبریاں

بندش کا خاتمہ

خواص القران

اسمائے الحسنیٰ سے زندگی بدلیں

لوح غلبہ دشمن

تسخیرات ارواح و حاضرات

نادِ علی با موکل، ہر کام تو کل

حضورؐ کی بچوں سے محبت

سیرت نبویؐ، عائلی زندگی

بہت جلد شائع ہو رہی ہے

مزمل روحانی جنتری 2019ء

چیف ایڈیٹر و بانی ادارہ روحانیات

محمد ایاز مزمل حسین شاہ

قیمت 60 روپے فی شمارہ

عملیات پر صدیوں پرانی

نایاب ونادر قلمی بیاضیں

برائے مہربانی کتاب وی پی پی کرنے پر اصرار نہ کریں۔ ڈاک خرچ 50 روپے علیحدہ ہوگا

نام کتاب	تعارف
مجموعہ علم جفر، نجوم، عملیات (فارسی) 800 روپے	علم نجوم کے نقطہ نظر گروں کا نایاب تحفہ، قلمی کا عکس
مراۃ النجوم 700 روپے	حکیم غلام قادر کی مشہور زمانہ نایاب کتاب لاہور
لگن آفتاب (حصہ اول) 550 روپے	پنڈت دیوی دیا جوتشی کی ہندی نجوم پر قدیمی کتاب لاہور طبع قدیم
لطیف النجوم 600 روپے	نجوم پر ایک مکمل کتاب حیدر آباد دکن 1939ء
علم نجوم اور علم عجیبہ 700 روپے	قسمت کا حال، بھاگیا چکر، طلسمات، قلمی کا عکس
ستاروں کی تاثیر 600 روپے	لکی نمبرز کے کلیہ جات، علم نجوم کے ہیئت، 1355ء
سراج الزل (فارسی) 650 روپے	نجوم پر ایک نایاب کتاب، کانپور 1908ء
خلاصۃ النجوم 650 روپے	ہندی نجوم کے قاعدے، گرہ لگن پنچھترہ وغیرہ، لکھنو 1915ء
جوتش سارمالا 700 روپے	پنڈت کرشن کمار کتیلی کی نایاب تخلیق، امرتسر
جوتش کا قاعدہ 600 روپے	پنڈت رگھناتھ داس جوتشی، قواعد جوتش لاہور
پرشن آفتاب 660 روپے	پنڈت دیوی دیا جوتشی، سوال کا جواب جوتش سے لاہور مطبوعہ قدیم
انتخاب النجوم 560 روپے	ماہنامہ برائے اودھی، علم نجوم پر قابل تعریف محنت، کانپور
آسان جوتش بالتصویر 650 روپے	بخشی ویت پرکاش شبھ اور اشبھ مہورت نکالنا، کمیاب
ابجد النجوم 650 روپے	سید ابوالحسن کی ایک قابل تعریف کاوش لاہور

نام کتاب	تعارف
النجوم 800 روپے	نہ بھلانے والی تحقیق، نجوم کی مکمل تعریف، قلمی کا عکس
کوک شاستر 1200 روپے	شاستروں پر تحریر کردہ راز کا خزانہ
عملیات قریشی 650 روپے	مجرب اعمال جن کی تلاش رہتی ہے (ڈاکٹر محمد ابراہیم)
طلسمات منازل قمر 650 روپے	قمری منازل کے طلسمات محمد عبداللہ، لکھنو چوک
بیاض عملیات 800 روپے	ذاتی مجربات علامہ شاد گیلانی
علاج مقناطیس 1300 روپے	ایسی قوتوں سے علاج کرنا جو انسان کے اندر پوشیدہ ہوں
ٹیلی پیتھی (حصہ اول) 600 روپے	پوشیدہ قوتوں کو بروئے کار لاکر کامیاب زندگی گزارنا
ٹیلی پیتھی سیکھئے 1100 روپے	ارتکاز توجہ اور یکسوئی کی آسان مشقیں
گلزار تعویزات 750 روپے	تعویزات کی ایسی کتاب جس میں آسان عملیات
سورۃ مزمل سے مشکلات کا حل 650 روپے	ہر آیت سے متعلق مختصر اعمال
عملیات کلام پاک 650 روپے	قرآن پاک سے مختلف بیماریاں، مشکلات کا حل (ثناء اللہ قادری چشتی)
عملیات فاروقی 650 روپے	مولانا بشیر احمد کی نہ بھولنے والی کاوش
اعمال قرآنی 700 روپے	قرآنی اعمال پر منتخب کتاب
محفل حاضرات 1050 روپے	حاضرات کے مختلف طریقے اور ان کے قواعد

نام کتاب	تعارف
مفتاح الحاجات 1050 روپے	نادر عملیات کا خزانہ
جامع الاسرار 600 روپے	وہ اعمال جن کی اکثر تلاش رہتی ہے
تحفہ مشکل کشاء 650 روپے	روزمرہ زندگی میں پیش آنے والی مشکلات کا انکا حل
علاج بذریعہ جنتر منتر تنتر 570 روپے	پیچیدہ امراض اور مسائل کا حل، تحریر:۔ پی آر ورما
حب مربستہ راز 650 روپے	حصول محبوب کے نایاب اور مجرب اعمال
ذخیرہ سکندر ذوالقرنین 670 روپے	طلسمات اور عملیات پر قدیمی کتاب
چشمہ طلسم 700 روپے	طلسمات کا خزانہ جس کے بعد کسی اور کی ضرورت نہیں
صبح کا ستارہ 600 روپے	قرانی فالنامہ و قرآنی عملیات
عمل تسخیر نظر 700 روپے	عملیات، مسخرات خاص و عام پر مشتمل کتاب
صحیفۃ النوار 450 روپے	خاص عملیات کا مجموعہ
تاثیرات اجتماع سیارگان 750 روپے	نجوم پر تحریر ہونے والی قدیمی کتب 1921ء
عملیات مقطعات 650 روپے	حروف مقطعات پر لکھی جانے والی جامع کتاب
عزیز الخلائق 550 روپے	زندگی میں مجرب مسخرات کا ایک ہی عمل کافی ہوتا ہے یہ عملیات کا خزانہ ہے
مجربات سلیمانی 700 روپے	مشہور تعویزات و نقوش انتہائی آسان اور پُر تاثیر

غار حراء کے اس در و دیوار کے نام جہاں محمد ﷺ کی خوشبو ابھی تک رچی بسی ہے

جلد نمبر 14 نومبر 2018ء شمارہ نمبر 05

مجلس مشاورت

سید عارف معین بلے ایکسپریس نیوز چینل
عابد کمالوی ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ
(ریذیڈنٹ ایڈیٹر روزنامہ ایکسپریس)
ملک نسیم رضا ڈائریکٹر ایف آئی اے (ر)، بابا صدف انبالوی، علامہ آغا السید محمد ابوالحسن موسوی، کامران بخش شہزاد رضوان حسین شاہ، منظور علی سموں، زوار حکیم محمد ابصار حیدر، حکیم خضر عباس بیاسی، سبط حسن جعفری

بانی ادارہ روحانیات و چیف ایڈیٹر
ماہر روحانیات
شہزادہ محمد ایاز مزمل حسین شاہ سہارنپوری

سب ایڈیٹر	محمد نبیل مزمل۔ سید عابد حسین شاہ
معاونین	ملک ذوالفقار علی اعوان، سید شبیہہ الحسنین رضوی
پروف ریڈر	سید آل محمد، حنیف یاسر
سرکولیشن منیجر	رضوان علی رضوی 0300-6368746
کمپوزنگ گرافکس	محمد مصباح العالم، محمد علی قریشی۔

لیگل ایڈوائزر
محمد فیاض حسین (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)
مس شاہدہ وزیر (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)

ترتیب مضامین

مضمون	صفحہ نمبر	مضمون	صفحہ نمبر
حضور کی بچوں سے محبت	03	تسخیرات ارواح و حاضرات	22
سیرت نبویؐ، عائلی زندگی	04	یا بدوح	24
جنات کی روحانی واردات	06	نادعلی یا موکل ہر کام توکل	24
پرنس آف پنڈی	08	لاجواب استخارہ	25
نومبر میں سیارے، خوشخبریاں	09	خوابوں کی تعبیر	26
ستاروں کی چال، وظیفے کا کمال	10	مسلم بھائی چارہ	28
موتیا والی سرکار	12	طب شفاء	30
بندش کا خاتمہ	13	یرقان	31
خواص القرآن	14	یہ ماہ کیسا رہیگا.....؟	34
تثلیث زہرہ و مریخ	16	نتائج لکی نمبرا کتوبر	40
اسمائے الحسنیٰ سے زندگی بدلیں	17	روزانہ کے لکی نمبرز	41
چھومنتر	18	نومبر کے لکی نمبر	42
لوح غلبہ دشمن	20	پیغامات	45
ممرب حاضرات	21	آپکی ڈاک	46

قیمت فی شمارہ 60 روپے

بیرون ممالک سالانہ خرید اری
انڈیا، ترکی، کویت، ایران، سری لنکا 3000 روپے
یورپ، فارایسٹ 4000 روپے
امریکہ، کینڈا، آسٹریلیا 5000 روپے

سالانہ ممبر شپ 720/ روپے مع ڈاک خرچ
آفس
ادارہ روحانیات
نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان کینٹ
0300-6351192
0333-6158193

ایڈیٹر، پبلشر محمد ایاز مزمل حسین شاہ نے منزل آرٹ پریس بوہڑ گیٹ، ملتان سے چھپوا کر مکتبہ روحانیہ نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان سے جاری کیا

ملتان مابہ جنت اعلیٰ برابر است　　آھستہ پابنہ کہ ملک سجدہ می کنند

(ترجمہ) ملتان اور جنت کی زمین دونوں برابر ہیں یہاں پر قدم آہستہ رکھو کہ فرشتوں نے اس زمین پر سجدے کئے ہیں۔

اللہ رب العزت نے موجودہ وقت میں انسانوں کے اعمال کی خرابی پر جادو اور جنات کو عذاب کی شکل میں ظاہر فرمایا ہے۔ اس کی مدافعت صرف تعویزات وغیرہ سے نہیں کی جاسکتی جب تک اعمال کی درستی کی طرف توجہ نہ کی جائے۔ (ابو محمد مصباح العلم)

☆ کلمہ استغفار "اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّی مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ (ترجمہ) توبہ کرتا ہوں اللہ سے اپنے تمام گناہوں کی اور وہ توبہ قبول کرنے والا ہے۔)

☆ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِہٖ مُحَمد بِعَدَدِ الْمُزَّمِّلِ وَالْخَصَائِص۔

استغفار اور درود پاک کے علاوہ کوئی بھی وظیفہ بلا اجازت نہ پڑھیں۔

فضائل سورۃ مزمل شریف

حدیث پاک :۔ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ جو کوئی مصیبت کی حالت میں سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس سے اس کی مصیبت کو دور فرمادے گا۔

حدیث پاک :۔ اسی طرح ایک اور موقع پر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں خوش رکھے گا اور اس کی غربت و مفلسی کو دور کردے گا۔ جس مشکل کیلئے پڑھے گا وہ مشکل آسان ہوجائے گی۔

حدیث پاک :۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم نماز فجر کے بعد مسجد میں تشریف فرما تھے اور صحابہ کرامؓ آپ کے گرد جمع تھے کہ حضرت جبرائیلؑ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہر چار مقرب فرشتوں کو گواہ کر کے فرماتا ہے کہ جو سورۃ مزمل پڑھے گا اس کو عذاب و عقوبت نہ ہوگا اور اس کے گناہ معاف کئے جائینگے اور جہنم کی آگ اس پر حرام ہوگی۔ روایت حضرت شیخ فرید الدین گنج شکرؒ سے منقول ہے کہ:

اگر جو شخص قبر پر ایک بار سورۃ مزمل پڑھے گا تو 300 برس تک صاحب قبر عذاب قبر سے دور ہوگا اور اگر 3 بار کوئی شخص صاحب قبر کے لئے سورۃ مزمل پڑھے گا تو قیامت تک عذاب قبر اس صاحب قبر پر نہ ہوگا۔

آنحضرت نے فرمایا جو شخص سورۃ مزمل کا ورد جاری رکھے گا اس کو دنیا و آخرت میں رنج نہ ہوگا۔

حدیث مبارکہ

احکام نقوش و الواح

حضرت ابی خزامہؓ نے اپنے والد محترم سے روایت کی کہ انہوں نے فرمایا "میں نے حضرت محمد ﷺ سے دریافت کیا کہ یہ دعا اور تعویز (نقوش اور الواح) جسے ہم اپنی بیماریوں کے سلسلے میں کرتے ہیں اور یہ دوائیں جو ہم اپنے مرض کو دور کرنے کیلئے کرتے ہیں اور یہ احتیاطی تدابیر (وظائف، نقوش اور الواح) جو ہم مشکلوں اور دکھوں سے بچنے کیلئے تیار کرتے ہیں۔ کیا یہ اللہ کی تقدیر کو ٹال سکتی ہیں؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! یہ سب چیزیں بھی تو اللہ کی تقدیر میں سے ہیں۔

ربیع الاول، زکات سورۃ مزمل

قارئین تحفہ روحانیات! چاند نظر آتے ہی دو رکعت نماز استغفار ادا کریں۔ اس کے بعد دو رکعت نماز نفل ہدیہ نبی کریم اور پھر آخر میں دو رکعت نماز نفل برائے تصرف کل روحانیت سورۃ مزمل ادا کریں۔ اب نو چندا اتوار وقت نماز تہجد 92 بار درود مزمل کا ورد کریں۔ 41 بار سورۃ مزمل پڑھیں یہ ورد 12 ربیع الول تک روزانہ بوقت تہجد ادا کریں۔ چاہے شمار میں جتنے بھی دن آئیں اس زکات میں دنوں کی گنتی کا شمار نہیں کبھی تو زکات میں تین دن آجاتے ہیں اور کبھی 7 یا 8 دن بھی مل جاتے ہیں۔ بعد ادائیگی زکات کے سورۃ مزمل روزانہ 3 بار اول آخر درود مزمل 3 بار پڑھیں۔

کسی بھی شہر میں رسالہ نہ ملنے کی صورت میں اس نمبر پر رابطہ کریں۔ 0300-6368746

ادارہ روحانیات

اخلاق نبوی ﷺ حضور ﷺ کی بچوں سے محبت

تحریر:۔قاری اشرف سعیدی امام مسجد حافظ عبدالشکور ملتان کینٹ

تعلیم یافتہ بچہ:۔ حضور پاک ﷺ کے عظیم شاگرد سیدنا عبداللہ ابن مسعودؓ اپنے بچپن میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ پیش آنے والی ایک ملاقات کا تذکرہ یوں فرماتے ہیں کہ میں مکہ مکرمہ کے ایک مشہور کافر عقبہ بن ابھی معیط کی بکریاں چرایا کرتا تھا ایک روز آقائے نامدار محمد رسول ﷺ اور ان کے ہمسفر سیدنا صدیق اکبرؓ میرے پاس سے گزرے اور فرمایا: اے بیٹے! کچھ دودھ ہے پینے کے لئے؟ میں نے جواب دیا کہ دودھ تو ہے لیکن یہ ساری بکریاں میرے پاس امانت ہیں لہذا میں دودھ پلا نہیں سکتا۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا! کوئی ایسی بکری ہے جو دودھ نہ دیتی ہو وہ ہمیں دے دو! میں ایک ایسی بکری لے کر آیا اور آپ ﷺ کی خدمت میں پیش کر دی۔ آپ ﷺ نے کچھ پڑھا اور اس بکری کے تھنوں پر ہاتھ پھیرا اور اس کے تھنوں میں دودھ بھر آیا آپ ﷺ نے دوہا اور سیدنا صدیق اکبرؓ کو پلایا خود پیا اور حضرت ابن مسعود کو بھی پلایا۔ پھر کچھ پڑھا اور تھنوں پر ہاتھ پھیرا وہ دوبارہ پہلے والی حالت پر آ گئے یعنی سکڑ گئے۔

حضرت عبداللہ بن ابی مسعودؓ نے دل میں آپ ﷺ کے عظمت بھر گئی اور عرض کیا یہ جو کچھ آپ پڑھتے ہیں مجھے بھی سمجھا دیجئے۔ اس پر آپ ﷺ خوش ہوئے میرے سر پر ہاتھ پھیرا اور دعا دی اور میری تعریف فرمائی **انک غلام معلم** تم بڑے سمجھدار بچے ہو۔ (اس کا لفظی ترجمہ یہ ہے کہ تم بڑے تعلیم یافتہ بچہ ہو) (مسند احمد)

اس کے بعد جلد ہی آغوش اسلام میں آ گئے اور دامن نبوت سے وابستہ ہو گئے اور سیدنا عبداللہ بن مسعود بن گئے رضی اللہ تعالی عنہ۔

ایک بچے کی وفات پر آپ کے آنسو:۔

حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک قبیلہ میں تشریف فرما تھے میں بھی آپ ﷺ کے ساتھ تھا۔

ایک انصاری عورت نے آپ کو پیغام بھجوایا کہ میرا لڑکا قریب المرگ ہے۔ آپ تشریف لے آئیں۔ آپ ﷺ اپنے مبارک ساتھیوں سمیت تشریف لے گئے اور اس لڑکے کو اپنی گود میں لٹایا فوراً بچے کی جان پرواز کر گئی اور رحمتہ للعالمین ﷺ کی آنکھوں سے شفقت کے آنسو بہہ پڑے۔

اس انصاری عورت نے کہا! اللہ تعالی نے اپنے بندوں سے امانت لے لی اور اسی کیلئے ہے جو کچھ باقی ہے اور ہر کام کا ایک وقت طے ہے۔ اس لئے میں صبر کروں گی اور ثواب پاؤں گی ہمارے آقا ﷺ نے فرمایا! جنت میں ایک بلند درجہ ہے جو نماز سے حاصل ہوتا ہے۔ نہ روزہ سے نہ دوسری عبادتوں سے، پوچھا گیا وہ کس چیز سے حاصل ہوتا ہے۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب کوئی مصیبت آ جائے تو اس پر صبر کرنے سے۔

کھیلنے والے تین بچوں سے محبت:۔ ایک جگہ سے حضور ﷺ کا گزرا ہوا وہاں تین بچے کھیل رہے تھے آپ ﷺ نے ایک بچے کی طرف اشارہ کر کے فرمایا۔

لاؤ اس بچے کو میں اٹھاؤں۔ پھر آپ ﷺ نے اس بچے کو اٹھا کر اپنے آگے سواری پر بٹھا لیا پھر دوسرے بچے کو اٹھا کر سواری پر اپنے پیچھے بٹھا لیا اب سواری پر بٹھانے کی جگہ باقی نہ رہی تو آپ ﷺ نے اس تیسرے بچے کے سر پر ہاتھ پھیرا اور اسے دُعا دی پھر ہاتھ پھیرا اور دُعا دی پھر ہاتھ پھیرا اور دعا دی۔ (مسند احمد) یہ تیسرا بچہ حضرت جعفر شہیدؓ کا بیٹا تھا۔

بچوں کا نام محمد رکھنے کی ترغیب:۔ حضرت جابر بن عبداللہؓ فرماتے ہیں کہ ہم میں سے ایک آدمی کے ہاں بیٹا ہوا تو اس نے اس کا نام محمد رکھا۔ لوگوں کو علم ہوا تو اس کے پاس آئے اور کہا تم نے اپنے بیٹے کا نام محمد ﷺ کے نام پر کیوں رکھا؟ ہم تجھے نہیں چھوڑیں گے۔ چلو ہمارے آقا حضور اکرم ﷺ کے پاس، وہاں چل کو پوچھتے ہیں کہ یہ نام رکھنا کیسا ہے؟ اس آدمی کے اپنے بچے کو اپنی کمر پر اٹھا لیا اور ان کے ساتھ حضور ﷺ کے پاس آ کر پوچھا! حضور! میں نے اپنے بیٹے کا نام محمد رکھا ہے، اور یہ مجھے اس سے منع کر رہے ہیں تو حضور ﷺ نے وضاحت کر دی! کہ میرا نام رکھ لیا کرو اور میری کنیت نہ رکھا کرو۔ میں قاسم ہوں تمہارے درمیان مال تقسیم کرتا ہوں۔ (مسلم شریف)۔

حضرت جابر بن عبداللہؓ سے کئی احادیث مروی ہیں جن سے یہ پتہ چلتا ہے کہ حضور ﷺ سے بچوں کے لئے اپنا نام محمد رکھنے کی صراحتاً اجازت عطا فرمائی ہے اور محدثین نے لکھا ہے کہ یہ نام بڑی برکتوں والا ہے جس بچے کا یہ نام رکھا جائے وہ بڑی صفات اور خوبیوں والا ہوتا ہے۔ نیز بہت سے ائمہ محدثین کا نام بھی محمد اور احمد حدیث کی کتابوں میں ملتا ہے۔

سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم اور عائلی زندگی

تحریر:۔ ملک ذوالفقار علی اعوان (اسلام آباد)

سیدنا ومولانا حضرت محمد مصطفیٰ، احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت پیر کے روز صبح صادق کے وقت ربیع الاول، عام الفیل۔ بمطابق اپریل 571ء میں ہوئی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت سے چند مہینے پہلے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے والدِ محترم ''عبداللہ'' کی وفات ہوگئی، آپ کے دادا جان ''عبدالمطلب'' کی طرف سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسمِ گرامی ''محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب'' ہے، اور آپ کی والدہ محترمہ ''آمنہ کی طرف سے آپ کا نام ''احمد'' تجویز ہوا۔ ابولہب کی آزاد کردہ باندی ''ثویبہ رضی اللہ عنہا'' کے چند دن دودھ پلانے کے بعد شرفاء قریش کی عادت کے مطابق آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ''حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا'' کی رضاعت میں دے کر مضافاتِ مکہ میں بھیج دیا، اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم آٹھ دن کے تھے۔

سید الکونین خاتم الانبیا حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش سے لے کر وفات تک، بچپن، جوانی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا بڑھاپا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال وافعال آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عبادت، آپ کا معاشرہ، آپ کے عقائد، آپ کے اخلاق، آپ کا رہن سہن غرض یہ کہ زندگی کے ہر موڑ اور ہر گوشہ کا نام سیرت ہے۔ عقل وفہم اور دینی شعور رکھنے والے کسی بھی مسلمان پر یہ بات بھی ڈھکی چھپی نہیں کہ انسانی زندگی کے لیے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی عالی ذات میں بہترین نمونہ ہے قرآن کریم میں اللہ رب العزت نے ارشاد فرمایا۔

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ (الاحزاب ۱۲)

ترجمہ: ''اللہ کے رسول میں تمہارے لیے بہترین نمونہ ہے۔''

رسول اللہ کی حیات مبارکہ میں ان نقوش کی تلاش وجستجو، جو شب وروز کے لمحات میں بکھرے ہوئے ہیں اور جن کے اتباع کے بغیر کوئی شخص حقیقی فوز وفلاح سے ہمکنار نہیں ہوسکتا۔ پیغمبر اسلام کی سیرت طیبہ کا ایک اعجازی پہلو یہ بھی ہے کہ آپ کی حیات مبارکہ کا کوئی گوشہ تشنہ تحقیق نہیں، اس اعتبار سے تمام انبیاء سابقین میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم ممتاز اور منفرد نظر آتے ہیں یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خانگی اور عائلی زندگی کے چھوٹے بڑے واقعات تک کتابوں میں درج ہیں۔

کسی بھی انسان کے اخلاق کی سب سے بڑی آزمائش کی جگہ خود اس کا گھر ہے گھر کے لوگوں سے صبح وشام اور شب وروز کا سابقہ پڑتا ہے گھر کے ماحول میں انسان اپنا ''حقیقی مزاج'' چھپا نہیں سکتا، اسی لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''تم میں سب سے بہتر اخلاق اس کے ہیں جو اپنے اہل وعیال کے ساتھ بہتر اخلاق رکھتا ہو۔''

پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کی خارجی زندگی کی ذمہ داریاں اتنی متنوع اور وسیع تر تھیں کہ ان کے ساتھ اپنے اہل خانہ اور افراد خاندان کے لیے وقت نکالنا اور ان کے حقوق کی رعایت کرنا، آج کے زمانہ کو دیکھتے ہوئے۔ ایک مشکل ترین بات تھی لیکن حیات مبارکہ کے مطالعہ سے یہ بات کھل کر سامنے آتی ہے کہ ازواج مطہرات ہوں یا اولاد، خدام ہوں یا اقرباء متعلقین ہوں یا احباب، آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہر ایک کے حقوق کی رعایت فرماتے اور زندگی کے کسی بھی موڑ پر آپ اس سے غافل نظر نہیں آتے۔ ہر آن آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کے حقوق کی فکر دامن گیر رہتی، ایسا بھی نہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے ماتحت افراد کے لیے تند خو اور سخت گیر سرپرست کی حیثیت رکھتے ہوں بلکہ بیویوں کے حق میں ایک محبت کرنے والے شوہر، اولاد کے حق میں ایک شفیق ومہربان باپ اور خدام کے حق میں ایک فراخ چشم اور حلیم وبردبار آقا کی صورت میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تصویر ابھرتی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: ''تم میں سب سے بہتر وہ شخص ہے جو اپنے اہل (ازواج) کے لیے بہتر ہو اور میں اپنے اہل کے لیے تم سب سے زیادہ بہتر ہوں۔'' ایک مرتبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کامل ایمان والے وہ لوگ ہیں جو اخلاق کے اعتبار سے اچھے ہوں اور تم میں سب سے اچھے وہ حضرات ہیں جو اپنی بیویوں کے حق میں اچھے ہوں۔

پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم نے جملہ گیارہ شادیاں کیں اور بیک وقت نو بیویاں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول تھا کہ جب مدینہ میں ہوتے تو عصر کی نماز کے بعد تمام ازواج کے پاس جاتے اور ہر ایک کی ضرورت معلوم کرتے اور اس کی تکمیل فرماتے، ازواج کے مابین انصاف کا خیال اور اس سلسلہ میں عند اللہ جواب دہی کا احساس اتنا شدید تھا کہ اللہ رب العزت سے دعا کرتے تھے۔ آپ صلی اللہ

علیہ وسلم کا معمول تھا کہ جب سفر پر روانہ ہوتے تو ازواج کے درمیان قرعہ اندازی کرتے جس کا نام قرعہ میں نکل آتا ان کو ساتھ لے جاتے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بچوں سے بہت محبت تھی، راستہ میں بچے کھیلتے ہوئے مل جاتے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کو سلام کرتے۔ گھر میں بچوں کے ساتھ خوش مزاجی سے پیش آتے، ان کو کاندھے پر بٹھاتے، گود میں لیتے، پیار کرتے، چومتے۔ معلوم ہوا کہ مزاج میں اتنی سختی نہ ہونی چاہیے کہ بچے دیکھتے ہی سہم جائیں اور چھپنے لگیں۔ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں ایک مرتبہ کسی ضرورت سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات ہوئی۔ میں نے محسوس کیا آپ کچھ اٹھائے ہوئے ہیں میں نے پوچھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تھیلی کھولی، اس میں حضرت حسن رضی اللہ عنہ اور حسین رضی اللہ عنہ تھے آپ ﷺ نے فرمایا یہ دونوں میرے بیٹے ہیں اور میری بیٹی کے بیٹے ہیں اے اللہ! ان دونوں سے محبت رکھتا ہوں تو بھی ان دونوں سے محبت فرما اور اس شخص سے بھی جو ان دونوں سے محبت رکھے۔

آپ ﷺ کی عائلی زندگی بھی اسلام کے اس مزاج و مذاق کی آئینہ دار ہے ایک مرتبہ مسجد نبوی میں عید الفطر کے موقع سے چند حبشی نوجوان نیزوں سے کھیل رہے تھے، اُم المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں میں نے دیکھنے کی خواہش کی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم آگے کھڑے ہوگئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے مونڈھے اور گردن کے درمیان سے میں کھیل دیکھتی رہی۔ ایک مرتبہ دوڑ کا مقابلہ ہوا، اُم المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا دُبلی پتلی تھیں، آگے بڑھ گئیں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم پیچھے رہ گئے۔ پھر کچھ زمانے کے بعد یہی مقابلہ ہوا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سبقت حاصل کی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ اس کا بدلہ ہوگیا۔

غلام و خدام کے ساتھ حسن سلوک

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے آقاؤں سے خطاب کرتے ہوئے کہا: لوگو! جو خود کھاؤ، وہی ان کو بھی کھلاؤ، جیسا کپڑا خود استعمال کرو، وہی کپڑا ان کے لیے بھی تیار کرو، وہ تمہارے بھائی ہیں غلام کو بھائی قرار دے کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس دیوار کو منہدم فرمایا جو حاکم اور محکوم کے درمیان کھڑی کردی گئی تھی۔ خادموں کے ساتھ شب و روز اور ہر وقت کا ساتھ ہوتا ہے کوتاہی، لغزش، بھول چوک انسانی فطرت ہے لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے خادم خاص حضرت اَنس بن مالک کا بیان ہے کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دس سال خدمت کی، لیکن کبھی اُف تک آپ صلی اللہ علیہ وسلم نہیں کہا۔ اور نہ کبھی یہ کہا کہ تم نے یہ کام کیوں کیا اور جس کام کو میں نہیں کرتا آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ نہیں فرماتے کہ تو نے یہ کام کیوں نہیں کیا۔ دس سال کی رفاقت کے باوجود آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی ''اُف'' تک نہیں کہا، یہ تحمل و بردباری اور شفقت کی ایک مثال ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول مبارک تھا کہ گھر میں داخل ہوتے تو آپ پہلے سلام کرتے اور ایسا انداز ہوتا کہ سونے والے بیدار نہ ہوں اور جو بیدار ہوں سلام کی آواز سن لیں اگر گھر میں کوئی چھوٹا موٹا کام ہوتا تو خود انجام دے لیتے۔ حضرت اَسود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے اُم المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گھر میں آکر کیا کرتے تھے؟ انھوں نے فرمایا: اپنے گھر والوں کی خدمت یعنی گھریلو زندگی میں حصہ لیتے تھے اور گھر کا کام بھی کرتے تھے مثلاً بکری کا دودھ دوہ لینا، اپنے نعلین مبارک سی لینا۔ (زاد المعاد) گھر میں جو کھانا تیار ہوتا حاضر کردیا جاتا آپ کی مرغوب اور پسندیدہ شئی ہوتی تو تناول فرماتے ورنہ خاموشی اختیار کرتے، لیکن کھانے میں کوئی عیب نہیں لگاتے، دن کے کھانے کے بعد تھوڑی دیر قیلولہ کرتے، رات میں عشاء کی نماز کے بعد غیر ضروری جاگنے کو بالکل ناپسند کرتے، آپ کا بستر بالکل معمولی ہوتا بسا اوقات چمڑے کا بستر ہوتا اور اس میں کھجور کی چھال بھری ہوتی اور کبھی چمڑا ہوتا آپ صلی اللہ علیہ وسلم اسی پر آرام فرماتے۔

ایک کامل اور مکمل انسانی زندگی کی بنیادی شناخت یہ ہے کہ دنیا میں چھوٹے بڑے، حاکم و محکوم، دوست و دشمن، اپنے اور پرائے، امیر و غریب، ہر سطح اور ہر طبقہ کے لوگوں سے جہاں اس کے تعلقات روشنی میں ہوں اور لوگوں کے لیے مشعل راہ کا درجہ رکھتے ہوں، وہیں اپنی ازواج، خدام، اولاد، متعلقین اور اقرباء و رشتہ داروں میں بھی وہ محبوب و مقبول ہوں اور ان کے ساتھ تعلق و سلوک کے باب میں بھی اس کی زندگی اسوہ اور مثال ہو۔ اس طور پر دیکھا جائے تو پیغمبر اسلام کی زندگی اپنی مثال آپ ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عائلی زندگی کا جو نقشہ بنایا اور خود اس پر عمل کر کے دکھایا، حقیقت یہ ہے کہ وہ عائلی اور ازدواجی زندگی کے لیے بہترین نمونہ اور ہر طرح کی بے سکونی کا علاج اور اکسیر ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ کے آئینہ میں ہم اپنی گھریلو زندگی کی صحیح صورت گری کر سکتے ہیں۔

☆☆☆

قسط 50

جنات کی روحانی واردات

تحریر:۔ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ

کالے وسفلی علم کے جادوگروں کے بھیانک انجام' جنات بھوت' پریاں چڑیل' اولیاء اللہ اور بزرگان دین' شہداء' کشف القبور' موت اور زندگی کے سچے واقعات

محترم دوستوں گزشتہ ماہ جنات کی واردات کے سلسلہ میں ایک مشاہدہ آپ کی فرمائش پر پیش کیا جس کا مختصر بیان اس طرح سے ہے کہ مکتبہ روحانیات ابھی قائم ہوئے کچھ عرصہ ہوا تھا کہ قریب فیکٹری سے ایک متاثرہ شخص لایا گیا جس کے جسم کا نچلہ حصہ جنات نے پکڑا ہوا تھا جنات سے رابطہ کرنے پر پتہ چلا کہ جس کمرہ میں اس فیکٹری کے ملازمین غسل کے بعد کپڑے تبدیل کرتے ہیں اُس کمرہ میں جنات کا خاندان موجود ہے۔ متاثرہ شخص پہلے دم کرنے پر ٹھیک ہو گیا مگر وہ یہ نہیں مان رہا تھا کہ اُسے جنات نے پکڑا۔ دم کرنے سے اُسے جب افاقہ ہوا تو کہنے لگا کہ میرا تو بلڈ پریشر لو ہو گیا تھا۔ نہ کہ جنات نے پکڑا، مگر دوسرے روز اُس کمرہ میں کپڑے تبدیل نہ کرنے کا کہا، اس کے باوجود اُس نے پھر اُدھر کپڑے تبدیل کئے تو اس بار ان جنات نے بڑی شدت کے ساتھ ظاہر ہو کر اُس کے جسم کے نچلے حصہ کو دبوچ لیا۔ وہ شخص اپنی فیکٹری کے مالک کے ساتھ پھر آیا اس بار جنات کے سردار سے معافی مانگ کر اُس کے جسم کے نچلے حصے کو آزاد کروایا گیا اور سختی سے ہدایت کی گئی کہ اگر اس شخص نے دوبارہ سے یہ غلطی کی تو معافی نہ ملے گی ابھی اس واقعہ کو دو ہفتہ بھی نہ گزرے تھے کہ فیکٹری کے مالک ملک علیم صاحب بہت گھبرائے ہوئے پسینہ میں شرابور مکتبہ روحانیات میں داخل ہوئے۔ (اب آگے)

ملک صاحب کی حالت قابل دید تھی کرسی پر بیٹھنے کیلئے کہا گیا تو اُنہوں نے گھبراہٹ میں نہ بیٹھنے کا اشارہ کیا اور کہنے لگے کے آج صبح جب میں فیکٹری آیا تو بڑا عجیب واقعہ ہوا دیکھتا ہوں کہ فیکٹری کا سامان ادھر سے اُدھر ہوا پڑا ہے میرا کوئی نقصان تو نہیں ہوا۔ مگر سخت قسم کی گوشت کی بدبو آ رہی ہے ایک ورکر جو کہ مین کاریگر تھا اُس نے دیگر ملازمین کو ساتھ لگا کر سامان کو ترتیب دیا وہ سیڑھیوں پر جانے لگا تو چوتھی سیڑھی سے اُس کا پاؤں پھسلا اور اسکی ٹانگ ٹوٹ گئی ملازمین اسے اُٹھا کر ہسپتال لے کر گئے ہوئے ہیں۔ اسی فیکٹری میں موجود اپنے دفتر میں جانے کیلئے بڑھا تو اوپر سے 3،2 پلاسٹک کے نیلے ڈرم آ کر گرے ان میں ہم اپنا مال رکھتے تھے مگر ابھی یہ ڈرم خالی تھے، بالائی منزل پر رکھے ہوئے تھے میں اُلٹے پیر وہاں سے بھاگا اور آپکی خدمت میں حاضر ہو گیا۔

ملک صاحب کا سانس بری طرح پھول رہا تھا میں خود کھڑے ہو کر اُن کے قریب گیا دونوں کاندھوں پر ہاتھ رکھا اور کرسی پر بیٹھنے کیلئے کہا ٹھنڈا پانی منگوا کر پینے کیلئے دیا۔ دو، چار گھونٹ پینے کے بعد کہنے لگے کہ حضرت میں تو بہت ڈر گیا ہوں۔ رات بھر خوفناک خواب آتے رہے۔ سونے لگتا تو انتہائی خوفناک چہرے آتے پھر یوں لگتا کہ کوئی چارپائی زور زور سے ہلا رہا ہو۔ میں نے اُس کو اپنا وہم سمجھا آیت الکرسی پڑھتے ہوئے سو گیا نہ جانے کب نیند آئی صبح اُٹھا تو سب کچھ حسب معمول تھا تیار ہو کر اب جب فیکٹری آیا تو یہ واقعہ ہو گیا جو میں نے آپ سے عرض کیا۔

پریشانی کی کوئی بات نہیں ملک صاحب اللہ سب کچھ ٹھیک کر دیگا آپ یہاں میرے پاس کچھ دیر بیٹھیں ان شاء اللہ کچھ نہیں ہوگا۔

لوح مزمل جو کہ پہلے سے تیار تھی اور خاص وقت میں ورد کی گئی تھی ان کو پاس رکھنے کیلئے دی کہ آپ نے اپنی جیب سے اس لوح کو نہیں نکالنا ہے صرف ناپاکی کی حالت میں آپ اپنے تکیہ کے نیچے رکھیں گے اور بعد غسل پہن لیں گے۔ لوح مزمل پاس رکھنے کے بعد ایسا محسوس ہوا کہ جیسے اُنکی ذہنی اور جسمانی حالت مکمل طور پر بہتر ہو گئی ہے۔

سورۃ مزمل 11 بار پانی پر اس طرح دم کیا کہ پہلے تعوذ پھر تکبیر پھر سورۃ مزمل سورۃ الفلق اور سورۃ الناس یہ ایک بار ہوا اس طرح 11 بار ورد کیا ملک صاحب کے ماتھے پر پھونکا اور پانی پر دم کر کے پھر اُنکو پینے کیلئے دیا گیا جونہی انہوں نے وہ پانی حلق سے نیچے اتارا حالت بہتر ہو گئی۔ اب اُنکے الفاظوں میں قوت اور لہجہ میں اعتماد تھا خوف گھبراہٹ بالکل ختم ہو چکا تھا۔

حضرت کچھ کریں! ہماری مکمل طور پر اس مخلوق سے جان چھوٹ جائے۔ پہلے جہاں پر میری فیکٹری تھی ہمارے مالی حالات بھی اچھے تھے مگر جب سے یہاں پر شفٹ ہوئے ہیں حالات دن بہ دن خراب ہوتے جا رہے ہیں۔

ملک علیم صاحب۔۔۔ ان شاء اللہ سب کچھ بہتر ہو جائیگا اللہ تعالیٰ سب کچھ ٹھیک کر دیگا پہلے اس مزدور کی خبر لیں جو کہ گرا تھا۔

جی بہتر، میں آپکو کچھ دیر میں مطلع کرتا ہوں لیکن آپ اگر فیکٹری کا ایک چکر لگا لیں تو ہماری خوش قسمتی ہوگی اور آپ اپنی روحانی بصارت سے سب

کچھ مشاہدہ بھی کرلیں گے کہ آخر وجہ کیا ہے ٹھیک ہے آپ فکر مند نہ ہوں میں ان شاء اللہ دوپہر کو آؤنگا۔

جی حضرت بالکل،،،قریب میں ہی فیکٹری ہے بلکہ آپ کو لینے میں خود آؤنگا یہ کہہ کر اُس نے اجازت چاہی اور چلا گیا۔

مراقبہ میں دیکھا گیا کہ جنات کا خاندان انتہائی غصہ کی حالت میں ہے اور کوئی بڑا نقصان کرنے والا ہے ان کے سردار کو بلا کر پوچھا گیا تو انہوں نے کہا کہ ہم نیک جنات میں سے ہیں کل ان کے مزدوروں نے اُسی کمرہ میں بیٹھ کر شور اور ہنگامہ کیا پھر اونچی آواز میں گانے چلانے شروع کر دیئے ایک دوسرے سے مذاق کرتے رہے۔ جو کہ ہمیں سخت ناگوار گزرا۔ جس کو گرا کر ٹانگ توڑی اُس نے غسل خانہ میں کھڑے ہو کر پیشاب کیا استنجا نہ کیا اور پھر اسی حالت میں گھومتا رہا۔ اس کو سزا ہم نے دی۔

مراقبہ میں اس سردار کو کہا گیا کہ اب مزید نقصان نہ کرنا ورنہ تمہیں اس کے بھیانک نتائج بھگتنا ہونگے۔ ہمارے بزرگوں نے جنات بارے یہی بتایا ہے کہ جنات جتنی مرضی بھی قسمیں اُٹھالیں اُنکی باتوں پر کم ہی یقین کیا جائے لیکن اس سردار جن نے پکا وعدہ کر کے کہا کہ ٹھیک ہے ہماری طرف سے کوئی نقصان نہ کیا جائیگا۔

دوپہر کا وقت تھا کہ ملک علیم صاحب تشریف لے آئے کہ میں اُن کے ساتھ فیکٹری جاؤں کچھ دیر بعد ہم فیکٹری میں موجود تھے یہ ایک پرانا مکان تھا جس میں تقریباً 6 سے 7 کمرے تھے اور اسے فیکٹری کی شکل دے دی گئی۔ جس کمرہ میں یہ تمام واقعات ہو رہے تھے وہ بالائی منزل کا تھا۔

جائے نماز بچھا کر 7 چکر گہرے سانس کے لیے اور پھر سورۃ مزمل پڑھتے ہوئے مراقبہ کی حالت میں چلا گیا۔ چند لمحوں بعد نیلے اور سرخ رنگ کی روشنیاں جمع ہوگئیں۔ ان روشنیوں کا بظاہر کوئی وجود نہ تھا صرف آواز کا احساس ہوتا۔ سلام کیا گیا تو سلام کا جواب ملا۔ ان تمام روشنیوں سے جنات کا مشاہدہ ہوتا ہے۔

اُن جنات سے کہا گیا کہ اب یہ مکان چھوڑ کر کسی دوسری جگہ چلے جائیں کیونکہ اب یہاں انسانی آبادی ہو چکی ہے لیکن اُن کے سردار نے بحث کی کہ عرصہ 20 سال سے یہ مکان بند تھا ہم نے یہاں پر ڈیرہ ڈال لیا ہے اب ہم یہاں سے جانے والے نہیں۔' ان کو جواب دیا! لیکن اب یہاں پر تو انسان آباد ہو چکے ہیں آپ کو تو یہاں سے جانا ہی پڑیگا۔

یہ بات سنتے ہی اُن جنات کا لہجہ سخت ہوگیا کہ آپ جو کچھ کرلیں ہم نے یہاں سے نہیں جانا اگر زیادہ ہم کو تنگ کیا تو ہم جانی اور مالی نقصان بھی کر دینگے۔

بہت خوفناک ماحول پیدا ہوا سب لوگ کمرہ سے باہر تھے کہ اچانک کمرہ سے سخت قسم کی بدبو آنا شروع ہوگئی یہ بات تو واضح ہوگئی کہ یہ جنات شریف نہ تھے مسلسل جھوٹ بول رہے تھے کہ ہم نیک اور مسلم جنات ہیں اور یہ لوگ ہمیں تنگ کیے جا رہے ہیں۔

اسی وقت عہد کرلیا کہ انکو یہاں سے بھگا کر ہی دم لیا جائیگا۔

حسب معمول رات کو مراقبہ کیا گیا جس میں اللہ تعالیٰ سے مدد طلب کی۔ مراقبہ میں بتایا گیا کہ اگلے روز اُسی کمرہ میں باآواز 21 بار سورۃ مزمل پڑھی جائے پانی پر دم کر کے اس پانی کے چھینٹے پورے گھر میں مارے جائیں اس جگہ پر سورۃ مزمل کے فریم لگائے جائیں تاکہ ان جنات سے مکمل طور پر نجات ملے۔

اگلے روز صبح 9 یا 10 بجے کا وقت ہوگا کہ ملک صاحب پھر گھبرائی ہوئی حالت میں آئے حضرت میرا تو برا حال ہوگیا ہے آپ ابھی میرے ساتھ تشریف لائیں۔ پوچھا گیا کہ کیا ہوا؟

کہنے لگے کہ صبح جب فیکٹری کھولی تو پچھلے ایک کمرہ کی چھت مکمل گر چکی تھی جس سے کوئی جانی مالی نقصان نہیں ہوا۔ فیکٹری کا کچھ بے کار سامان تھا جس وجہ سے بچت ہوگئی اگر یہی حادثہ دن کے وقت ہوتا تو ہوسکتا ہے کہ کوئی جانی نقصان بھی ہو جاتا۔ اُسی وقت ملک صاحب کے ساتھ چل دیئے۔

فیکٹری میں داخل ہوتے ہی روحانی مشاہدہ ہوگیا کہ جنات نے اپنی بھرپور کاروائی کر دی ہے جس کمرہ میں یہ جناتی خاندان آباد تھا 7 بار باآواز تعوذ پڑھا 2 رکعت نماز نفل حاجت ادا کی جس کی پہلی رکعت میں سورۃ الفلق اور سورۃ الناس تھی سجدہ میں اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ باری تعالیٰ تو سب سے بڑا طاقت ور ہے مجھے ان شریر جنات پر غلبہ عطا فرما۔ سجدہ سے اُٹھتے ہی باآواز تکبیر 5 بار پڑھی گئی سورۃ مزمل کا ورد 21 بار کی نیت سے شروع کیا گیا۔ جب بھی آیت نمبر 5 پر آتے تو اُس کی تکرار 5 بار کی جاتی۔

(انا سنلقی علیك قولا ثقیلا)

پھر اچانک کمرہ میں دھواں اُٹھنا شروع ہوا خوف اور دہشت میں اضافہ ہوگیا۔ کمرہ سے باہر موجود ایک مزدور اچانک بیہوش ہوگیا۔ دیواروں پر پانی چھڑکا تو یوں لگا کہ بہت ہلچل ہوگئی، اسی لمحہ بیہوش شخص ہوش میں آیا اور چلا کر کہنے لگا کہ یہ سب کچھ تم اچھا نہیں کر رہے ہو میں تم کو بہت بڑا نقصان دونگا میں فی الوقت اپنے خاندان کو لے کر یہاں سے جا رہا ہوں اور پھر ضرور لوٹونگا اور تم سے مقابلہ کرونگا۔ یہ کہنے کے بعد وہ مزدور دوبارہ سے بیہوش ہوگیا ماحول سکون میں آگیا ملک صاحب کو ہدایت کی کہ ہر کمرہ میں سورۃ مزمل کا فریم لگائیں۔ مکان کو صاف ستھرا کریں روزانہ قرآن پاک کی تلاوت کریں اور خود درود پاک کا ورد کیا کریں۔ (باقی آئندہ)

نجوم کے آئینے میں

پرنس آف پنڈی

تحریر:۔ آسٹرولوجسٹ علامہ عتیق الرحمن ضیاء (کراچی)

محترم قارئین۔السلام علیکم! سابقہ ماہ ہم نے وعدہ کیا تھا کے پرنس آف پنڈی جناب محترم شیخ رشید صاحب کے زائچہ پر بات ہوگی تو آیئے آج کی نشست میں شیخ صاحب کے برتھ چارٹ پر نظر ڈالتے ہیں کیونکہ شیخ صاحب ایک مشہور و معروف شخصیت ہیں اور وزیراعظم عمران خان صاحب کی سربراہی نے ان کی شخصیت کو مزید چار چاند لگا دیے اپنی ادھوری زندگی میں مشکل حالات کے ساتھ ساتھ کئی بڑی کامیابیاں بھی حاصل کی اور قومی اسمبلی کے ممبر رہے اور اب بھی ہیں اور مختلف وزارتیں بھی ان کے حصے میں آئیں، آج بھی پاکستانی سیاست کے اہم افراد میں ان کا شمار ہوتا ہیں۔

زائچہ:۔ شیخ رشید احمد صاحب



شیخ صاحب کی تاریخ پیدائش جو اپنے استاد محترم سے ہمیں حاصل ہوئی 6 نومبر 1950ء راولپنڈی ہے، پیدائش کا وقت رات دو بج کر چالیس منٹ رکھا گیا ہے اس کے مطابق طالع پیدائش 24 درجہ 13 دقیقہ برج اسد ہے، قمر برج اسد میں چوبیس درجہ تین دقیقہ پر ہے اور طالع کے درجات سے قران کر رہا ہے، قمر بارھویں گھر کا حاکم فعلی منحوس ہو گیا لہٰذا منحوس اثرات دے گا اور خاص طور پر طالع کے درجات سے قران نہایت ہی منحوس ہے، کسی بھی فعلی منحوس سیارے کا طالع سے قران شخصیت اور مزاج میں عجیب نوعیت کی خرابیاں پیدا کرتا ہے یعنی شیخ صاحب ڈبل مائینڈ انسان نظر آتے ہیں **جو ہیں وہ دیکھتے نہیں اور جو دیکھتے ہیں وہ ہیں نہیں** زندگی کا ابتدائی دور کافی پریشانیاں و مشکلات کا اظہار کرتا ہے البتہ ایام جوانی کے دور میں مثبت حالات کی نشاندہی ہوتی ہے، زائچہ میں طالع کا حاکم شمس اپنے ہبوط کے برج میں ہے لہٰذا شیخ صاحب اتنے دلیر اور نڈر نہیں ہیں جتنا ظاہر کرتے ہیں، طالع کے مالک کی کمزوری انہیں مصلحت پسندی اور جھکاؤ کے زیر اثر رکھتی ہے، زائچے کے دوسرے گھر میں زحل اور کیتو ہیں، زحل کیتو سے قران کر رہا ہے راہو بھی آٹھویں گھر میں موجود ہے اس طرح زحل، راہو۔ کیتو کے محور میں پھنسا ہوا ہے، زحل زائچے کے ساتویں اور چھٹے گھر کا مالک ہے، ساتواں گھر زحل کا اپنا مول ترکون برج ہے جو کہ شادی اور شریک حیات کا گھر ہے راہو کیتو کی نحوست زحل پر سختی سے اثر انداز ہے، یہی شادی میں رکاوٹ یا بندش کی اہم بنیادی وجہ ہے۔

الیکشن کے حوالے سے دیکھا جائے تو 25 جولائی کے الیکشن میں مہادشا زحل کی اور انتر دشا کیتو کی اختتام پذیر ہوئی اور 27 جولائی سے مہادشا، انتر دشا، اور پرینتر دشا زہرہ کی اسٹارٹ ہوئی ان ہی تواریخ سے الیکشن کے حتمی رزلٹ آنا شروع ہوئے اور زہرہ کا یہ دور شیخ صاحب کے لیے معاون ثابت ہوا اور **عمران خان کی حمایت انہیں حاصل تھی** لہٰذا ایک بار پھر وہ قومی اسمبلی میں پہنچ گئے، زہرہ اپنے گھر برج میزان میں ہے اور نو امسا میں بارہویں کا حاکم ہو کر شرف یافتہ ہے مگر زہرہ کی تحت الشاع ہونے والی کمزوری نے **شیخ صاحب کو مرضی کی وزارت** ملنے کی کوشش کو ناکام بنا دیا زہرہ کی انتر دشا کے بعد 26 ستمبر 2021ء سے شمس کی انتر دشا کا آغاز ہوگا شمس زائچہ میں ہبوط یافتہ ہے 2022ء سے قمر کی دشا شروع ہو جائے گی یہ عوامل وزارت کی مدت مکمل نہ ہونے کی نشاندہی کرتے ہیں بہتر ہے کے کوئی ریمنڈی کر لی جائے اور کسی اچھے وقت میں **یاقوت و نیلم پہن لیا جائے۔**

زائچہ کی باقی باتوں سے چشم پوشی کرتے ہوئے ہم موجودہ اور آنے والی ٹرانزٹ پوزیشن پر نظر ڈالتے ہیں۔ سیارہ قمر بارہویں گھر کا حاکم ہو کر فعلی منحوس ہو گیا جب بھی ٹرانزٹ پوزیشن میں طالع یا کسی سیارے کے درجات سے نظر بنائے گا تب **غلط فیصلے، جلد بازی، ذہنی دباؤ**، بے چینی، تنازعات جیسے مسائل پیدا کرے گا۔ 25 اگست دوپہر تین بجے کے آس پاس ریلوے افسران کے ساتھ

تنازعات کے سبب معطلی کا اعلان کیا تب قمر چھٹے گھر میں موجود تھا قمر کے درجاتی اثر نے دماغ میں غصہ اور جذباتی کیفیت پیدا کر دی اسی طرح 16 ستمبر قمر برج عقرب میں اور درجاتی لحاظ سے مکمل چوتھے ودسویں گھر کو ناظر تھا اس وقت **ٹرین حادثہ ہونے سے شیخ صاحب پر سوالیہ نشان** اٹھنے لگے قمر کی ایسی پوزیشن ہر ماہ کوئی نہ کوئی مسئلہ یا بے چینی پیدا کرے گی قمر کے منحوس اثرات سے بچنے کے لیے شیخ صاحب کو قمر کے صدقات دینے چاہیے اسکے علاوہ ایک سخت وقت جنوری 2019 کا ہے جب طالع کا حاکم شمس چھٹے گھر میں راہو کیتو سے مکمل نظر بنائے گا اور شمس کا کیتو سے قران ہوگا یہ وقت شیخ صاحب کے لیے خطرناک ثابت ہوسکتا ہے کسی کام میں رکاوٹ، صحت کے مسائل، ذہنی تناؤ وڈپریشن، ہارٹ سے متعلق بیماری یا کوئی **مقدمہ و تنازع عزت و ساکھ سے محرومی کا سبب بن سکتا ھے**، یہ ایام اگر خیر وعافیت سے نکل گئے تو بھی آگے آنے والے وقت میں یہ خطرہ موجود رہے گا خاص کر اپریل 2019ء سے ستمبر 2019ء تک زیادہ سخت وقت ہوگا جس میں وزارت سے محرومی یا دوسری وزارت ملنے کے امکان موجود ہیں۔ واللہ اعلم بالصواب۔

نومبر میں سیارے اور خوشخبریاں

تحریر:۔ چوہدری فیصل محمود (لندن)

نومبر میں سیارگان کی پوزیشن کچھ اس طرح سے ہے کہ اس ماہ کسی سیارے کو شرف، اوج، ہبوط یا حضیض کا درجہ حاصل نہ ہے۔ ایک نظر تثلیث، تین قران اور دو تربیعات شامل ہیں۔ **پہلی نظر تثلیث زہرہ مریخ** 08 تا 11 نومبر قائم ہورہی ہے بوقت نظر تثلیث زہرہ درمیزان طبعی برج بحالت رجعت ہے اور مریخ درد لو موجود ہے۔ ان دونوں سیارگان کے درمیان قائم ہونیوالی یہ نظر نہایت کمزور ہے کیونکہ سیارہ مریخ کو اس برج میں وبال اور سختی حاصل ہے۔ وہ افراد جن کا تعلق برج ثور یا میزان سے یا حمل اور عقرب سے ہے اس ماہ محتاط رہنا ہوگا۔ بظاہر نظر تثلیث وتسدیس سعد قوت کے حامل ہوتی ہے مگر دونوں سیارگان اپنی طاقت کھو بیٹھے ہیں۔

پھلا شمس قران مشتری کی نظر 25 تا 27 نومبر قائم ہورہی ہے۔ بوقت نظر دونوں سیارگان 2.39 درجہ سے گزریں گے۔ سیارگان کے مابین یہ نظر مشتری کی طبعی برج قوس میں قائم ہورہی ہے عزت مال دولت سے ان دونوں سیارگان کا تعلق ہے۔ شمس برج اسد کا حاکم سیارہ ہے جبکہ مشتری قوس اور حوت کا حاکم ہے۔ دوران نظر باقوت اثرات ظاہر ہونگے۔ اس دوران عزت مال دولت کیلئے وظائف کئے جاسکتے ہیں۔ آپکا تعلق خواہ کسی بھی برج سے ہو بوقت نظر قران سعد کاروباری معاہدے کرنا یا قیمتی اشیاء کی خریداری یا بیرون ملک سفر کرنا قیمتی الیکٹرانک اشیاء خریدنا جائیداد خریدنا مبارک ثابت ہوگا۔ وہ افراد جو کہ انعامی اسکیموں میں حصہ لیتے ہیں مگر نا کام رہتے ہیں ایسے افراد اس وقت کو ضائع نہ کریں۔ **اس دوران تیار کی جانے والی لوح حصول مال و دولت ھر طرح سے فائدہ دیگی**۔ تنگی روزگار اور مفلسی اور غربت میں پھنسے ہوئے لوگوں کیلئے یہ وقت انتہائی اہم ہے۔ حصول مال و دولت کی لوح بنانے کیلئے ادارہ سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔ اس ماہ کا **دوسرا قران عطارد اور شمس** کے درمیان قائم ہورہا ہے۔ جونہی پہلا قران شمس مشتری کا اختتام ہوگا دوسرے قران کی ابتداء ہوجائیگی۔ 27 تا 28 نومبر یہ دونوں سیارگان ایک درجہ پر ہونگے۔ یہ قران بھی برج قوس میں قائم ہورہا ہے۔ اس قران کے سبب بیرون ملک سفر کے خواہشمند افراد یا بیرون ملک ہونیوالی لاٹری اور انعامی اسکیموں سے فائدہ اٹھانے والے افراد اس موقع کو ضائع نہ کریں۔ جوزا، اسد، سنبلہ سے متعلق افراد بچوں کی تعلیمی قابلیت بڑھانے اور اولاد کو فرمانبردار بنانے کیلئے بہترین حکمت عملی طے کر سکتے ہیں۔ یہ قران بھی سعد ہوگا۔ جیسے ہی یہ دور اقران ختم ہوگا **تیسرا قران عطارد مشتری** کے ساتھ قائم ہورہا ہے۔ یہ قران بھی سعد ہوگا بیرون ملک قیام کے خواہشمند افراد اس قران کے دوران اپنے کاغذات مکمل کریں یا کوشش کریں کہ کسی طرح ان کا مسئلہ حل ہوجائے تو انہیں یقینی کامیابی حاصل ہوگی۔ عطارد مشتری قران جوزا، سنبلہ، قوس اور حوتی افراد کیلئے مبارک ثابت ہوگا۔ سفری سہولیات سے مکمل طور سے فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔ وہ افراد جو کہ عمرہ اور زیارات پر جانے کے خواہشمند ہیں ان ایام سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اپنے سفر کا آغاز کریں یا بیرون ملک سفر کے دستاویزات متعلقہ محکمہ یا دفاتر میں جمع کروائیں بہت زیادہ اُمید کی جاسکتی ہے کے اُن کیلئے کسی قسم کی رکاوٹ پیش نہ آئیگی اور سفر بھی مبارک ثابت ہوگا۔ کاروباری یا سفری سفر کرنے کیلئے بھی یہ ایام بہتر ہیں۔

ستاروں کی چال اور وظیفے کا کمال

زہرہ تثلیث مریخ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
جمعہ	09	06:38 تا 07:31	12:50 تا 13:44	جنوب	19:30 تا 20:37	شمال مغرب

۳۰ اگر بیوی کی چرب زبانی، نافرمانی سے پریشان ہیں تو

(مقصد وظیفہ) مرد وعورت میں صلح کرانے کے لیے یا ایسے پریشان افراد جو کہ اپنی بیوی کے ہاتھوں تنگ ہوں کہ وہ چرب زبان اور نافرمان ہو یا ایسی خواتین کہ جن کے شوہر عیاش طبعیت اور زیادہ غصہ والے ہوں۔

(وظیفہ) **یا رحمن یا رحیم یا کریم یا ولی** کا ورد سوا پاؤ مکھن کی ڈلی پر 721 بار کریں اول آخر درود شریف 21 بار پڑھیں۔ بعد ورد اس مکھن کو کسی بھی طرح اُس شخص کو کھلا دیں جس سے اپنا مقصد حاصل کرنا چاہتے ہوں، اس ورد کی برکت سے وہ شخص مکمل طور پر صاحب وظیفہ کیلئے مسخر ہو جائے گا۔

(نوٹ) یاد رکھیں بوقت نظر تثلیث دونوں سیارگان کمزور حالت میں ہیں زہرہ اپنے طبعی برج میں ہونے کے باوجود 26.11 درجہ پر حالت رجعت میں ہے جو کہ اس کی نحس گردش کہلائے گی۔ مریخ جواں مرد کا سیارہ بھی اپنے ہوطی برج میں موجود ہے لہذا مانا جائے ان سیارگان کی حالت کے مطابق قائم ہونے والی سعد نظر اعتدالی کمزور ہوگی۔

شمس قران مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
سوموار	26	08:35 تا 09:36	16:18 تا 17:09	شمال مشرق	21:44 تا 22:52	شمال

۱۷ عزت مال دولت ملے

(مقصد وظیفہ) سیاروں کی اس نظر کے تحت عزت دولت مرتبہ وجلال حاصل کرنے کیلئے وظیفہ کیا جاسکتا ہے۔

(وظیفہ) چاندی کی تختی پر حرف ا (الف) 1000 بار لکھ کر نیچے اپنا مقصد حاجتیا انداز میں لکھیں۔ آخر میں مشک وزعفران کی دھونی دے کر اس تختی کو جس بھی شخص کے گلے میں لٹکائیں گے وہ شخص اپنے حلقہ احباب میں مرتبہ وجاہ وجلال پا سکے گا۔ شرط ہے کہ روزانہ ایک تسبیح ''السلام علیکم یا اسرافیل بحق یا اللہ بحق الف'' اول آخر درود شریف 11 بار پڑھیں۔ لفظ الف لکھتے اور پڑھتے وقت تصور اسم اللہ کا رکھیں تو ان شاء اللہ جس مقصد کے لئے بھی اس لوح کو استعمال میں لایا جائے گا مکمل فائدہ حاصل ہوگا۔

نقش بنانے کیلئے چاندی کی تختی پر عدد 111 میں طالب کے اعداد کے نام مع والدہ شامل کریں۔ اس کے علاوہ ''تسخیر خلائق'' کے اعداد بھی شامل کر کے مسدس نقش خاکی چال سے پُر کریں اور درج بالا طریقہ کے مطابق پڑھ کر اس پر دم کر دیا کریں تو ان شاء اللہ صاحب لوح کو کسی بھی قسم کی پریشانی اور مشکل کا سامنا نہ ہوگا۔

عطارد تربیع مریخ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
سوموار	26	09:26 تا 10:18	15:26 تا 16:18	شمال مشرق	22:35 تا 21:44	شمال

مخالفین پر بندش لگ جائے

(**مقصد وظیفہ**) سیاروں کی اس نحس نظر کے تحت مخالف پر بندش کاروبار ڈالنا یا اہل قلم کا قلم بند کرنا یا دشمن کی دماغی قوتوں کو بند کرنے کیلئے وظیفہ کیا جاسکتا ہے نیز دشمن پر کسی بھی قسم کا غلبہ دباؤ یا مصیبت وآفت طاری کرنے کیلئے وظیفہ کی قوت سے کام لیا جاسکتا ہے لیکن یاد رہے کہ مذکورہ وظیفہ کے تحت موکلات وجنات سفلی اس قدر غضب ناک ہوتے ہیں کہ اگر کوئی شخص بلا وجہ یا معمولی سی رنجش کی بناء پر کسی کو ناحق پریشان کرے گا تو وظیفہ کی روحانی قوت کے تحت وہ شخص ایسی مصیبت اور پریشانی میں گرفتار ہو گا کہ تاحیات جان بخشی نہ ہوگی۔

(**وظیفہ**) درج بالا ساعتوں میں سہ جانور کا کانٹا جو کہ قبل از وقت مہیا کیا گیا ہو۔ لیموں کا عرق حاصل کریں بھوج پتر یا سیاہ کپڑے پر اس عرق کی سیاہی سے اس کانٹے کو بطور قلم استعمال کریں۔ مربع آتشی خاکی چال کا 306 عدد رفتار سے بلا کٹ پُر کریں۔ نیچے مقصد تحریر کریں۔ دشمن کا پہنا ہوا کپڑا یا بال مل جائے تو وہ اُس میں لپیٹ دیں۔ اب ایک لیموں کو کاٹ کر

اس کے درمیان میں سہہ کانٹا پروتے ہوئے قبرستان میں دفن کردیں۔جس شخص کے لیے درج بالا ساعت میں بدعا کی جائیگی۔اُس پر ویسے ہی مصیبت وعذاب نازل ہوگا لیکن قارئین اس وظیفہ کو بلا اجازت ہرگز نہ کریں۔قبل از وظیفہ استخارہ لازمی کریں کیونکہ نہایت سخت اثرات ظاہر ہوتے ہیں استخارہ میں اجازت وظیفہ ملے تو شوق سے کریں ورنہ دشمن کو معاف کرنا ہی آپ کے حق میں بہتر ہوگا۔

(نوٹ) یہ وظیفہ عام ہرگز نہیں صرف اہل علم کی خدمت میں اس نیت سے پیش کیا جارہا ہے کہ بوقت اشد ضرورت ظالم وجابر شخص کیلئے کیا جاسکے۔

عطارد قران شمس

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
منگل	27	07:44 تا 08:36	13:44 تا 14:35	شمال	20:35 تا 21:44	مشرق

۱۸ کالا جادو بھی ختم ہوجائے

(مقصد وظیفہ) سیاروں کی اس نظر میں جادو کے خاتمہ کیلئے وظیفہ کیا جاسکتا ہے یعنی کوئی بھی شخص جس پر کوئی کالا یا سفلی علم ہوا ہو اور وہ شخص مسلسل ناکامی مایوسی کا شکار ہو کہ لاکھ کوشش کے باوجود بھی اس جادو کا توڑ نہ ہو رہا ہو۔ایک بار اس وظیفہ کو آزما کر دیکھیں۔اکثر وبیشتر سیارگان کے مابین یہ نظر قائم ہوتی ہے تحفہ روحانیات سے استفادہ کرنے والے بیشمار افراد اب تک اس وظیفہ سے عوام الناس کی خدمت کرچکے ہیں۔

(وظیفہ) اس نظر میں سفید چینی کی پلیٹ پر مع تعوذ وتکبیر' آخری دو قل لکھیں زعفران کی سیاہی استعمال کریں اور آب زمزم سے اس پلیٹ کے نقش کو دھو کر بوتل میں محفوظ کرلیں اس پانی کو 14 روز بلاناغہ اذان عصر استعمال کریں پانی پینے کا طریقہ اس طرح ہو کہ **اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم بسم اللہ ،اللہ اکبر** اور اس کے بعد آخری دو سورۃ مبارکہ (سورۃ الفلق' سورۃ الناس) پڑھ کر پھونک دیں پہلا گھونٹ پینے کے بعد 3 بار تعوذ اور تکبیر پڑھیں اور دوسرا گھونٹ پینے کے بعد پھر 3 بار تعوذ اور تکبیر پڑھیں اور تیسرے گھونٹ پر بھی 3 بار تعوذ اور تکبیر کا ورد کریں اس پانی کو مسلسل 14 روز تک استعمال کریں پانی پینے کے بعد دونوں ہاتھوں کو گیلا کرلیں اور پورے جسم پر پھیر لیں ان شاء اللہ جلد ہی جادو کے اثرات ختم ہونگے وظیفہ کے آخری دن 720 روپے کی شیرنی بچوں میں تقسیم کردیں۔نقش بنانے کیلئے 5296 کا مربع آتشی درج بالا طریقہ کے مطابق بنا کر استعمال کریں ان شاء اللہ جلد ہی جادو کا توڑ ہوگا۔

عطارد قران مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
بدھ	28	09:28 تا 10:19	12:52 تا 13:44	مشرق	22:53 تا 00:02	جنوب مشرق

مال ودولت۔محبوب مل جائے

(مقصد وظیفہ) یہ نظر حُب وتسخیر محبوب سے ملاقات' محبوب کو پیغام بھیجنا' مال ودولت کے حصول جیسے کاموں کیلئے موثر مانی جائیگی۔

بیشتر قارئین نے انعامی بانڈ میں اول انعام کے حصول کیلئے وظیفہ کی درخواست کی یہی وہ وقت ہے کہ جب آپ انعامی بانڈ میں درجہ اول کے انعامی نمبر کے حصول کیلئے کوشش کرسکتے ہیں ان شاءاللہ اگر نیت خالص رہی تو انعام دور نہ ہوگا۔

(وظیفہ) جو لوگ تسخیر دولت چاہتے ہیں اُنہیں چاہیے کہ دیئے گئے جدل پہلی ساعت میں زرد رنگ کا ایک بڑا ریشمی کپڑا لیں اس کپڑے پر تمام پرائز بانڈ پھیلا کر رکھ دیئے جائیں اور حصول انعام کی آیت

یغنھم اللہ من فضلہ

(سورۃ النور آیت نمبر 33)

کا ورد لاتعداد کریں جیسے ہی ساعت ختم ہونے لگے۔باری تعالیٰ سے اپنے مقصد کی دعا کریں اول روز سے ہی حصول انعام کی نیت رکھ کر آغاز کریں۔

نقش بنانے کیلئے آیت مبارکہ کے اعداد مجموعہ میں اپنے نام کے اعداد کا اضافہ کردیں۔اس کے علاوہ اسم الٰہی **یا منعم** کے اعداد بھی شامل کر دیں۔نقش کے اوپری جانب **یاصوفیائیل** اور نیچے **السید شمھورش** کندہ کریں۔نقش آبی چال مربع چاندی پر بنایا جائے دوسری جانب طلسم زہرہ اور مشتری کندہ ہوں جس میں مال و دولت کی حصول کا تقاضا کیا گیا ہوا ہے خاص اور جاندار لوح تیار ہوگی کہ اس کے اول اثر سے حصول انعام ممکن ہوگا اور دوسرا اس لوح کا فائدہ یہ ہوگا کہ مال و دولت کا حصول بہت آسان ہوجاتا ہے جب تک لوح رہیگی۔

مثال سے بات سمجھانے کی کوشش کرتا ہوں۔مثلاً

نام سائل	محمد علی
	202
اعداد آیت:۔ یغنھم اللہ من فضلہ	2186
اسم الٰہی	یا منعم
	211
	میزان 2599

☆☆☆☆☆



اولیاء سید زمان علی شاہ مشہدی المعروف موتیا والی سرکار

تحریر:۔ سید عمران حیدر (سعودیہ عرب)

سید الفقراء داعی والا وعزا صاحب کرامات کثیرہ حضرت سید زمان علی شاہ مشہدی کاظمی المعروف موتیوں والی سرکارؒ مزار جھامرہ شریف ضلع چکوال آپ کی ولادت 1850ء کے لگ بھگ موضع محمودہ سیداں تحصیل وضلع راولپنڈی میں سید قاسم علی شاہ مشہدی بن گوہر علی شاہ مشہدیؒ کے گھر ہوئی۔ آپ کا تعلق علاقہ پوٹھوہار کے مشہور قاظمی مشہدی خاندان سے ہے جو پاک و ہند میں تبلیغ عزاء داری کے حوالہ سے کافی شہرت رکھتا ہے۔

آپ سلطان العارفین قدوۃ السالکین حضرت سید شاہ زین العابدین سرکار کی اولاد میں سے عارف کامل حضرت سید سخی شاہ عزمل بادشاہ کاظمی مشہدی مزار ڈھلیالہ نزد سہالہ اسلام آباد (برادر سخی شاہ مزمل بادشاہ) کی اولاد نیک نہاد سے ہیں۔ آپ کے والد محترم اور دادا جان سید گوہر علی شاہ مشہدی بھی اپنے وقت کے بہت بڑے عارف تھے یہی وجہ ہے کہ آپ نے ابتدائی علوم ظاہری وباطنی انہی سے حاصل کئے۔ اس کے بعد آپ شاہ مشہدیؒ آف جلہاری کے پاس تشریف لے گئے انہوں نے ضروری علوم تفویض کرنے کے بعد آپ کو اپنے مرید خاص فخر الفقراء سید دیدار علی شاہ مشہدی المعروف شاہ دیدارن سرکارؒ (جھامرہ شریف) کے سپرد کر دیا جو آپ کے دادا مرحوم سید گوہر علی شاہ مشہدی کے شاگرد خاص اور منظور نظر تھے یہی وجہ تھی کہ شاہ دیدارن سرکار نے اپنے استاد و مرشد کی خدمت میں کوئی کثر باقی نہ رہنے دی۔ بلکہ مرشد مرید کا آپس میں عشق اس علاقہ بھر میں ایک مثال بن گیا۔ آپ نے اپنا گھر بار سب کچھ مرشد کے قدموں میں نثار کر دیا۔ مرشد کے حکم پر موضع آرڑ کو جائے مسکن قرار دیا۔

مرشد کی وفات کے بعد قریہ قریہ بستی بستی جا کر تبلیغ مسلک اہل بیتؑ کی اور لوگوں کے قلوب کو مبدت اہل بیتؑ سے منور کیا۔ روایت ہے کہ آپ مستجاب الدعوت تھے۔ اللہ تعالیٰ کے حضور بوسیلہ اہل بیت اطہارؑ جو دعا کی اللہ رب العزت نے کبھی رد نہ کی۔ لوگوں کی دلی حاجات کے پورا ہونے کے سبب کم وبیش 5000 مکانات پر علم جناب عباس علمدارؑ نصب کروائے۔ پاکستان بھر کے دور دراز علاقوں میں سینکڑوں امام بارگاہوں کا سنگ بنیاد رکھا۔ تذکرہ اولیاء چکوال کے مولف نے آپ کو رازی دوراں، غوث الزماناور سراج السالکین جیسے القابات سے یاد کیا۔ لکھا ہے کہ آپ کی کرامات حد تواتر کو پہنچی ہوئی تھی اگر کتاب لکھی جائے وت ایک کتاب بن جائیگی آپ کی کرامات اس قدر عام تھی کہ اس علاقہ کے غیر مقلدین بھی آپ کے روحانی تصرف کے قائل تھے۔

راقم العرض پرواز ہے کہ آپ کا ایک دیگچی سالن ہزاروں افراد کا پیٹ بھرتا تھا پختہ قبروں کا آپس میں ملنا اور طے فی الارض کے سینکڑوں واقعات آپ کے ولی ہونے کا واضح ثبوت ہے۔ آپ کا وصال 1940ء میں جھامرہ شریف میں ہوا۔ ہزاروں افراد نے انتہائی عقیدت سے اشک بار ہوتے ہوئے سپرد خاک کیا آپ کی جائے مسکن موضع ارڑ میں ہر سال نوروز کے دن میلہ لگتا ہے جھامرہ شریف مزار پر سالانہ مجالس کا اہتمام ہوتا ہے بیشمار ذاکرین اور عزاء داران امامؑ آپ کو اپنا روحانی پیشواء تصور کرتے ہیں۔ آپ کے مزار پُر نور پر پاکستان بھر کے مشہور ذاکرین مجلس پڑھنا اپنے لئے فخر سمجھتے ہیں۔

آپ نے مجرب زندگی گزاری یہی وجہ ہے کہ آپ کی اولاد نہیں۔ نہ ہی آپ کا کوئی حقیقی بھائی تھا ہاں آپ کی ایک ہمشیرہ صغتاں بی بی ذوجہ سید معظم شاہ تھیں اُن کے ایک فرزند سید مزمل شاہ اور اُنکے سید باغ علی شاہ تھے۔ آپ کے والد صاحب 5 بھائی 1 بہن تھی۔ آپ کے مزار کے سجادہ نشین مرشد شاہ دیدارن سرکارؒ کی اولاد میں سے سخی سید انور حسین شاہ مشہدی ہیں۔

حالت قمر

قمر در عقرب: 06 نومبر 18:02 تا 08 نومبر 23:59

ھبوط قمر: 06 نومبر 21:33 تا 23:19

قمر در ثور: 21 نومبر 04:42 تا 23 نومبر 09:10

شرف قمر: 21 نومبر 08:18 تا 10:05

شادی بیاہ کی تاریخیں

2.3.9.10.13.14.15.16.22.24.27.29

طاہر نیوز ایجنسی، کچہری بازار خانیوال۔ 0300-6899357 ادارہ روحانیات

فیضان الجفر

حروف مقطعات نورانی کا مجرب عمل

بندش کا خاتمہ

تحریر:۔ شہزادہ منظور علی سموں (ٹنڈو محمد خان)

حروف مقطعات نورانی کلام پاک کی ایک سو چودہ سورتوں میں سے انتیس سورتوں کے اوّل میں آئے ہیں، مقطعات نورانی کے چودہ کلمات بنتے ہیں جو کہ چودہ معصومین علیہ السلام کی طرف واضح اشارہ ہے۔ اگر ان کلمات کو خالص کیا جائے تو بھی معجزاتی طور پر باقی چودہ حروف خالص ہی ظاہر ہوتے ہیں۔ اگر ان خالص حروف کو پھر سے آپس میں جوڑا جائے تو پھر معجزاتی کرامتی عالی شان عبارتیں ظاہر ہوتی ہیں جو معنی کے لحاظ سے بھی لاجواب ہیں۔ فی الحال صرف ایک عبارت کا ترجمہ ملاحظہ فرمائیں:

کلمات: الٓمٓ۔ الٓمٓصٓ۔ الٓرٰ۔ الٓمٓرٰ۔ کٓهٰیٰعٓصٓ۔ طٰهٰ۔ طٰسٓمٓ۔ طٰسٓ۔ یٰسٓ۔ صٓ۔ حٰمٓ۔ عٓسٓقٓ۔ قٓ۔ نٓ۔

☆ خالص حروف: ترتیب قمری کے مطابق ا ح ط ی ک ل م ن س ع ص ق ر خالص حروف ظاہر ہوتے ہیں۔ اعداد قمری 693 بنتے ہیں۔

☆ **عبارت**: خالص حروف کو آپس میں ملائیں تو **صراط علی حق نمسکه** کی عبارت ظاہر ہوئی۔

ترجمہ:۔ علی کا راستہ حق ہے، اسے مضبوطی سے پکڑو۔

حروف مقطعات نورانی کے چودہ خالص کلمات یا حروف نورانی نور ہیں چاند کی چودہ تاریخ کی روشنی و نور پر غور کریں معجزہ ہے واضح اشارہ ہے۔

حروف مقطعات نورانی:۔ یہ حروف اپنے اندر بے شمار معجزات، کرشمات، خواص اثرات اور فوائد رکھتے ہیں۔ ہر عمل نقش لوح کے اثرات فوری ظاہر ہوتے ہیں۔ ایسے لوگ جو کسی بھی عمل کی رجعت، نحوست میں گرفتار ہو گئے ہوں۔ یا کسی حاسد مخالف کی طرف سے کئے گئے تعویزات عملیات، سحر جادو کے نحس اثرات میں جکڑے گئے ہیں، جنات یا نظر بد کے اثرات ہوں۔ یعنی ہر قسم کے نحس اثرات رجعت نحوست بندش ختم ہو جائے گی۔ حروف مقطعات نورانی بندش کو کھولنے کے لئے مجرب ہیں۔ ان حروف کو مفتاح السورہ بھی کہتے ہیں۔

زکات:۔ حروف مقطعات نورانی کے مکمل چودہ کلمات کو قواعد عملیات کے مطابق 693 دفعہ لکھ کر زکات قائم کریں یہ زکات چاند کی یکم تاریخ تا چودہ تک کر سکتے ہیں۔ دوران زکات قمر در عقرب نہ ہو، ایک وقت میں زکات قائم کرنا چاہیں تو سعد وقت شب معراج، شب برات، شب قدر 13 رجب، نوروز عالم افروز یا کسی اور سعد وقت میں 693 دفعہ لکھ لیں۔ اگر ایک وقت کے بجائے آہستہ آہستہ کچھ دنوں میں زکات قائم کرنا چاہیں تو تعداد 693 کو کچھ دنوں میں لکھ لیں۔ بعد میں ہر ایک سطر کو کاٹ کر گندم کے آٹے کی گولیوں کے درمیان رکھ کر چلتے پانی میں ڈال دیں۔ صاحب تاثیر وظیفہ ہو جائیں گے۔ بعد میں مداومت بھی جاری رکھیں۔

فوائد:۔ حروف مقطعات نورانی کے بے شمار فوائد ہیں۔ چند مختصراً حاضر خدمت ہیں۔ ہر وظیفہ کی رجعت نحوست، بندش سے نجات، سحر جادو، نظر بد، جنات سے نجات، حادثات سماوی وارضی گولی بمعہ بندوق، تیر تلوار سے نجات، لڑائی جھگڑا، نفرت، غصہ سے نجات۔ حروف صوامت کی رجعت، نحوست، بندش سے نجات کے علاوہ بے شمار فوائد حاصل کر سکتے ہیں۔

لوح تحفظ:۔ مندرجہ ذیل لوح تحفظ کو نیک ساعت میں لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے یقینی تحفظ ملے گا۔

نوٹ:۔ بعض کتابوں، رسائل، جنتریوں میں حروف مقطعات نورانی کے کلمات میں حٰمٓ کے بعد **حٰمٓعٓسٓقٓ** لکھا ہوا نظر نہیں آتا بلکہ سورۃ شوریٰ کے اوّل میں آیت 1 میں **حٰمٓ** آیت 2 میں **عٓسٓقٓ** لکھا ہوا ہے یعنی کہ **حٰمٓ عٓسٓقٓ** الگ الگ لکھا ہوا ہے۔ اس لئے کسی نقش لوح میں کوئی بھی ایک **حٰمٓ** ہمیں چھوڑنا ہوگا۔ تاکہ دو جگہ کے بجائے ایک ہی جگہ پر جملہ **حٰمٓ** خالص آ جائے۔ مزید لوح تحفظ میں دیکھ لیں۔ یا مندرجہ بالا چودہ کلمات میں دیکھ لیں۔

الٓمٓ	الٓمٓصٓ	الٓرٰ	الٓمٓرٰ
کٓهٰیٰعٓصٓ	طٰهٰ	طٰسٓمٓ	طٰسٓ
یٰسٓ	صٓ	حٰمٓ	عٓسٓقٓ
قٓ	نٓ	نام و مقصد لکھیں	

میرے روحانی وظائف سے فیض حاصل کرنے کے بعد محترم محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب اور میرے حق میں دعائے خیر میں ضرور یاد رکھیں۔

نیازی بک ڈپو، ریل بازار گوجرانوالہ 0300-7792699 — ادارہ روحانیات



خواص القرآن

تحریر:۔حیدر رضا حیدری زریاب روڈ (کوئٹہ)

قارئین تحفہ روحانیات صفر کا مہینہ شروع ہو چکا ہے۔حدیث مبارکہ ہے سوا لاکھ بلاؤں کا نزول صفر کے مہینے میں ہوتا ہیاور پورا سال میں دس لاکھ بلائیں صفر کے ماہ کے علاوہ نازل ہوتیں ہیں اللہ تعالیٰ ہم سب کو ہر مصیبت اور بلا سے محفوظ رکھے۔صفر کا آخری بدھ چار شنبہ کہلاتا ہے۔اس روز خاص طور سے جادو کے اثرات ختم کرنے کیلئے وظیفہ اور ورد کئے جاتے ہیں۔ذیل کا مضمون قرآن پاک کی سورتوں سے فیض حاصل کرنے کیلئے ہے۔آخری بدھ کو ممکنہ حد تک یعنی جیسے بھی آپکو آسانی ہو ذیل کی وظائف پانی تیل یا میٹھے پر دم کر کے رکھ لیں تو ان شاءاللہ پورا سال فائدہ حاصل کر سکیں گے۔قرآن پاک کا ایک ایک لفظ ہمارے لئے راہ نجات اور راہنمائے زندگی ہے۔ہم ہر طرح کے قواعد قرآن پاک سے حاصل کر سکتے ہیں قرآنی روحانی وظائف ہر شخص کیلئے فائدہ مند ہیں۔مختلف سورتوں کے مختلف خواص پیش خدمت ہیں۔

سورہ النازعات کے فوائد: ۔سورۂ نازعات کو لکھ کر موم جامہ کر کے جو شخص اپنے پاس رکھے جملہ آفات سے مامون رہے گا اور اللہ تعالیٰ اس کے جملہ گناہوں سے درگزر فرمائے گا اور ہتھیار اس پر کارآمد نہ ہوں گے۔

سورہ التکویر کے خواص: ۔جو شخص کسی کا دل اپنے عشق میں بے قرار کرنا چاہے تو اسے لازم ہے کہ سورۂ تکویر کو مطلوب کے نام مع اسکی والدہ کے نام کے سات بار فلفل سیاہ یا نمک پر دم کر کے آگ میں ڈالے۔انشاءاللہ چند روز میں مطلوب طالب کا عاشق ہو کر حاضر ہوگا۔

سورہ الانفطار سے تسخیر مطلوب کا سریع الاجابت وظیفہ:۔اگر سورہ انفطار کو پانچ بار پڑھکر شکر پر دم کر کے جس کو کھلائیں گے وہ طالب کا عاشق زار ہوگا۔

سورہ المطففین تسخیر مطلوب کا نادر وظیفہ:۔جو شخص سورۂ مطففین کو سو بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس پانی سے آٹا گوندھ کر گولیاں بنائے،اگر کسی کو مسخر کرنا مقصود ہو تو اس کی ماں کے نام کے ساتھ پڑھے اور مرغ کو کھلائے،گولیاں کھلاتے ہی کام ہو جائے گا۔

سورہ البروج کے خواص: ۔اگر دشمن کو تباہ کرنا مقصود ہو تو اس سورۃ کو لکھ کر دشمن کی گزرگاہ میں دفن کر دے دشمن تباہ ہو جائے گا

سورہ الطارق کے خواص: ۔حصول مقاصد کی اس سورۃ میں عجیب تاثیر ہے جو شخص سورۂ طارق کو آدھی رات کے وقت دریا کے کنارے پر پڑھے تو اس کا مقصد جلد حاصل ہوگا اور اگر مقصود حصول سلطنت ہے تو وہ بھی حاصل ہوگا۔

سورہ الاعلیٰ کے فوائد: ۔مور کے پر کے اوپر ۷ بار پڑھ کر دم کر کے مریض کے بازو پر باندھے تو مریض جلد شفایاب ہوگا

سورہ الغاشیہ کے فوائد: ۔اگر کسی کو زہر دیا گیا ہو تو سورۃ غاشیہ ۱۵ دفعہ نہر کے پانی پر دم کر کے مسموم کو پلائے

سورہ الفجر کے خواص: ۔جو شخص مشک اور زعفران سے لکھ کر سورۃ فجر کو اپنے پاس رکھے،تمام آفات سے محفوظ رہے گا۔

سورہ البلد کے فوائد: ۔اگر مجنون کا علاج مقصود ہو تو سورۂ بلد کو کبوتر کے خون سے لکھ کر مجنون کے گلے میں ڈالیں۔ان شاءاللہ مریض صحت یاب ہوگا۔

سورہ الشمس کے فوائد: ۔جو شخص کسی کو اپنے عشق میں مبتلا کرنا چاہے۔سورہ شمس اس آدمی کے نام کے ساتھ لکھ کر اپنے گھر میں دفن کرے،مطلوب حاضر ہو کر محبت کا اظہار کرے گا۔

سورہ واللیل کے خواص: ۔جس شخص کو سخت مشکل آجائے۔آدھی رات کو نفل پڑھ کر اس سورۃ کو گیارہ دفعہ پڑھ کر سو جائے تو مشکل کے حل سے مطلع ہو۔

سورہ والضحیٰ کے خواص: ۔جو شخص اس سورۃ کو دریا کے کنارے سات بار پڑھ کر حضور علیہ السلام اور خضر علیہ السلام سے مدد طلب کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی مراد پوری کرے گا۔

سورہ الم نشرح کے خواص: ۔جو شخص گھوڑے کے چمڑے پر اس سورۃ کو لکھ کر بازو پر باندھے جادو وغیرہ اس پر اثر نہیں کرے گا

پہلا وظیفہ:۔جو شخص کسی کو اپنی محبت میں گرفتار کرنا چاہتا ہو سات مرتبہ شکر پر دم کر کے مطلوب کو کھلائے تو مطلوب طالب کا عاشق ہو جائے گا۔

دوسرا وظیفہ:۔دفع مرض پتھری کے لئے بارہ دفعہ سورہ الم نشرح کو پڑھ

کر مریض کو دم کرے تو گردے کی تکلیف سے مریض کو شفا نصیب ہوگی۔

تیسرا وظیفہ:۔جس شخص کا کاروبار بند کر دیا گیا ہو ہر نماز کے بعد سورہ الم نشرح سات بار پڑھے، کاروبار کھل جائے گا، بلکہ تمام مشکلات آسان ہوں گے۔

چوتھا وظیفہ:۔غم وحزن دور کرنے کیلئے سورہ الم نشرح کو بلوری برتن میں لکھ کر پیئے، تمام پریشانی اور غم دور ہوں گے۔

سورہ التین کے خواص:۔جو عورت دردزہ میں مبتلا ہو اس سورۃ کو مشک وزعفران سے لکھ کر ان دونوں شخصوں کو کھلانے سے فوراً صلح ہو جائے گی لیکن لکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سٰفِلِيْنَ کے بعد فلاں بن فلاں فی محبۃ فلاں بن فلاں لکھ کر کھلائیں۔

سورہ اقراء کے خواص:۔اگر عورت کے پیٹ میں درد ہو تو سورہ اقراء کو سفید بطخ کے چمڑے پر لکھ کر مریضہ کے بازو پر باندھنے سے شفا نصیب ہوگی۔اگر کسی شخص کی بینائی کمزور ہوگئی ہو تو سورۃ انبیاء چالیس یوم لکھ کر اسے پلائیں۔ان شاء اللہ بینائی لوٹ آئے گی۔

سورہ البیّنہ کے خواص:۔جس عورت کا حمل نہ ٹھہرتا ہو تو جمعرات کو اپنی وسعت سے فقیروں کو کھانا کھلائے، خصوصاً نو چندی جمعرات کو سات روز تک مشک اور زعفران سے اس سورۃ کو لکھ کر سات روز تک پیئے ان شاء اللہ ضرور حاملہ ہوگی۔

سورہ الزلزال کے خواص:۔جس عورت کو دردزہ کی تکلیف زیادہ ہوتی ہو نہر اور دریا کا پانی لا کر سات دفعہ اس سورۃ کو پڑھ کر دم کرے اور اس عورت کو پلائے۔ان شاء اللہ آسانی سے بچہ پیدا ہوگا۔

سورہ العادیات کے خواص:۔اگر کسی شخص کو سخت درد یا کوئی ایسی مرض پیدا ہوگئی ہو، جس کے علاج سے اطباء عاجز ہوں۔سات روز تک پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور چینی کے برتن پر لکھ کر پیئے۔

سورہ القارعہ کے خواص:۔اگر کسی مکان میں جنات کا سایہ ہو تو اس سورۃ کو مشک اور زعفران سے لکھ کر گھر میں لٹکا دیں ان شاء اللہ جنات وغیرہ بھاگ جائیں گے۔

سورہ العاقہ کے خواص:۔اگر دو شخصوں کے درمیان میں نفرت یا عداوت کرانی مقصود ہو تو، عداوت کی نیت کر کے اس سورہ کو پڑھ پڑھ کر ان کو پھونکے اور لکھ کر قصاب کی قبر مین دفن کرے۔

سورۃ التکاثر کے خواص:۔جو شخص چاہے کہ مفرور شخص واپس آئے تو اس سورۃ کو لکھ کر بکرے یا کبوتر کے گلے میں ڈالے تو ان شاء اللہ گریختہ واپس آجائیگا۔

دوسرا وظیفہ:۔اگر صبح کی نماز کے بعد آدھے سر کے درد یا پورے سر کے سر درد والے کو دم کریں تو شفا نصیب ہوگی۔جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ دشمن کو دفع کرنے کیلئے جمعرات کو پڑھے تو دشمن دفع ہوگا اگر مشکل ہو تو بدھ کی رات کو سورۃ کے عدد کے موافق پڑھے تو دشمن دفع ہو جائے گا، اگر کوئی شخص چاہے کہ اس کے دشمن کے گھر میں پتھر پڑیں گے تو پرانے سفال پر لکھ کر اس کے گھر میں دفن کرے تو پتھر پڑیں گے۔

سورہ العصر کے خواص:۔جس عورت کا دودھ کم ہو لکھ کر عورت کے گلے میں ڈال دیں، دودھ زیادہ ہو جائے گا

سورۃ الھمزۃ کے خواص:۔جس شخص کو جنات کا سایہ ہو، یہ سورۃ لکھ کر اس کے گلے میں ڈالدیں سایہ دفع ہو جائے گا۔

سورہ الفیل کے خواص:۔جو شخص یہ سورۃ لکھ کر اپنے گلے میں ڈالے، دنیا کی محبت اس کے دل سے نکل جائے گی، روزانہ سات پڑھنے والا عذاب قبر سے محفوظ رہے گا۔

سورہ الماعون کے خواص:۔جس آدمی کے جسم میں درد رہتا ہو۔نہر کے پانی پر دم کر کے پیئے، سات دن میں ٹھیک ہو جائے گا۔

سورہ الکافرون کے فوائد:۔جس آدمی کو بواسیر کی بیماری ہو مشک سے لکھ کر بازو پر باندھیں یا اکیس روز پلائیں، بواسیر کی بیماری ختم ہو جائے گی۔

سورہ النصر کے فوائد:۔جو آدمی تنگ دستی میں مبتلا ہو چالیس روز تک وسعت رزق کے لئے چالیس بار پڑھے تو رزق میں فراخی نصیب ہوگی۔

سورہ لھب کی خاصیت:۔جس آدمی کو کوئی سخت تکلیف ہو سات بار پلانے سے شفا نصیب ہوگی۔

سورۃ الاخلاص کے فوائد:۔جو شخص قید خانے میں محبوس ہو سورۃ چالیس دن میں ایک لاکھ بار پڑھے تو رہائی نصیب ہوگی۔

دوسرا وظیفہ:۔اگر کسی کی قوت مردی بند ہو تو ۷۰۰ بار درود شریف ۷۰ بار سورہ اخلاص ۷۰ بار لا حول ولا قوۃ الا باللہ اور ۷۰ بار تیسرا کلمہ پڑھ کر روٹی پر دم کر کے مریض کو کھلائیں مریض تندرست ہو جائے گا۔

سورہ الفلق کے خواص:۔اگر کسی آدمی کو چوری کی عادت ہو تو اس سورۃ کو کبوتر کے خون سے لکھ کر اس کے بازو پر باندھیں، یہ بری عادت چھوٹ جائے گی۔

تثلیث زہرہ و مریخ

تحریر:۔ حکیم علامہ حافظ عتیق الرحمن ضیاء (کراچی)

میں ناراض شوہر یا بیوی کو منانے، دونوں کے درمیان محبت و اتفاق پیدا کرنے کے لیے ورد وظائف کئے جاسکتے ہیں اسکے علاوہ اس موقع پر من پسند شادی کے لیے بھی وظائف کیے جاتے ہیں مگر پسند کی شادی کے لیے ہمارا طریقہ کار الگ ہے، جب تک کسی فرد کے زائچہ پیدائش میں پسند کی شادی کے یوگ نہ ہوں تب تک پسند کی شادی نہیں ہوسکتی اور اسکے علاوہ لڑکے اور لڑکی کے درمیان میچنگ کا ہونا بھی بے حد لازم ہے ورنہ بلاوجہ کے ورد کرنا وقت ضائع کرنے کے مترادف ہے اکثر نوجوان لڑکے لڑکیاں اس چکر میں پھنس کر اپنی تعلیم، پیسہ اور صحت برباد کر دیتے ہیں اور بدنامی الگ مول لیتے ہیں۔ محبت کرنا گناہ نہیں مگر وقت، اصول اور عزت کے ساتھ ہو۔ تمام محترم روحانی معالجین اور قارئین سے گزارش ہے کے ایسے مسائل میں احتیاط سے کام لیں اور زائچہ کو لازمی نظر میں رکھیں تاکہ موجودہ وقت میں ملک وقوم کے مستقبل اور معماروں کی صحیح راہنمائی کی جاسکے۔ اس وقت ہم یہ وظیفہ صرف شادی شدہ حضرات کیلئے پیش کر رہے ہیں ان سے فائدہ اٹھائیں۔

قارئین تحفہ روحانیات سے التماس ہے کہ نقوش اور عبارت عمل کی خود بھی پڑتال کرلیں۔ ادارہ کی جانب سے ان باتوں کا خاص خیال رکھا جاتا ہے مگر پھر بھی غلطی کا احتمال ہے۔ خاص طور سے قرآنی آیات کی قرآن پاک سے پڑتال کریں۔ بہت باریکی سے خیال رکھنے کے باوجود دینی عبارات یا قرآن پاک آیات کی کمپوزنگ غلطی لاعلمی میں ہو سکتی ہے۔ قارئین خود بھی احتیاط کریں۔ (ادارہ)

پشاور اور اسے کے گردونواح کے شہروں میں روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات نہ ملنے کی صورت میں رابطہ کریں۔
اسٹار نیوز ایجنسی بازار کلاں پشاور

کوئٹہ اور اسے کے گردونواح کے شہروں میں روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات نہ ملنے کی صورت میں رابطہ کریں۔
بکسٹال نمبر 2 میزان چوک کوئٹہ

برائے حب زوجین

عمل نمبر 1

وألقيت عليك محبة مني ولتصنع على عيني لزلیخا کے لیے یوسف علیہ السلام پر پڑھا گیا۔

اول و آخر درود شریف ۔ پاس انفاس تک عمل کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد مقصد حاصل۔

عمل نمبر 2

بسم الله الرحمن الرحيم

وألقيت عليك محبة مني ولتصنع على عيني

يا ودود اللهم الف بين

فلان بن فلانة و فلانة بنت فلانة ألفة كاملة ابدا ابدا كما

الفت بين آدم و حوا و بين ابراهيم و سارة وبين محمد ﷺ

وعائشه اللهم حبب بينهما حبا شديدا و سيجعل لهم الرحمن وُدًّا كاملا

ابدا ابدا سميعا مطيعا السّاعة العجل الوحا يحق اسم الودود ويكون

الحب بينهما كالمجنون كالمجنون اللهم اجعل بينهما مودة

ورحمة، صلى الله على سيدنا خير خلقه محمد و آله وصحبه.

بسم الله الرحمن الرحيم يحبونهم كحب الله

(**نوٹ**) اس تعویز میں اکتالیس مرتبہ یا ودود ہے۔ یہ دو تعویز بنائیں، ایک مُحب اپنے بازو پر باندھے، دوسرا غیر مُحب کو پلائیں اور فلاں کی جگہ مرد کا نام، والدہ کے نام کے ساتھ اور فلانہ کی جگہ عورت کا نام والدہ کے نام کے ساتھ لکھیں

عمل نمبر 3

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يٰبُنَيَّ اِنَّهَا اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِيْ صَخْرَةٍ اَوْ فِي السَّمٰوٰتِ اَوْ فِي الْاَرْضِ يَاْتِ بِهَا اللّٰهُ اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ اِنَّ الَّذِيْ فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَادُّكَ اِلٰى مَعَادٍ يَا جَامِعَ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ اَللّٰهُمَّ يَا مُصَرِّفَ الْقُلُوْبِ قَلِّبْ قَلْبَ فلاں بنت فلانة اِلٰى فلانة بنت فلانة حَبِّبْ حَبِّبْ حَبِّبْ يَا وَدُوْدُ يَا وَدُوْدُ يَا وَدُوْدُ _____

وظیفہ نمبر 3 کو تعویز کی صورت میں لکھ کر پنکھے میں لٹکا دیں اور اسے ہاتھ سے الٹا چلائیں یا پھل دار درخت سے لٹکا دیں اور سورہ فاتحہ مع وصل الیم صبح شام سات مرتبہ تصور کے ساتھ پڑھیں۔ عزیزان من! زہرہ و مریخ کی تثلیث 8، 9، 10 نومبر کو بنے گی مکمل نظر 9 نومبر کی رات 7 بجکر 53 منٹ پر ہوگی زہرہ و مریخ کا ملاپ جذب و کشش پیدا کرتا ہے سیارہ مریخ مذکر ہے اور مرد سے منسوب ہے سیارہ زہرہ مؤنث ہے اور عورت سے منسوب ہے علم نجوم کی روشنی میں یہ دونوں سیارے عاشق و معشوق ہیں ان دونوں کی نظر معاملات محبت میں زبردست تاثیر رکھتی ہے موجودہ وقت

اسمائے الحسنیٰ سے زندگی بدلیں

تحریر: گل محمد کے زئی (پشاور)

اللہ رب العزت کے قرآن پاک میں 99 اسمائے مبارک ہیں صرف ایک اسم ذات ہے باقی 98 اسم صفات ہیں۔ قارئین تحفہ روحانیات کی نظر چند اسمائے صفات بارے مختصر روشنی اپنے علم کے مطابق ڈالوں گا۔ اللہ تعالیٰ میری اس کاوش کو قبول فرمائے۔ جعفریہ جنتری 2019ء میں بھی چند صفاتی اسمائے مبارکہ پر تحریر کر چکا ہوں۔

اسم حمید :۔ حمید کا معنی اپنی ذات وصفات کی تعریف کرنیوالا یا فعیل بمعنی مفعول کے ہوگا یعنی حمد کیا ہوا۔ حمید حمد سے مشتق ہے۔ حمد اس تعریف کو کہتے ہیں۔ اس اسم شریف کا ذکر شہرت اور نیک نامی کے لئے مفید ہے۔ اگر کوئی شخص اپنے کردار اور گفتار کو اچھا بنانا چاہے تو اسم یا حمید کو ایک بار پیالہ میں لکھے اور اس پیالہ میں دس بار اسم یا حمید پڑھ کر دم کرے۔ ہمیشہ اسی پیالہ میں پانی پیا کرے۔ ان شاء اللہ بدگوئی اور اخلاق بد سے امان پائے گا۔ انسان کو لازم ہے ہمیشہ خدا کی حمد وثناء کرے تاکہ اللہ والوں کے نزدیک محترم ہو۔

اسم خفی :۔ خفی کا معنی دعا مہمد کے ساتھ عالم اور دانا کا ہے خفی سے ماخوذ ہے جس کا معنی پوشیدہ ہے جیسے کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے **یَسْئَلُوْنَکَ کَاَنَّکَ حَفِیٌّ عَنْھَا محبط علمك بمجير ها** کسی کے دل کو اگر اپنی طرف مائل کرنا ہو تو اس اسم کا ورد ۹ بار کرنا مفید ہے۔

اسم رب :۔ بعض علماء کے نزدیک یہ اسم اعظم ہے کیونکہ یہ جملہ دعائیہ ہے **رَبَّنَا** سے ماخوذ ہے، قرآن مجید میں ۳۱ جگہ پر اس کا ذکر ہے **فَاسْتَجَابَ لَھُم** اس اسم کے بارہ معنی ہیں، پہلا معنی جمع کرنے والا دوسرا معنی مدبر تیسرا معنی اصلاح کرنے والا، چوتھا معنی مالک، پانچواں معنی رفیق، چھٹا معنی سیّد، ساتواں معنی ثابت، آٹھواں معنی دائم، نواں معنی خالق، دسواں معنی تحویل میں لینے والا، گیارواں معنی الہام کرنے والا، بارہواں معنی تربیت کرنے والا اور پانے والا حصول وقاص اور حفاظت اولاد کیلئے اس اسم کی مداومت سریع التاثیر ہے۔

اسم زاری :۔ زاری بمعنی باری ہے اور خواص اس کے اسم باری والے ہیں مفرور کی واپسی کیلئے **یَا زَارِی مُعِید رَدَّ عَلیٰ فُلَان** کو ۷۰ بار روزانہ ایک ہفتہ تک پڑھنا مفید ہے ایک ہفتہ کے اندر غیب واپس آجائے گا۔

اسم رازق :۔ اسم رازق کے معنیٰ روزی دینے والا، نیک اور بد کو مومن اور کافر کو، قوی اور ضعیف کو اور اس اسم کے ورد کی کثرت وسعتِ رزق کے لئے نہایت مفید ہے، عدد کبیر اس کے ۸ عدد اوسط ۳۸ اور عدد صغیر ۲ ہیں اور صبح صادق کے بعد اور نماز سے پہلے یا رزاق دس دس بار گھر کے چاروں کونوں میں پڑھنے سے رنج اور تنگ دستی اور مفلسی دور ہو جائے گی، دائیں طرف سے شروع کرے منہ اس کا قبلہ کی طرف رہے

اسم رحمن :۔ رحمٰن کے معنی بخشنے والا اور صاحب رحمت اس کی رحمت تمام مخلوق کو شامل چاہے مومن ہو یا کافر نا اُمیدی اور نسیان اور قساوت قلبی کو دور کرنے کیلئے یا رحمن یا رحیمہ کے ورد کی کثرت سریع التاثیر ہے۔ صاحب وظیفہ بندوں پر رحم کرے، مظلوم کی مدد کرے ظالم کو ظلم سے روکے اور گناہ گار کو نظر رحمت سے دیکھے۔ اپنی طاقت کے مطابق محتاجوں کی مدد کرے۔

اسم رحیم :۔ رحیم کا معنی ہیں۔ یہ صفت عام ہے۔ اللہ تعالیٰ کے غیر پر بھی اس کا استعمال ہوسکتا ہے۔ رحمت اس کی خاص ہے مومنوں کے ساتھ۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے **کَانَ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَحِیْمًا** کتاب خزائن الانوار میں رحیم عظیم اور رحیم کے ذکر پر ہمیشگی انسان کے دل کی سختی کو دور کرتی ہے۔ جب کوئی مشکل مہم پیش آجائے اور بندہ اس سے عاجز ہو۔ روز جمعہ اور ادائے نماز عصر یا اللہ، یا رحمٰن، یا رحیم، مغرب تک پڑھتا رہے۔ جب اذان شروع ہو سجدہ میں سر رکھ کر اپنے مطلب کے لئے اللہ سے دعا مانگے حاجت روائی ہوگی۔ اور یا اللہ اس قدر پڑھے کہ منقطع ہو۔ اسی بار یا رحمٰن اور یا رحیم اس کے اور اپنا مطلب خدا سے مانگے۔ ہر ایک کام کیلئے سریع التاثر ہے۔ اگر کوئی شخص اسم یا رحیم کو نوے بار یا سو دفعہ پڑھے تو محبوب خلاق ہوگا۔

اسم رقیب :۔ رقیب معنی نگاہ باقی دو آدمی اگر ایک آدمی کے طالب ہوں تو آپس میں رقیب کہلاتے ہیں۔ اس اسم کی مداومت غفلت ختم کرنے کیلئے اور یکسوئی کے لئے مفید تر ہے جو شخص رقیب کو سات بار اپنی بیوی یا اہل وعیال اور مال پر پڑھ کر دم تو تمام دشمنوں کے شر اور جملہ آفات سے محفوظ رہیں گے۔ اور اس اسم کے ساتھ **یحیی و یمیت** کا ذکر کر یا ور سوتے وقت سینہ پر ہاتھ رکھ کر اس اسماء کو پڑھ کر سو جائے تو نماز سونے کی وجہ قضا نہ ہوگی اور عبادت میں رغبت پیدا ہو۔

چھو منتر

تحریر
خضر عباس پیاسی
(راجن پور)

قارئین تحفہ روحانیات! اس بار آپکے لئے ایک نئے موضوع کے ساتھ حاضر ہوا ہوں اُمید کرتا ہوں کہ آپ بھائیوں کو پسند آئیگا۔ کیونکہ مجھے اکثر خطوط غیر مسلم حضرات کے ملے جن میں انہوں نے اپنے مذہب کے مطابق مخفی چیزوں کو سدھ کرنے کے بارے میں پوچھا اپنی فرمائش ظاہر کی کہ تحفہ روحانیات میں پہلے غیر مسلم حضرات کیلئے بھی کئی اعمال پیش کئے جاتے تھے مگر اب کافی عرصہ سے ایسا نہ ہو رہا ہے برائے مہربانی پیاسی صاحب آپ ہمارے مذہب کے مطابق مختلف منتر شائع کروا کر ہماری پیاس بجھائیں۔ میں نے ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے اس بارے میں ٹیلی فونیک رابطہ کر کے آگاہ کیا تو شاہ صاحب نے فرمایا کہ بے شک غیر مسلم حضرات بہت شوق سے تحفہ روحانیات کا مطالعہ کرتے ہیں خاص طور سے لکی نمبرز وغیرہ سے فائدہ اُٹھاتے ہیں۔ ملک بھر خصوصاً اندرون سندھ سے غیر مسلم افراد تحفہ روحانیات میں اپنے پڑھنے کیلئے مضامین بھی تلاش کرتے ہیں اُن کی خواہش کا احترام کرتے ہوئے یہ سلسلہ شروع کیا جا رہا ہے شرط اول ہے کہ مسلم حضرات کو سختی سے ان منتروں کو سدھ کرنے منع کیا گیا ہے۔ ورنہ دائرہ اسلام سے خارج ہو جائینگے اور سخت رجعت کا بھی اندیشہ ہے۔ اسی بات کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ نیا سلسلہ شروع کیا جا رہا ہے اپنے اُن تمام غیر مسلم قارئین کے نام

دیوی کو سدھ کرنا: ۔شنگھ دھارنی، اشگھ دھارے ھرانگ ھرینگ کلینگ کلینگ مشرینگ اوم سواھا کرشنا۔

عامل کو چاہئے کہ صبح سویرے آفتاب کے طلوع ہونے سے بیشتر اٹھے اور ضروری حاجات سے فارغ ہو کر ایک بڑ کے درخت کے نیچے بیٹھ جائے اور مندرجہ بالا منتر کا جاپ دس ہزار سورج نکلنے سے پہلے پہلے کر لے اس عمل کو کم از کم 04 گھنٹہ درکار ہوتے ہیں اور پھر اسی جگہ یعنی بڑ کے درخت کے نیچے ہی گھی وغیرہ سے ایک ہزار منتر کے ذریعے ہون کرے تو دیوی سدھ ہو گی اور جو چیز مانگو کے حاضر کر دے گی کسی قسم کا عذر نہ کرے گی

آب حیات پانا: ۔اوم ھرینگ چند رکے اوم سواھا کرشنا۔

اس منتر کا جاپ بھی بڑ کے درخت کے نیچے بیٹھ کے کیا جائے اور پون وغیرہ بھی ساتھ ہو یعنی مطلب یہ ہے کہ جس طریقے سے مندرجہ بالا منتر کو سدھ کیا گیا تھا کیا جائے تو دیوی خوش ہو کر آب حیات دے گی۔ مگر یہ یاد رکھنا چاہئے کہ اس منتر کو وہی سدھ کر سکتا ہے۔ جو آدمی ہر وقت پاک صاف ہو اور منتر کے پڑھتے وقت برے خیالات کی طرف دھیان نہ دے۔ بلکہ ہر وقت نیک خیالات کو اپنا ہمجولی بنائے رکھے۔

غائب ھونے کا منتر: ۔اوم بدن میکھے نمہ اوم سواھا کرشنا۔

دھتورے کے درخت کے نیچے بیٹھ کر مندرجہ بالا منتر کا جاپ ہر روز متواتر چودہ دن کے اندر اندر ایک لاکھ کا جاپ مکمل کرے تو دیوی خوش ہو کر ایک سرمہ دے گی جو شخص اس کو لگائے وہ سب آدمیوں کو دیکھ سکے گا لیکن خود کسی کو بھی دکھائی نہ دے گا اور اگر اندھیرے میں کوئی چیز دیکھنا چاہئے تو دیکھ سکتا ہے۔ اگر کسی اندھیری جگہ پر چلا جائے تو وہاں روشنی نمودار ہو جائے گی مگر عامل کو چاہئے جاپ شروع کرتے وقت برے خیالات کو دل میں جگہ نہ دے تا کہ اس کا منتر سدھ ہو جائے اور اس کا پھل پراپت ہو۔

رسائن ھونا: ۔اوم لکشمی ونگ کملا دھارنی اوم سواھا کرشنا۔

اس منتر کا جاپ ایک لاکھ اپنے گھر میں بیٹھ کر کرے اور مور کے پروں کی دھوپ دکھائے۔ اس کے دس ہزار منتروں کے ذریعے برگ وکنیر وکھی کو ملا کر ہون کرے اور پھر دیوی خوش ہو کر رسائن دے گی اس سے عامل جس قدر سونا بنانا چاہئے بنا سکتا ہے۔ عمل مشکل سے 05 گھنٹہ کا وقت درکار ہوتا ہے۔ مگر یہ لازمی ہو گا کہ اس کا منتر کا جاپ ماہ بیساکھ میں سواتی نچھتر سے شروع کرنا چاہئے اور روزانہ ایک ہزار جاپ کیا جائے۔

موکل کو سدھ کرنا: ۔اوم وکلے انگ ھرینگ کلینگ شرینگ اوم سواھا کرشنا۔

مندرجہ بالا منتر کا جاپ ایک لاکھ دفعہ کیا جائے اور تین ماہ تک لگاتار اپنے گھر میں بیٹھ کر کرے اور جب منتر کا جاپ کر چکے تو آخر میں دس ہزار منتروں کے

مقبول عام کتب خانہ، اردو بازار اٹک 0321-5715076 ادارہ روحانیات

ذریعے کنیر کے پھول لے کر ان کو گھی میں ملا دے اور ہون کرے ایسا کرنے سے موکل تمہارے تابع ہو جائے گا۔

دیوی کا منتر: ۔اوم انیگ انتے ہرینگ اینگ بھے ہی سند عری ہس ہس سواہا۔

صبح سویرے اٹھ کر کسی چوراہے میں بیٹھ جائے اور اس منتر کا جاپ ایک لاکھ کرے اور دس ہزار منتر کے ذریعہ گلاب کے پھول و گھی ملا کر ہون کرے تو دیوی پرسن ہو کر ایک چیز دیگی۔ جسکے ذریعہ سے کچھ حکومت کرنے کی امید ہوتی ہے۔ اگر دس ہزار منتر سے صرف گھی کا ہون کیا جائے تو ایک اوزار ملتا ہے۔ جو کہ بہت ہی کارآمد ہوتا ہے۔ سینکڑوں میل دور کا فاصلہ ایک منٹ میں طے کرتا ہے۔

سفر کا منتر: ۔اوم کلینگ سوچنا دی دیوی اوم سواہا کرشنا۔

ہر روز بوقت شام کسی ندی کے کنارے پر جایا کرے اور برابر تین ماہ تک تین لاکھ جاپ ختم کرے اور جاپ ختم کرے اور جاپ ختم کرنے کے بعد ایک لاکھ منتر سے گھی کو ہون کرے تو دیوی خوش ہو کر ایک قسم کی کھڑاویں عطا کرے گی جس کو پہن کر اگر عامل چاہے تو ہزار کوس کے فیصلہ کو ایک منٹ میں طے کر لے اور لطف یہ کہ تھکاوٹ بالکل نہ ہو۔ خواہ کوئی کیسی ہی مشکل مسافت ہو اور یہ عمل بیساکھ سواتی پکھتر کے سوائے اور کسی دن کو شروع نہ کیا جائے ورنہ اس کے سدھ ہونے کی کوئی امید نہ ہوگی۔

دیوی کو بس میں کرنا: ۔اوم ہرینگ درجا کھتی ولاستی اگچھا گچھ ہرینگ پر یہ لے بھو کلینگ اوم سواہا کرشنا۔

مندرجہ بالا منتر کا جاپ دریا کے کنارے بیٹھ کر کرنا لازمی ہوگا اور جاپ تقریباً پچاس ہزار کرنا چاہئے۔ پھر بعد جاپ ختم کرنے کے گھی اور گوگل کو ایک کر دے اور اس منتر کو دس ہزار آہوتی دے۔ گھی کو ہون کرے اور آل میں آہوتی دے۔ دیوی قابو میں جائے گی۔

تنگی دور کرنے کا منتر: ۔اوم ہرینگ آگچھا آگچھ سرسندری اوم سواہا کرشنا۔

اس کے جاپ کرنے والے کو چاہئے کہ ہر روز ایک ہزار منتر کا جاپ کرے اور اس طرح سے متواتر تین ماہ تک عمل جاری رکھے اور مہادیو کی مورتی کے پاس بیٹھ کر گھی و گوگل کا پندرہ ہزار منتر کے ذریعے ہون کرے۔ عمل پورا ہونے پر منتر سدھ ہوگا اور دیوی حاضر ہوگی اس وقت اس کو دیکھ کر نمسکار کرے اگر دیوی کہے کہ بول تو کیا چاہتا ہے۔ تو ہاتھ جوڑ کر پراتھنا کرے۔ یعنی یہ منتر پڑھے۔ دیوی داد دریہ دوگد سوہی تمسے ناشیہ ستوانگ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ مجھے فلاں نے بہت دکھی کیا ہوا ہے اور مفلسی سے بہت تنگ ہوں اس لئے ان سے مجھے بچا اور ان کا ناش کر دے تا کہ آرام سے میں رہوں۔

کالی دیوی کو سدھ کرنا: ۔اوم کالکا دیوی اوم سواہا کرشنا۔

گنوں کے رہنے کی جگہ گوشالہ میں جا کر اس منتر کا دو لاکھ جاپ کرے اور بیس منتر سے گھی کو ہون کرے تو دیوی سدھ ہوگی اور جو منہ سے مراد مانگو گے برآئے گی اور منتر بحساب ہر روز ایک ہزار کے تمام دو لاکھ جاپ ختم کرنا چاہئے۔ لیکن عامل کو لازمی ہے کہ سوائے منگل کے روز کسی اور دن جاپ شروع نہ کرے نہیں تو منتر سدھ نہ ہوگا اور اس کی محنت فضول جائے گی۔

دیوی سے در حاصل کرنا: ۔اوم کرنا سپتا چنی پنگلڈے لوچنے اوم سواہا کرشنا۔

اس منتر کا جاپ خواہ کتنے دن لگیں ایک لاکھ تک کرنا لازمی ہے۔ لیکن متواتر کیا جائے اور جب اس طرح سے پورا پورا جاپ کر چکو تو پھر ہزار منتر کے ذریعے ہون کرو۔ پھر ایک ہی وقت میں گڑ تل ملا کر کھانا چاہئے ایسا کرنا سے دیوی خوش ہوگی اور تمہیں درد ے کہ تم ہر ایک بات کو خود بخود معلوم کر لو گے اور ساتھ ہی پاتال کا خزانہ یعنی زر و مال بھی بتا دے گی جس سے تم اپنی زندگی بہت وسیع پیمانے پر بڑے آرام سے گزارو گے۔ مگر عامل کو خیال رکھنا چاہئے کہ یہ عمل بروز وبردار شروع کرے تا کہ اپنی محنت کا پورا پورا پھل لے سکے۔

مراد پوری ہو: ۔اوم پچسرے چتروپین سد ہنگ کرد اور اوم سواہا کرشنا۔

صبح سویرے اٹھ کر اور ضروری حاجات سے فارغ ہو کر اشنان کرے پھر صاف ستھرے کپڑے پہن کر ایک بڑ کے درخت کے نیچے بیٹھ جائے پھر ایک لاکھ کا جاپ کرے جب جاپ کر چکے تو شہد گھی دودھ میں ملا کر ہون کرے اور ہون بذریعہ دس ہزار اور منتر سے کیا جائے۔ پھر دیوی خوش ہو کر تمہاری خواہشات پورا کرے گی جس سے کہ آپ کی زندگی سدھر جائے گی۔

دیوی کو قابو کرنا: ۔اوم رینگ ہرینگ مہانندے بھیکھے ہرینگ ہرونگ اوم سواہا کرشنا۔

جہاں پر تین راستے آپس میں ملتے ہوں وہاں پر اس منتر کا جاپ لاکھ بار کیا جاتا ہے اور جب اس طرح سے تین ماہ برابر ہو جائیں پھر دس ہزار منتر کے ذریعے گھی اور گوگل کا ہون کرے تو دیوی قابو میں ہو جائے گی اور تمہارے کہنے کے مطابق عمل کریگی۔

کرشمات بخاری

لوح غلبہ دشمن

تحریر :۔ شیخ عبدالخالق (کراچی)

قارئین محترم تحفہ روحانیات، بعد سلام میری دُعا ہے اللہ پاک ہم سب کو سلامت رکھے، ہر درد و تکلیف ہر بیماری اور دشمن سے محفوظ رکھے۔ تبدیل ہوتا ہوا موسم اور ملکی سیاست کی تبدیلی تمام دوستوں کو مبارک ہو۔ آمین۔

محترم عزیز قارئین! میرے آج کے مضمون کا عنوان ہے ''لوح غلبہ دشمن''۔ الحمدللہ اس لوح کے کرشمات حامل خود محسوس کرے گا۔ آج کل ذرا ذرا بات پر لوگ ایک دوسرے کے دشمن بن جاتے ہیں اور پھر یہ کوشش کرتے رہتے ہیں کہ کسی بھی طرح دشمن کو زیر کردوں، ہر طرح کا زور لگاتے ہیں جادو سے مزید لوگوں کے ذریعے جو بداخلاق قسم کے ہوں، میری روحانی تحقیق کے مطابق زیادہ تر جادو وسفلی عملیات سے تباہ و برباد کرنا چاہتے ہیں اور ایسے لوگ کسی حد تک کامیاب بھی ہو جاتے ہیں۔ میری ہمیشہ سے کوشش رہی ہے ایسے وظائف نمونے پیش کروں جو کارآمد و عمدہ ہوں۔ یہ سب ممکن ہوا ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کی وجہ سے یہ بڑے خاص لوگ ہیں جو وظائف کے موتی جمع کر کے آپ قارئین کو دیتے ہیں ان کیلئے خاص دعائیں کیا کریں۔

دشمن کی پوری کوشش ہوتی ہے کہ سامنے والے فریق کو تباہ کردوں اور اس کے ساتھ ساتھ اس کے تمام اہل وعیال کو بھی برباد کردوں اس کا کاروبار وملازمت سب ختم ہو جاتا ہے اس فریق کا پاس کچھ نہیں بچتا لہٰذا وہ خودکشی کرنے کا سوچتا ہے ان حالات کے حساب سے میں نے یہ لوحِ غلبہ دشمن تیار کی اور کئی تجربات کئے ہیں اللہ کے فضل سے کافی کامیابیاں ملی ہیں جس کو یہ لوح تیار کر کے دی اللہ نے دشمن کے وار کو لوٹا دیا، اسی پر دشمن ایڑی چوٹی کا زور لگا لگا کر تھک جاتا ہے اور آخر ناکام ہو جاتا ہے اس لوح کے کچھ فائدے بتاتا ہوں جن میں کسی قسم کا کوئی شک وشبہ نہ ہے۔

(1) سب سے پہلے کام دشمن پر غلبہ پانا۔
(2) چار وجنات بندش سے تحفظ۔
(3) اہل وعیال کی جان ومال کی حفاظت۔
(4) تسخیر خاص وعام/افسر وحاکم۔
(5) روحانیت سیکھنے والوں کو ہر وظیفہ میں کامیابی اور رجعت ونحوست سے تحفظ دیگی۔
(6) ہر کام میں آسانی پیدا ہوتی جائے گی۔
(7) امتحان میں کامیابی۔
(8) لاعلاج امراض میں شفا ملے گی۔
(9) امان وسکون قائم ہوگا۔
(10) حادثات سے تحفظ ملے گا۔

اس لوح کو وہ تیار کر سکتا ہے جس نے نادعلیؑ، حروف تہجی، حصار خاص کے چلے کئے ہوں اور کم از کم پانچ چلے کئے ہوں، عام بندہ اس کو نہیں بنا سکتا۔ براہ کرم رجعت کے مسائل سے بچیئے۔ یہ لوح شرف قمر پر تیار کر سکتے ہیں، چاندی کے پترے پر۔ شرف قمر کا وقت آپ مزمل روحانی جنتری سے دیکھ سکتے ہیں۔

پرہیز :۔ لوح تیار کرنے سے پہلے ایک مرغا ذبح کریں، صدقہ کی نیت سے پھر تازہ غسل کرے اور نادعلیؑ 110 بار پڑھیں اور پھر لوح تیار کریں، قبلہ رُو ہو کر اور اس لوح پر تنجم ہوگا یعنی ستاروں کی روشنی میں گیارہ رات رکھنا ہوگا۔ بارہویں دن 1100 روپے خیرات کریں اور حکم لگا کر سائل کو دیں، حکم سے مراد حصار کا وظیفہ جو اس نے کیا ہو وہ پڑھ کر دے۔ ان شاء اللہ دشمن کا ایک وار بھی نہیں چلے گا، آئندہ ماہ ایک نئے مضمون کے ساتھ حاضر ہونگا۔ جب تک کیلئے اللہ حافظ۔

لوح یہ ھے :۔ وجعلنا من بین ایدیھم سداً و من خلفھم سداً فاغشیناھم فھم لا یبصرون۔ ا ح د ء ص ط ع ک ل م و ہ لا ء۔

لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم — یا مومن ۷۸۶ یا مھیمن — لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم

یا سلام ۱۶۵۶۱۱	یا حفیظ ۱۶۵۶۲۵	یا عزیز ۱۶۵۶۲۱	یا رقیب ۱۶۵۶۱۸
یا فتاح ۱۶۵۶۲۲	یا وکیل ۱۶۵۶۱۷	یا قوی ۱۶۵۶۱۲	یارحمن ۱۶۵۲۶۴
یا ودود ۱۶۵۶۱۶	یا کریم ۱۶۵۶۱۹	یا روف ۱۶۵۶۲۷	یا قمار ۱۶۵۶۱۳
یا جبار ۱۶۵۶۲۶	یا علی ۱۶۵۶۱۴	یا عظیم ۱۶۵۶۱۵	یا نور ۱۶۵۶۲۰

الٓمٓ۔ صٓ۔ نٓ۔ یٰسٓ۔ کٓھٰیٰعٓصٓ۔ الٓرٰ۔ حٰمٓ

الکریم نیوز ایجنسی، کچہری بازار اوکاڑہ 0345-7526419 ادارہ روحانیات

مجرب حاضرات

تحریر:۔سید طارق زیدی (کراچی)

قارئین تحفہ روحانیات! پچھلے ماہ آپ کو حاضرات کے مختلف طریقے بتائے تھے اس بار سورۃ اخلاص کی مدد سے حاضرات کا نایاب طریقہ بتا رہا ہوں جو کہ مجرب ترین ہے اور استادوں کی طرف سے عطا کردہ ہے۔

اب سورۃ اخلاص کے ذریعے کچھ نادر اور اہم طریقے نقل کئے جا رہے ہیں جو روحانی عملیات کا ایک پراسرار تحفہ ہیں لیکن چونکہ ہم نے یہ تہیہ کرلیا ہے کہ جب تک ہم علم و عمل سے کام نہیں لیں گے اس وقت تک کامیابی ناممکن ہے ہر مخفی گوشے اور ہر پوشیدہ راز سے پردہ ہٹا دینا ہم ضروری سمجھتے ہیں اور یہ جذبہ محض اس لئے ہے کہ شائقین اور طالبین کھل کر اللہ کے بندوں کی خدمت کرسکیں اور انہیں اثرات بد وغیرہ سے نجات دلانے میں کامیاب ہوسکیں۔

جو لوگ سورۃ اخلاص کے ذریعے حاضرات کے خواہشمند ہوں سب سے پہلے 40 روز تک پانچ سو مرتبہ روزانہ سورۃ اخلاص کی تلاوت بہ خلوص نیت کریں۔اس کے بعد سات دن کی زکوۃ مندرجہ ذیل عزیمت کی اس طرح ادا کریں کہ دن میں روزہ نہ رکھیں اور رات کا اکثر حصہ ذکر خداوندی میں گزاریں۔نصف شب کے بعد 167 مرتبہ عزیمت پڑھیں۔اول و آخر اکیس اکیس مرتبہ درود شریف چشتیہ پڑھے اور روزانہ تین پاؤ بھنے ہوئے چنے اور تین پاؤ گڑ لا کر رکھ لے۔وظیفہ کے بعد ثواب تمام اہل بیتؑ اور اکابرین چشت کو پہنچا دے اور صبح کو تین پاؤ گڑ اور چنے مسکن بچوں میں تقسیم کر دے۔ان شاء اللہ سات دن میں زکوۃ ادا ہو جائے گی۔زکوۃ کے بعد تاثیر وظیفہ ظاہر ہوگی۔روزانہ چالیس مرتبہ سورۃ اخلاص کی تلاوت بغیر موکل کے کرتا رہے۔دوران گفتگو اگر موکل حاضر ہو جائیں تو ہرگز بات نہ کریں۔وظیفے کے ختم ہونے تک اگر وہ بیٹھے رہیں تو سلام و کلام کر سکتے ہیں۔

زکوت کے بعد جب حاضرات کرنا چاہئے تو سورۃ اخلاص کا مثلث نقش تیار کرے اور درمیان کے خانے میں سیاہی بھر دے۔حاضرات کی تیاری حسب قاعدہ کرے اور نابالغ بچے کو یہ نقش پکڑا دے اور مریض کو بچے کے برابر بٹھائے اور روحانی معالج یہ عزیمت پڑھنا شروع کردے۔ان شاء اللہ چند ساعتوں میں حاضرات کھل جائے گی اور موکلین حاضر ہو کر ہر سوال کا جواب دیں گے اور اطاعت کریں گے۔اگر کسی سحر زدہ کی کاٹ کرنی مقصود ہو تو عطرائیل نامی موکل کو حکم دیں کہ بحرمت سورۃ اخلاص اسکی کاٹ کر دے۔ان شاء اللہ فوراً وہ سحر کی کاٹ کرے گا۔اگر کسی آسیب کو گرفتار کرانا ہو تو حکم دیں۔ان شاء اللہ متعلقہ موکلین اس کو گرفتار کر دیں گے۔

سورۃ اخلاص کی حاضرات بہت خوبیوں والی حاضرات ہے۔اس کی تعریف کما حقہ کرنا راقم الحروف کے بس میں نہیں ہے۔جو لوگ جانتے ہیں وہ اس کے قدر دان ہیں۔جو لوگ اس سے فائدہ اٹھائیں گے وہ قدردانی پر مجبور ہونگے۔اللہ سب کی عزت قائم دائم رکھے۔(آمین)

عزیمت یہ ہے:۔**بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ عَزَّمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا عَطرَ ئِيلُ قُلْ هُوَا اللّٰهُ اَحَد يا هموا كيل بحق اللّٰهُ الصَّمد يا طاطائيلُ بحق لَمْ يَلِد وَلَمْ يُوْلَد يَا اصحائيلُ بحق وَلَمْ يَكُن لَه كُفُواً اَحَد۔**

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ عَزَّمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا عَطرَ ئِيلُ قُلْ هُوَا اللّٰهُ اَحَد يا هموا كيل بحق اللّٰهُ الصَّمد يا طاطائيلُ بحق لَمْ يَلِد وَلَمْ يُوْلَد يَا اصحائيلُ بحق وَلَمْ يَكُن لَه كُفُواً اَحَد

قل	هو	الله	احد
الله	الصمد	لم	يلد
ولم	يو	لد	ولم
يكن	له	كفوا	احد

فضیلت درود: ۔حضرت حافظ محمد صدیق قادریؒ خانقاہ بھر چونڈی شریف جسمانی تکلیف' مرض کا علاج' مکروہات دینوی اور ترقی درجات کیلئے درود شریف قدسی کا کثرت سے ورد فرماتے تھے 10 ہزار سنگریزوں کی 2 بڑی بالٹیاں مسجد کے گوشہ میں ہر وقت موجود ہوتی تھی۔ مصیبت زدہ لوگ آتے اور خانقاہ کے فقراء سے درود قدسی پڑھوا کر دم کرواتے۔تاہنوز یہی طریقہ اب بھی جاری ہے۔

درود قدسی:۔صل اللہ علیہ وآلہ وسلم

تسخیرات ارواح وھمزاد

تحریر:۔ صوفی ظفر محمد کھوکھر (جھنگ)

حصول انعام اور شمعلونی

یا شَمْعَلُوْنِیْ اَلَّذِیْ نَجّا مِنَ الْکَرْبِ الْعَظِیْمَ

ترکیب عمل:۔ حصار میں ایک عدد پیکٹ اگربتی کا رکھیں اور چاقو یا لوہے کی کوئی چیز پر تین بار آیۃ الکرسی پڑھ کر دم کر کے سر پر گھماتے رہیں اور آخری تینوں قل شریف پڑھتے جائیں جب پڑھ لیں تو لوہے کی چیز یا چاقو پر دم کر کے اپنے گرد دائرہ لگائیں جہاں عمل پڑھیں وہاں کوئی دوسرا نہ ہو۔ ایک جگہ عمل کیلئے پہلے ذہن میں رکھیں اب اگربتی حصار میں جلائیں اور عمل کی ایک سو نو 109 تسبیح پڑھیں ۔ ڈھائی گھنٹے کا عمل ہے جب پڑھ لیں تو کڑا کھولنے کی نیت سے اکتالیس بار درود شریف اکتالیس بار آیت الکرسی اکتالیس بار تینوں قل شریف پڑھ کر باہر آئیں اور منہ میں فارغ وقت میں چھوٹی الائچی رکھیں اس طرح اکیس رات کریں اول تو گیارہ رات کے بعد حاضر ہو کر بات کرے گی ۔ جب تیسری بار پوچھے تو اپنا کام بتا دیں کہ اس لئے بلایا ہے۔ بونڈ کا نمبر یا فلاں کے دل میں محبت پیدا کرنا یا مریض کو صحت یاب کے لئے دوائی پوچھنا ہر جائز کام کرنے کی طاقت ہے اب اس عمل کے بتانے والے دنیا میں نہیں رہے۔ فوت ہو چکے ہیں اس لئے عمل ظاہر کیا گیا ہے ایک اگربتی ختم ہونے کو ہو تو دوسری اس سے جلا لیں۔

تسخیر شمعلونی

ترکیب:۔ جو شخص آپ کو تنگ کرتا ہے اس کا تصور کر کے روزانہ تین ہزار بات پڑھا کریں دو ماہ پڑھتے رہیں حصار ڈال کر وہ آپ کو تنگ کرنا چھوڑ دے گا اس چیز کے بہت سے جنات تابع ہیں یہ کوئی معمولی عمل نہیں ہے جو کرے گا دیکھ لے گا جس نے یہ بتایا تھا اسکی قبر پر لوگوں کا میلہ لگا رہتا ہے۔ اگر کوئی عامل اس کو مکمل طور پر تابع کرنا چاہئے تو خط کے ذریعے معلوم کر سکتا ہے۔ طریقہ۔ عام آدمی نہ دریافت کرے ان دونوں عملوں میں کسی قسم کا پرہیز نہیں جس چیز کو شریعت نے حلال کیا ہے کھائیں جس کو حرام کیا ہے نزدیک نہ جائیں۔ عمل کی اجازت جس سے روحانی تعلق رکھتے ہوں ان سے ہیں۔ مجرب عمل ظاہر کر دیا گیا ہے۔

تسخیر کالا کلوا

کالا کلوا کالی رات میں بلاواں آدھی رات
توکیوں آویں پچھلی رات آوے کلوا جاوے کلوا
آمائی کال کات جامائی کال کات۔

ترکیب عمل:۔ قبرستان میں جھونپڑی بنا کر اپنے پاس گوشت کم از کم چھٹانک پانچ لازمی ہو یہ عمل حصار لگا کر پڑھا کرے پھر حصار کاٹ کر گھر آجایا کرے یا وہیں رہ جائے اپنی مرضی ہے جھونپڑی واپس بھی لا سکتا ہے یعنی چار کانے یا لکڑیاں زمین میں گاڑ کر اور چادر یا پلاسٹک باندھ کر نیچے بیٹھ کر کرے گیارہ تسبیح۔ گیارہ روز بعد لازمی آکر پوچھے گی میرے واسطے کیا لایا ہے گوشت سامنے کر دیں ۔ اگر پڑھائی کے دوران بات کرے اگر تعداد مکمل ہونے کے بعد سوال کرے تو کہہ دے گوشت لایا ہوں میرا یہ کام ہے گوشت روزانہ پاس رکھنا ہوگا کسی وقت بھی آکر مانگ سکتی ہے ہمیشہ حاضری کا اصرار نہ کرے یہ بہت خطرناک دیوی ہے ۔ کام لیکر یعنی پسند کی شادی بونڈ کا نمبر یا دشمن سے محفوظ رہنے کے لئے مریض کی صحت کیلئے نسخہ پوچھ کر آزاد کر دیں تو بہتر ہے آج کل کے دور میں ایسی خطرناک چیزیں پاس رکھنا ہر کسی کا کام نہیں ہے۔ آگے آپ کی مرضی۔

تسخیر ھمزاد

اَلصَّلٰوۃُ وَصَّلَیْکَ بندے خدا دے اُمتِ رَسُول جَبّار
آئے کشادہ بنَامِ کَرِیْم ھشتم کلیجے دُر گنج حکیم

ترکیب عمل:۔ رات علیحدہ جگہ کا انتخاب کر کے اپنے پیچھے سات دیئے چراغ کے تیل ڈال کر جلائے اس طرح چراغ رکھے کے سایہ اپنے جسم کا سامنے ہو جسم پر کپڑا نہ ہو لنگوٹ پہن سکتا ہے اگربتی جلائے یا جسم پر خوشبو لگائے تعداد عمل گیارہ تسبیح ہے۔ چراغ کے سائے میں ہمزاد بھاگتا ہوا نظر آئے تو عمل

پڑھتے ہوئے اُس کے سر کی ٹوپی اتارنے کی کوشش کریں جب موقع ملے۔ جب آپ ٹوپی اتار لیں گے تو وہ عاجزی کرے گا میری ٹوپی مجھے دو۔ آپ اپنا مقصد بیان کر دیں یہ کام ہے یہ کرو گے تو ٹوپی ملے گی جب وہ وعدہ کرے تو ٹوپی دے دیں حصار ڈال کر پڑھائی شروع کریں تا کہ دل کو تسلی ہو جائے میں محفوظ ہوں پرہیز جمالی کریں گوشت ہر قسم کا کھانا بند کر دیں بدبودار چیزوں سے پرہیز کریں جگہ ایک ہو جہاں کسی قسم کا سامان نہ ہو گیارہ رات میں اثرات شروع ہوں گے لیکن پورا چلہ چالیس رات عمل کریں۔ جو عمل کر کے تھک چکے ہیں ہمزاد کا وہ یہ کریں دیکھیں کیسے نہیں حاضر ہوگا۔

برائے وسعت رزق

ترکیب:۔ عشاء کے بعد یا صبح سورج نکلنے کے بعد گیارہ دن درود شریف تین ہزار بار پڑھ کر حضور اکرم ﷺ کو ملک کر دیا کرے آخری پڑھائی سے پہلے ایک سفید کاغذ جس پر یہ تعویذ لکھا جا سکے اپنے پاس رکھے سرکار دو عالم کو درود شریف ہدیہ کرنے کے بعد اس کاغذ پر پھونک مار لیں پھر یہ تعویذ اس کاغذ پر لکھ کر بعد میں دعا کر کے دکان میں لٹکائے یا اپنے بازو پر باندھ لے مقصد گیارہ دن کے اندر پورا ہوگا جو جائز مقصد ہو۔

برحمتك یا کریم ۷۸۶ برحمتك یا کریم

۱۶۹۸۰	۱۶۹۸۳	۱۶۹۸۷	۱۶۹۷۳
۱۶۹۸۶	۱۶۹۷۴	۱۶۹۷۹	۱۶۹۸۴
۱۶۹۷۵	۱۴۹۸۹	۱۶۹۸۱	۱۶۹۷۸
۱۶۹۸۶	۱۶۹۷۷	۱۶۹۸۶	۱۶۹۸۸

بحرمۃ میکائیل — یا جبرائیل

اغثنی اغثنی یا کریم بن رزق کشادہ شود

نوٹ:۔ درود شریف میں نے یہ پڑھا تھا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جو آپ مرضی پڑھ سکتے ہیں درود شریف۔

عقد السان

جب بھی کسی کی زبان بندی کا ارادہ ہو اس تعویذ کو گیارہ دن زوال کے اکتالیس بار لکھ کر جلایا کرے اور خاک ویران جگہ دفن کر دیا کرے جب ضرورت ہو زوال کے وقت لکھ کر ویران جگہ دفن کرے یا پتھر کے نیچے دبائے تین دن کے اندر اثرات ہوں گے جائز جگہ استعمال کریں ورنہ گناہ گار ہونگے۔ عمل قائم رکھنے کے لئے تین تعویذ روز لکھا کرے جب اکٹھے ہوں جائیں جلا دیا کرے۔

۲۶۶	۲۷۳	۲۶۸
۲۷۱	۲۶۹	۲۶۷
۲۷۰	۲۶۵	۲۷۲

دفع اثرات جنات

ترکیب عمل تعویذ:۔ یہ دونوں تعویذ 21 دن گیارہ گیارہ بار عشاء کے بعد لکھا کرے علیحدہ جگہ اگر بتی جلا کر اکیس دن کے بعد ایک تعویذ روزانہ لکھنا ہوگا زکوۃ قائم رکھنے کے لئے اکیس دن تک ایک روٹی چڑیوں کو باریک ٹکڑے کرے ڈالنی ہوگی جب ضرورت ہو یہ دونوں تعویذ لکھ کر شریٹی پاس ہو ختم شریف پڑھ کا بزرگان دیں۔ اور موکلات کو ثواب پہنچا کر سایہ والے مریض کو دیں کہ پانی میں ڈال کر صبح شام چہرے پر چھڑکا کرے جو کپڑے دھو کر پہننے سے پہلے معمولی سا پانی ان تعویذ والا کپڑوں پر چھڑک کر استعمال کیا کرے ہر سات دن بعد نیا تعویذ استعمال کرنا ہوگا طریقہ پہلے تعویذ والا ہوگا اس طرح سات تعویذ استعمال کریں سایہ دور ہو جائے گا صحت ہونے پر ایک دیگ پکا کر تقسیم کریں اگر مریض چہرے پر چھڑکنے کو دیں سایہ اسی وقت بھاگ جائے گا مریض اچھا ہو جائے گا۔

۳۹۳ ۷۸۶ ۲۵۸

۱۶۹۸۰	۱۶۹۸۳	۱۶۹۸۷	۱۶۹۷۳
۱۶۹۸۶	۱۶۹۷۴	۱۶۹۷۹	۱۶۹۸۴
۱۶۹۷۵	۱۶۹۸۹	۱۶۹۸۱	۱۶۹۷۸
۱۶۹۸۲	۱۶۹۷۷	۱۶۹۷۶	۱۶۹۸۸

۱۲۳ ۳۳۰

۳۹۳ ۷۸۶ ۲۵۸

۳۵۱۸	۳۵۲۱	۳۵۲۴	۳۵۱۱
۳۵۲۳	۳۵۱۲	۳۵۱۷	۳۵۲۲
۳۵۱۳	۳۵۲۶	۳۵۱۹	۳۵۱۶
۳۵۲۰	۳۵۱۵	۳۵۱۴	۳۵۲۵

۱۲۳ ۳۳۰

نوٹ کسی صاحب اجازت لے کر کریں تو روحانی امداد حاصل رہے گی کیونکہ ساعمل تعویذ پر بھی اثر کر سکتا ہے۔ فون پر اجازت نہ لیں بلکہ جس پر آپ کو اعتماد ہے ان کے در پر جا کر نذرانہ حسب توفیق دیں ہو سکے دیگ یا بکرے کے پیسے دیں نیاز بتا کر دیں اس سے آپ ہر قسم کی پریشانی سے بچ جائیں گے یہ میرا اپنا طریقہ رہا ہے۔ اس لئے جگہ جگہ کامیابی ہوئی۔

حاضرات یا بدوح

تحریر:۔ ایس اے شہزاد (پشاور)

اسم یا بدوح سے جو حاضرات ہوتی ہے وہ انتہائی طاقت ور ہوتی ہے اس اسم جلیلہ کے تابع اہل جنات کے بڑے سربراہ حاضر ہوتے ہیں، آپ حضرات نے اسم یا بدوح کے بہت سے حاضرات کے طریقے دیکھے ہوں گے، ذیل میں اپنا ایک خصوصی طریقہ پیش کر رہا ہوں، اس اسم کے خواص و فوائد بہت ہیں اور اس میں بہت سے اسرار پنہاں ہیں، اب جو طالب صادق ہوگا، اُس پر یہ راز خود بخود عیاں ہو جائینگے، اسم یا بدوح سے حاضرات کے علاوہ اور بھی بہت سے کام لئے جاسکتے ہیں، جنہیں بیان کرنے سے قاصر ہوں، یہاں فقط حاضرات کا طریقہ پیش خدمت ہے، اسم یا بدوح کا خاص نقش ذیل میں دیا جا رہا ہے۔

نقش مبارکہ

۲	بدوح	بدوح	بدوح	۶
۴	بدوح	بدوح	بدوح	۷
۵	بدوح	بدوح	بدوح	۳

ترکیب: ۔اس وظیفہ کی زکوٰۃ 20 دنوں میں ادا کی جاتی ہے، عروج ماہ نوچندی جمعرات سے یہ ورد شروع کیا جائے اور باوضو قبلہ رخ ہو کر بعد نماز عشاء کیا جائے، چلہ کشی کے دوران خلوت اختیار کریں، طہارت اور پاکیزگی کا پورا خیال رکھیں، سب سے پہلے اپنا حصار کرے، اس کے بعد یا بدوح کو 6250 بار پڑھیں، اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف ضرور پڑھیں، پڑھائی مکمل کرنے کے بعد اسم یا بدوح کا مذکورہ بالا خصوصی نقش کو 20 مرتبہ تحریر کریں اور صبح آٹے کی گولیاں بنا کر سمندر یا نہر میں بہا دیں، پرہیز جلالی اور جمالی کریں یہ ایک سخت جلالی قسم کا ورد ہے لہٰذا بغیر اجازت ہرگز نہ کریں، دوران وظیفہ آپ کو حیرت انگیز انکشافات ہوں گے، جو کسی پر ظاہر نہ کریں اور اگر اس دوران کوئی ذی ارواح حاضر ہو کر کلام کرے تو قطعی اس کی طرف توجہ نہ کریں۔ جب تک وظیفہ مکمل نہ ہو ان سے بات نہ کریں۔ زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد مدوات کے طور پر ایک تسبیح پڑھا کریں اور 4 نقش روزانہ لکھا کریں، حب و تسخیر کیلئے یہ نقش اکسیر اعظم ہے، آپ یہ نقش کسی حاجت مند کو دے سکتے ہیں۔

ناد علی با موکل ہر کام توکل

تحریر:۔ باوا پیر سید علی حیدر جعفری

محترم قارئین: ہم نے جو نادِ علی با موکل کا علم اور کامل وظیفہ اپنے بزرگوں سے پایا وہ نسل در نسل اور سینہ بسینہ مخلوق خدا کے فیض کے لئے جاری ہے اور بفضل خدا ہر قسم کی مشکل کے لئے آزما چکے ہیں اور اس کو فی سبیل اللہ پیش کر رہے ہیں تاکہ عوام الناس اس سے مستفید ہو سکیں، پیر صاحب نے اس مکمل وظیفہ کو ایک نقش کی صورت مخلوط کیا ہے جس کو بعد از اجازت آپ ہر قسم کے کام کے لئے استعمال کر سکتے ہیں۔ نقش درج ذیل ہے۔

ناد	الھب	سجدا	تک	یا محمد ﷺ	۵	بولایت
قبرس	۷۲	نمان	جھم	۳	۲۱	لغش
ھم وغم	جمداً	مظہرالعج	مولی	فی النور	جعفاً	تارق
بعک	۵۲	العجلتہ	جعل	۵۱۴	غاف	کامل
یااللہ	کل	سینجلی	حیدر	تجدہ عونا	جعل	کل
ھدایا	جسدا	۴	الم	نور	۴	۹
یاالعظیم	قدیر	بنبوتک	الجبار	لعظمتک	رحیم	علی

سبع طلسمات سیارگان

طلسم شمس

ھ ھ
س کھمھمسط
معع
طم

طلسم قمر

ه ه ه ـــ ل
طسطسھما لا
ااا ع ه س ص م م م

طلسم عطارد

مه مه د
عسرلاع ص
مسلسامکما

طلسم زہرہ

عاھالامه له
الالمس کمص

طلسم مریخ

٥ ٥ ٥
ع ع اه د ص
س س س

طلسم مشتری

معمه عصه
علمسطه
ممه
مـــا ـــه

طلسم زحل

صه
طس
مھکمھع
٥١ ٥١ ٥١

قارئین کرام سے التماس ہے کہ سبع سیارگان کے ان طلسمات کو اپنی بیاض خاص میں نوٹ فرمالیں تاکہ عمل خیر یا لوح کندہ کرنے کے بعد پشت پر یہ طلسمات بنائے جا سکیں۔ سیارگان کی اہم نظرات کے علاوہ شرف واوج میں بھی یہ طلسمات بہت زیادہ اہمیت رکھتے ہیں۔ (ادارہ)

لاجواب استخارہ

تحریر
نبیل مزمل
ملتان

کتاب 110 مجرب استخارے سے آپ دوستوں کی خدمت میں ایک استخارہ پیش کر رہا ہوں قواعد استخارہ کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ وظیفہ کیا جائے تو یقیناً کامیاب ہونگے۔ میں تمام دوستوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے کتاب 110 مجرب استخارے کی پذیرائی کی اور مارکیٹ میں بہت زیادہ تعداد میں یہ کتاب فروخت ہوئیوہ دوست جنہیں ابھی تک یہ نایاب کتاب نہ ملی ہے وہ ادارہ سے طلب کر سکتے ہیں۔ کیونکہ اس کتاب میں لکی نمبر سمیت دُنیا کے ہر مسئلہ بارے استخارہ اور راہنمائی موجود ہے۔

ایک کشتی میں نجومی سوار ہو کر دریا پار کر رہا تھا کہ نجومی نے ملاح سے پوچھا بھائی کیا علم جانتے ہو، ملاح نے کہا نہیں جانتا اور پھر نجومی نے کہا تب تو تم نے اپنی آدھی زندگی ضائع کر دی، یہ سُن کر ملاح بہت تلملایا مگر خاموشی سے غصہ پی گیا تھوڑی دیر بعد تیز ہوا چلنے لگی اور آندھی وطوفان سے کشتی ہچکولے کھاتی ہوئی بے قابو ہو گیا ملاح نے جب محسوس کیا کہ کشتی ڈگمگانے سے نجومی خوف زدہ ہو گیا ہے تو پھر نجومی سے پوچھا کہ بتاؤ تم کو تیرا کی آتی ہے، نجومی بولا نہیں آتی ہے تب ملاح نے کہا نجومی صاحب تم نے تو اپنی پوری زندگی ہی ضائع کر لی۔

اس بات سے ایک سبق ملتا ہے وہ یہ کہ کبھی کسی کو اپنی برتری کا احساس نہیں دلانا چاہئے کیونکہ یہ تکبر کے زمرہ میں آتا ہے اور تکبر اللہ کی ذات کو پسند نہیں ہے ان تمام باتوں کا تعلق میرے بتائے ہوئے استخارہ سے بہت گہرا ہے کیونکہ بہت سے دوست ایک بار استخارہ کی کامیابی کی صورت میں انعام اٹھانے پر تمام احباب کو بتا دیتے ہیں اور پھر وہ وظیفہ ضائع ہو جاتا ہے دوبارہ اس ورد سے نمبرات نہیں دکھائے جاتے، یہ بات استخارہ برائے لکی نمبر کی کامیابی میں بہت بڑی وجہ ہے جب کوئی انسان استخارہ کی کامیابی کا ذکر کسی سے کر دیتا ہے تو پھر اس استخارہ سے کبھی بھی نمبرات نظر نہیں آتے ہیں، یہ بہت گہرائی سے بات میرے جائزہ میں آچکی ہے بہت سے دوست جوان حالات سے گزر چکے ہیں میری اس بات سے خود ہی گواہی دیں گے۔ لہٰذا جب بھی استخارہ کیا جائے مکمل رازداری سے ہی وظیفہ کیا جائے ورنہ عمل میں کسی بھی قسم سے شک کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔

یہ وظیفہ ہمزاد کی دنیا کا لازوال ہے مگر میں نے لکی نمبر کیلئے استعمال کیا اور کامیابی حاصل کی، صرف میرے مشاہدہ کی بات نہیں ہے وہ سب دوست ہی جانتے ہیں جو ان اعمال کو اپنی زندگی کا حصہ بنا چکے ہیں باقی گواہی تو وقت ہی دیا کرتا ہے۔ میرے یا آپ کے کہنے یا نہ کہنے سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ وظیفہ اس طرح ہے کہ پہلے سات دن روزانہ 2 رکعت نفل استغفار کے طور پر ادا کریں اور روزانہ ہی ان الفاظ کو 11 بار ورد کریں اور سات روز نوافل اور 11 بار روزانہ ورد کے بعد کسی بھی روز لکی نمبر حصول کی نیت سے شروع کریں اور 2 رکعت نماز نفل برائے اوّل درجہ نمبر آئندہ قرعہ اندازی نام + شہر کا نام + تاریخ کی نیت کر کے تمام طریقہ سے نماز ادا کریں اور پھر پہلے روز 11 بار دوسرے دن 22 بار اور تیسرے دن 33 بار ورد کریں یعنی 11 سے شروع کریں اور روزانہ کے حساب سے 11 بار ورد کا اضافہ کرتے رہیں۔ جس روز واضح نمبر دکھایا جائے ورد چھوڑ دیں روزانہ کے مطابق جتنی بار یہ الفاظ کا ورد ہوتا جائے گا اُتنی کی تعداد میں اوّل آخر درود بھی پڑھا جائے گا یعنی جتنی تعداد الفاظ کی ہوگی درود بھی اُتنی تعداد میں اوّل و آخر ورد کیا جائے گا۔

ان شاء اللہ تعالیٰ تین سے سات دن میں ہر صورت کامیابی مل جائے گی وظیفہ روزانہ بعد نماز عشاء کرنا ہوگا اور بعد پڑھائی کسی سے کلام ہرگز نہ کریں ورنہ ناکامی ہو جائے گی، پرہیز کسی قسم کا نہیں ہے بس زبان سے سخت الفاظ کی پرہیز لازمی کیا جائے۔

نبی کریم ﷺ کے ہمسائے: ۔ نبی کریمؐ کے ہمسائیوں میں ابی لھب جو کہ آپؐ کے چچا بھی لگتا تھا حکم بن ابی العاص، اتبی بن ابی محیط، عدی بن حمراء، ابن الدصداء شامل تھے۔ ان ہمسائیوں میں سے صرف حکم بنی ابی العاص نے اسلام قبول کیا مکہ مکرمہ کے ہمسائے آپؐ کے ساتھ اچھا سلوک نہ کرتے تھے۔ رستے میں کانٹے بچھاتے آپؐ کے گھر میں کوڑا کرکٹ اور گندگی پھینکتے۔ اس دل دُکھانے والے واقعات پر آپؐ صرف اتنا فرماتے کے اے بنی عبدالمناف! یہ کیسی ہمسائیگی ہے؟ قریش نے حضرت محمدؐ کو اسلام کی تبلیغ سے روکنے کیلئے اور دنیاوی تبلیغ دینے کیلئے عتبہ بن ربیعہ کو آپؐ کے پاس بھیجا اور اسکی تجویز کے جواب میں آپؐ نے سورۃ حم سجدہ کی چند آیات تلاوت فرمائی یہ آیات نمبر 6 تا 9 تھیں۔ جنہیں سُن کر عتبہ بن ربیعہ واپس چلا گیا۔

عابد شاپر فروش، ریلوے چوک کوٹ ادو۔ 0333-6002048 ادارہ روحانیات

خوابوں کی تعبیر

تحریر:۔
سید عاقل شاہ کاظمی
(کوئٹہ)

خواب میں یہ دیکھنا کہ آسمان میں چڑھ کر اس میں داخل ہو گیا تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ یہ شخص شہید ہو کر عنداللہ عظمت پائے گا اور پل صراط پر سے آسانی سے عبور کر لے گا۔ ایسے شخص کو دنیا میں بھی عزت حاصل ہوگی اور وہ لوگوں میں مقبول ہوگا اور لوگ اس کا ذکر خیر کریں گے۔ اور اگر کسی نے چڑھے بغیر اپنے آپ کو آسمان میں دیکھا تو وہ جلد ہی دنیا میں عزت حاصل کریگا اور پھر اسے شہادت نصیب ہوگی۔

سورج:۔ کی تعبیر ملک اور کبھی ماں یا باپ سے ہوتی ہے۔ سورج کو پکڑ لینا اور زبردستی اس کا مالک بن بیٹھنا جب کہ وہ صاف بھی ہو۔ اور اس سے شعاعیں نکل رہی ہوں تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ جتنا حصہ پکڑا اسی کے بقدر اسے ملک ملے گا۔ اگر کسی نے سورج کی روشنی جیسی کوئی چیز دیکھی اور اس کی شعاعیں اس پر پڑ رہی ہیں تو اسے بڑا ملک اور بڑی سلطنت حاصل ہوگی۔ اور اگر سورج میں گرہن، تبدیلی یا کمی دیکھی تو ایسا شخص سلطنت میں حادثہ کا شکار ہوگا۔ یا اس کے ماں باپ سے کوئی حادثہ کا شکار ہوں گے بشرطیکہ خواب میں کوئی ایسی بات نظر نہ آئے جس سے ملک کی تبدیلی مراد ہو۔ سورج سے جھگڑا کرنے کی تعبیر یہ ہے کہ اس کے ملک میں جھگڑا ہوگا یا وہ خود اپنے والدین میں سے کسی سے جھگڑا کرے گا۔ سورج کا کسی کے گھر میں خاص کر طلوع کرنا اس بات کی علامت ہے کہ کنوارا ہے تو اس کی شادی ہوگی اگر نہیں تو شاہوں کی طرف سے اسے وسعت اور غلہ نصیب ہوگا۔ اگر بادل یا اس جیسی کوئی چیز دیکھی جس نے سورج کو ڈھانپ لیا ہے۔ تو اس سے مراد بیماری یا غم ہے جو ملک یا اس کے والدین میں سے کسی کو پیش آئے گا۔

حضرت جعفر صادقؒ کے پاس کوئی شخص آیا اور کہا کہ میں نے دیکھا ہے کہ سورج میرے جسم پر طلوع ہو رہا ہے تو آپ نے کہا کہ بادشاہ کی طرف سے کوئی بڑا منصب اور بڑی عزت کے ساتھ ساتھ دنیوی شرف بھی تمہیں حاصل ہوا۔

ایک اور شخص نے عرض کیا میں نے دیکھا ہے کہ سورج میرے سارے جسم کو چھوڑ کر میرے قدموں میں طلوع ہو رہا ہے تو آپ نے کہا جہاں جہاں تیرے قدم جائیں گے معاش کے طور پر بادشاہ کی طرف سے تجھے گیہوں پھل اور سبزیاں ملیں گی اور تو ان سے فائدہ بھی اٹھائے گا۔

چاند:۔ کی تعبیر کبھی وزیر ہوتا ہے کبھی بیوی کبھی خوبصورت بیٹا۔ اگر کوئی شخص یہ دیکھے کہ وہ چاند کا مالک بن گیا ہے یا اس نے چاند کو پالیا ہے تو وہ شخص وزیر بن جائے گا۔ اگر چاند کو گرہن کی حالت میں دیکھا یا یہ دیکھا کہ اس پر سرخی یا سیاہی چھا گئی ہے تو یہ تبدیلی یا کمی اس شخص میں واقع ہوگی جس کی طرف چاند کی نسبت ہوگی۔

ستاروں میں سے کوئی ستارہ خواب میں دیکھنا اچھی بات ہے کہ ایسا شخص وزیر یا کسی شریف ترین انسان کی طرف سے عزت پائے گا اور کبھی خواب میں ایسی بات بھی نظر آتی ہے جس کی تعبیر ناپسندیدہ ہوتی ہے کیونکہ چاند کو خواب میں دیکھنے کی تعبیر کاہن بھی ہے۔ چاند کسی کی گود میں ہو اور اس نے چاند کو ہاتھ میں لے رکھا ہو تو اس کی تعبیر ایسے بیٹے سے ہے جو اس کے یہاں پیدا ہوگا اور اسے اس سے فائدہ ہوگا۔ گھر یا بستر میں چاند نظر آنے کی تعبیر یہ ہے کہ چاند کی طرح خوبصورت بیوی نصیب ہوگی۔

ایسی خواب عورت دیکھے تو وہ جس مرد سے شادی کرے گی۔ پہلی رات کا چاند اپنے مطلع سے نکلتے دیکھا لیکن فی الحقیقت وہ پہلی رات نہ تھی تو کسی ملک کا انتظام اس کے سپرد ہوگا یا اس کے گھر لڑکا پیدا ہوگا یا غائب آدمی واپس آجائیگا یا کوئی اسی طرح کی عجیب وغریب بات ظہور پذیر ہوگی۔

ستارے:۔ ستاروں کی تعبیر شریف اور صاحب عزت لوگوں سے ہے۔ ستاروں میں کوئی خوبی یا تبدیلی نظر آنے کا مقصد یہ ہے کہ وہ خوبی یا تبدیلی اس شہر کے شرفاء میں پیدا ہوگی۔ **مریخ** کی تعبیر بادشاہ کے سپہ سالار سے ہے۔ **زحل** کی تعبیر عذاب دینے والے سے اور **مشتری** کی خزانچی اور امور سلطنت کے مدیر سے ہے جبکہ **زہرہ** کی تعبیر ملکہ اور **عطارد** کی اس کے کاتب سے ہوتی ہے۔ بہت سے یا چند ستاروں کا خواب میں مالک ہو جانا اس کی تعبیر یہ ہے کہ یہ شخص اتنے ہی شرفا اور کمینوں کا حاکم بنے گا۔ ستاروں کی حفاظت کرنے کی تعبیر یہ ہے کہ وہ لوگوں کے امور کا ذمہ دار و نگران بنے گا۔ چند یا تمام ستاروں کو کھانے کی تعبیر یہ ہے کہ یہ شرفاء کے کاموں کو انجام دینے کی سعی کرے گا آسمان سے زمین پر ستاروں کے گرنے کی تعبیر یہ ہے کہ جس مکان پر ستارا گرا اس پر اللہ تعالیٰ کا عذاب نازل ہوگا۔ اور ستارا اپنے ہاتھ میں پکڑنے کی تعبیر یہ ہے کہ اس کے گھر میں شریف لڑکا پیدا ہوگا۔ کسی نے خواب میں دیکھا کہ آسمان سے ستارے ٹوٹے

ہیں۔ اگر خواب دیکھنے والا مالدار ہے تو وہ غریب ہو جائے گا، غریب ہے تو شہادت کی موت مرے گا اور جس نے ایک ستارا دیکھا وہ نحوستوں اور بدبختی کا شکار ہوگا کیونکہ وہ چٹیل مقامات میں طلوع ہوتا ہے آسمان کسی کو چکر دے تو اس کی تعبیر سفر سے ہے۔

ایک عورت حضرت امام محمد بن سیرین کے پاس آئی وہ دوپہر کا کھانا تناول کر رہے تھے اس نے اپنے خواب کا ذکر کیا آپ نے کہا بیان کرو اس نے کہا کہ آپ کھانے سے فارغ ہو جائیں پھر عرض کروں گی۔ کھانے کے بعد آپ نے اس سے کہا اب بیان کرو اس نے کہا کہ میں نے دیکھا کہ چاند ثریا میں داخل ہو گیا۔ ایک آواز دینے والے نے مجھے آواز دی کہ محمد بن سیرین کے پاس جا کر اپنا خواب بیان کرو۔ خواب سن کر امام ابن سیرین نے اس کے دونوں ہاتھ پکڑ لئے اور فرمایا تو نے کیسا خواب دیکھا ہے؟ اس نے دوبارہ خواب سنایا، سنتے ہی ان کا چہرہ زرد پڑ گیا وہ اپنا پیٹ پکڑ کر کھڑے ہو گئے ان کی بہن نے اس کی وجہ پوچھی تو آپ نے فرمایا کہ اس عورت کے خواب کی تعبیر یہ ہے کہ میں آج سے ساتویں دن قبر میں دفن کر دیا جاؤں گا۔ چنانچہ ایسے ہی ہوا۔ ایک شخص حضرت جعفر صادقؒ کے پاس آیا اور کہا کہ میں نے چاند کو اس حال میں دیکھا گویا میں نے اسے گلے لگا لیا ہے آپؒ نے پوچھا تو کنوارا ہے؟ اس نے کہا جی ہاں۔ آپؒ نے فرمایا تو اپنے زمانہ کی حسین ترین عورت سے شادی کرے گا وہ شخص ایک عرصہ غائب رہا پھر آیا اور عرض کیا کہ میں نے مدینہ طیبہ کی حسین ترین عورت سے شادی کر لی ہے لیکن میں نے کل خواب میں دیکھا ہے جیسے چاند کو اٹھا رہا ہوں آپ نے فرمایا تیری بیوی حاملہ ہے اور جلد ہی وہ زمانے کے حسین ترین بچے کو جنم دے گی اس نے کہا میرے آقا وہ واقعی حمل سے ہے۔ چنانچہ آپ نے جو تعبیر دی ویسا ہی ہوا۔

حکایت کی گئی ہے کہ امام شافعی جب اپنی ماں کے پیٹ میں تھے تو ان کی ماں نے دیکھا کہ ستارہ مشتری انکے پیٹ سے پیدا ہوا اور مصر چلا گیا پھر وہ تیز دوڑا اور ہر شہر میں اس سے بڑی بڑی چنگاریاں اڑیں حتیٰ کہ کوئی شہر اور آبادی نہ بچی جس میں اس کے علم اور مذہب کی اشاعت نہ ہوئی چنانچہ امام شافعی کو وہی مقام و مرتبہ ملا جو ابن سیرینؒ نے بتایا تھا۔

کسی نے قیام قیامت کو دیکھا تو جس مکان میں یہ خواب نظر آیا اس میں خوب انصاف ہوگا۔ اور اگر اس مکان کے مکین ظالم ہوں گے تو اللہ تعالیٰ ان سے انتقام لے گا۔ کیونکہ قیامت کا دن فیصلے اور جزا کا دن ہے اور اگر مکان والے مظلوم ہوں گے تو ان کی مدد ہوگی اور جس نے خواب میں دیکھا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے سامنے کھڑا ہے تو یہ معاملہ بہت ہی سخت ہوگا اور خواب بھی بالکل سچا ہوگا اور تعبیر کے لحاظ سے یہی حال اس شخص کا ہوگا جس نے خواب میں قیامت کی بعض ہولناکیاں دیکھی ہوں گی۔

جس نے خواب دیکھا کہ وہ **جنت میں داخل** ہو گیا تو وہ جنت میں جائے گا اور یہ خواب اس کے نیک کاموں کی قبولیت کی بشارت ہے اگر کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے جنت کے پھل کھائے ہیں اور دوسروں کو بھی کھلائے ہیں۔ تو اس کی تعبیر "اچھا کلام" ہے جیسے نیکی اور بھلائی کی باتیں اور اگر اس نے جنت کے پھل پائے تو سہی لیکن کھائے نہیں یا ان کے کھانے پر قادر نہ ہو سکا تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کے دین میں بھلائی تو ہوگی مگر فائدہ نہ اٹھا سکے گا اور کبھی اس کی تعبیر وہ علم ہوتا ہے جس سے فائدہ نہ ہو جنت کے چشموں کا پانی خواب میں پینا یا جنت کے لباس میں سے کوئی کپڑا پہننا تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ نیکی و تقویٰ کی بدولت دنیا اور آخرت میں اس کی آرزوئیں اور تمنائیں پوری ہوگیں، جنت کے باغات اور چشمے خواب میں دیکھنا وہ نیکیاں ہیں جنہیں وہ اپنی نیکوکاری اور تقویٰ کی بدولت دنیا اور آخرت میں حاصل کرے گا اور اس کی تعبیر نعمتیں بھی ہیں جو خواب کے مطابق دنیا میں ملیں گی۔

خواب میں یہ دیکھا کہ وہ **دوزخ میں داخل** ہو رہا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ شخص بڑی خطاؤں اور جرائم کا ارتکاب کرے گا اور یہ باب جنت کو خواب میں دیکھنے کی ضد ہے۔ جہنم کا دیکھنا ہلاکت کی علامت ہے۔ ایسی خواب دیکھنے والے پر لازم ہے کہ وہ جلد سے جلد توبہ کا اہتمام کرے اپنے نفس کے ساتھ جہاد کرے اور اچھے کاموں کی طرف جلد توجہ کرے اور اگر اس شخص کو جہنم سے کوئی تکلیف نہ ہوئی تو اس کی تعبیر خواب کے انداز کے مطابق دنیا کے رنج و غم ہوں گے۔

دنیوی آگ: ۔کی تعبیر مختلف صورتوں میں کی گئی ہے بنجر جگہ (شہر محلہ یا گھر میں) آگ دیکھنا ایسی شکل میں کہ اس میں شعلہ بھی ہو اور جو چیز اس کی طرف آئے اسے وہ بھسم کر دے اور مزید اس میں ہولناک آواز بھی ہو تو اس کی تعبیر اس ظلم سے ہوگی جو اسی انداز سے اس جگہ ٹوٹے گا لیکن اگر زمین بنجر نہیں تو اس کی تعبیر طاعون، برسام، چیچک اور موت سے ہوگی جو آئے گی اور اگر آگ میں شعلہ، لپٹ اور آواز نہیں اور وہ بعض چیزوں کو جلاتی اور بعض کو چھوڑ دیتی ہے تو اس کی تعبیر حادثات اور بیماریاں ہیں آسمان سے آگ کا اس طرح اترنا کہ اس نے کوئی چیز جلائی نہ ہو تو اس کی تعبیر سخت مگر بے ضرر لسانی جھگڑا ہوگا اور اگر اس میں دھواں ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ معاملہ آسانی سے حل ہو جائے گا۔



اخوت مسلم بھائی چارہ

تحریر
ایاز اشرف سیال
(چکوال)

اگر اللہ پاک نے آپ کو دنیاوی یا روحانی دولت سے مالا مال کیا ہوا ہے ...تو کبھی بھی اس کی عطا پہ غرور کرتے ہوئے دوسروں کو اپنے سے کمتر نہ سمجھیں۔اور نہ ہی دوسروں کا مذاق اڑائیں۔اور روحانیات کے طالب تو اپنے پلے یہ بات باندھ لیں کہ اگر اللہ آپ کو کشف و کرامات، یا نوری طاقتیں عطا فرما سکتا ہے...تو اس کی مخلوق کی تحقیر و تذلیل کرنے پر سب کچھ سلب بھی کر سکتا ہے۔اور نیک اعمال ضائع بھی ہو سکتے ہیں۔روحانی یا دنیاوی دولت سے مالا مال افراد تجربہ کے طور پر اللہ کے صفاتی نام "یا متکبر" کی ایک تسبیح پڑھ کر دیکھ لیں۔یقیناً آپ کا منہ تھک جائے گا۔کیونکہ تکبر اور تفخر تو اللہ کو ہی جچتا ہے جو اس کے لائق ہے۔اور قرآن میں اللہ پاک فرماتا ہے کہ انسان تو اس قابل بھی نہیں ہے کہ اگر مکھی اس سے کوئی چیز چھن کر بھاگ جائے تو یہ اس سے واپس لے آئے۔

دوسروں کے پیر و مرشد کا ایسے ہی احترام کریں جیسے آپ اپنے مرشد اور روحانی معلم کی تعظیم کرتے ہیں۔کیونکہ یہ بات تو اللہ پاک بھی فرماتا ہے کہ دوسروں کے معبودوں کو برا نہ کہا کرو کیونکہ وہ بھی تمہارے حقیقی معبود کے بارے میں نازیبا الفاظ بکیں گے۔اسی طرح اگر دوسروں کے مذہبی پیشوا، اور پیروں کے خلاف آپ کوئی بات کہیں گے تو ہو سکتا ہے کہ وہ بزرگ ولایت کے اعلیٰ مقام پر فائز ہوں اور پھر بعض بزرگ جلالی بھی ہوتے ہیں مگر اس کے برعکس کوئی شخص کسی جھوٹے عامل یا جعلی پیر کے چکر میں پھنس کر روحانی فیض کے نام پر غلاظتِ گناہ سے اپنا دامن ناپاک کر رہا ہے تو ایسے افراد کی ہر ممکن رہنمائی اور اصلاح کریں لہٰذا کسی کی دل آزاری، تکبر، اور بدعا سے ہمیشہ بچتے رہیے۔میں نے اپنی زندگی میں کتنے ہی لوگوں کو کسی کی بدعا کی وجہ سے خوشحالی سے بدحالی...اور تکبر سے خستہ حالی کی طرف آتے ہوئے دیکھا ہے۔اور کتنے ہی لوگ ایسے بھی دیکھے ہیں ...جو دعا کی بدولت تنزلی سے ترقی کی جانب ...اور عاجزی و انکساری اختیار کرنے سے افلاس سے آسودگی تک پہنچے ہیں ۔میرے پاس اکثر ایسے لوگ آتے ہیں...جو کسی بزرگ، یا کسی کی بھی بدعا کی وجہ سے سخت مشکلات میں گھرے ہوتے ہیں۔میں اپنی طرف سے ان کے لیے بہت کچھ کرتا ہوں...مگر اکثر لوگ اسی درد اور اذیت میں مر جاتے ہیں۔

تونگری، عاجزی، انکساری

کامل یکسوئی اور مستعدی سے جب ایک سالک سلوک کی منازل طے کر لیتا ہے اور اللہ پاک اپنے اس بندے سے راضی ہو کر اسے دنیا کے خزانے عطا فرما دیتا ہے تو اس وقت سالک میں تونگری، عاجزی اور انکساری خود بخود آجاتی ہے جو کہ اللہ ہی کی نعمت اور رضا کی نشانی ہوتی ہے۔اس وقت بندے کی یہ کیفیت ہو جاتی ہے کہ اگر ساری دنیا اس کی جھولی میں ڈال دی جائے یا اس کا سب کچھ اس سے چھین لیا جائے تو پھر بھی اس بندے کو کوئی فرق نہیں پڑتا کیونکہ وہ حقیقت جان چکا ہوتا ہے۔

ایک دفعہ آنحضرتؐ نے حضرت عائشہؓ سے فرمایا کہ اگر میں چاہوں تو یہ سارے پہاڑ سونے کے بن جائیں اور میرے ساتھ ساتھ چلیں...مگر میں نے تونگری کو پسند کیا ہے۔حضرت علیؓ بھی سب کچھ ہونے اور سب کچھ حاصل کر سکنے کے باوجود جَو کی ایسی سوکھی روٹی تناول فرماتے تھے جس کا نوالہ لینے سے پہلے اپنے گھٹنے پر مار کر توڑتے۔پھر تناول فرماتے۔

جناب فضہؓ جو کہ پہلے تو حبشہ کی شہزادی تھیں مگر پھر انہوں نے بی بی فاطمۃ الزہراؑ کی خدمت میں اپنی زندگی گذاری اور ان کے بعد ان کے بچوں کی خدمت کو اپنا نصب العین بنا لیا۔ایک دفعہ جناب فضہؓ نے اہلِ بیت کے گھر میں فاقہ کشی سے دل برداشتہ ہوتے ہوئے بی بی زینبؑ سے عرض کی:

چونکہ میں ایک شہزادی تھی اس لیے مجھے چاندی بنانے کا نسخہ معلوم ہے۔لہٰذا اگر مجھے فلاں فلاں چیزیں منگوا دی جائیں تو میں چاندی بنا سکوں گی جسے فروخت کر کے کچھ سامانِ خورد و نوش منگوایا جا سکے۔اتنے میں امام عالی مقام حضرت امام حسینؑ تشریف فرما ہوئے اور جناب فضہ سے فرمایا کہ اگر اسی نسخہ میں ان اشیاء کی آمیزش کر کے اس طریقے سے مرکب تیار کیا جائے تو وہ سونا بن سکتا ہے۔مگر ہم نے اپنے نانا (ﷺ) کی سنت اور اپنے والدین کی نصیحت پر عمل کرتے ہوئے تونگری کو پسند فرمایا ہے۔جناب فضہؓ نے حیرت سے اُم المصائب حضرت بی بی زینبؑ کی طرف دیکھا جو اس وقت مصلےٰ پر بیٹھی عبادت کر رہی تھیں تو بی بی زینبؑ

نے اپنی جائے نماز ذرا سی ہٹائی تو زمین کے نیچے سے سونا چاندی اور ہیرے موتیوں کے خزانے جھلکنے لگے۔

جھوٹ

ہم سب نے یہ حدیث ضرور سنی ہوگی کہ جب کوئی انسان جھوٹ بولتا ہے تو اس کے منہ سے اتنی ناگوار بدبو آتی ہے کہ فرشتے اس سے میلوں دور بھاگ جاتے ہیں۔ مگر ہم لوگ یہ باتیں سن کر بھی نظر انداز کر دیتے ہیں۔ ایک دفعہ جب میں حضرت ال م سرکارؒ (چھرہ پانی۔ مری) کے دربار پر چلہ کشی کر رہا تھا...تو چلہ کے دوران مجھ میں ملکوتی اوصاف پیدا ہونے لگے ...جو کہ آج تک کسی پہ بھی ظاہر نہیں کیے گئے۔ اس وقت مجھ پر یہ کیفیت طاری ہوگئی کہ جو شخص بھی جھوٹ بول رہا ہوتا...تو مجھے اس کے منہ سے آنے والی بدبو سے اس کی بات کا اندازہ ہو جاتا۔ اور وہ بدبو کسی غلاظت والے گٹر سے آنے والی بدبو جیسی ہوتی ہے۔ وہاں میں ایک عام آدمی کی طرح رہ رہا تھا۔ میرے میزبان کے سوا کسی کو بھی میری روحانی حیثیت کا علم نہ تھا۔ لوگ میرے پاس بیٹھ کر بہت بڑے بڑے جھوٹ بول کر اپنے کارنامے سنا رہے ہوتے ...اور ان کے منہ سے آنے والی پاخانہ جیسی بدبو سے میری طبیعت بوجھل ہونے لگتی...مگر میں کسی کو جتلا نہ سکتا تھا۔ پھر یہ کیفیت مجھ سے دور کر دی گئی...کیونکہ وہاں سے چلہ کشی ختم کر کے جب میں نے واپس آنا تھا...تو معاشرے میں تقریباً ہر فرد ہی جھوٹ بول رہا ہوتا ہے...اور اس طرح تو مجھ سے میرا کام صحیح طریقے سے نہیں ہو پانا تھا۔ اسی لیے مجھے بذریعہ کشف بتا دیا جاتا کہ فلاں شخص جھوٹ بول رہا ہے۔ اب میں کم از کم لوگوں سے کھل کر بات تو کر سکتا ہوں...بیشک ان کے ماتھے پہ کوئی منحوس نشان بنا ہوا ہو...مگر ان کے منہ سے پیشاب جیسی آنے والی بدبو...مجھے تو نہیں آ رہی ہوتی۔

ضبط و برداشت اور آداب

حضرت نوحؑ نے اللہ کے حکم سے جو کشتی بنائی تو لوگ آپؑ کا اور آپؑ کی کشتی کا مذاق بنانے لگے۔ حتیٰ کہ انہوں نے اس کشتی کو قضائے حاجت کی جگہ بنا لیا۔ حضرت نوحؑ کو بہت دکھ ہوا۔ مگر اللہ نے انہیں ضبط و برداشت سے کام لینے کا حکم دیا۔ کچھ عرصہ بعد اللہ کے حکم سے وہاں کے لوگوں کو خارش اور پھوڑے پھنسیوں کی بیماری لگ گئی۔ ایک دن ایک آدمی اس کشتی میں پیشاب کر رہا تھا کہ اس کے جسم سے تھوڑا سا پاخانہ لگ گیا۔ اور جس جگہ وہ گندگی لگی تھی اس جگہ سے اس کا جسم صاف ہوگیا۔ پھر وہ اپنے پورے جسم پر جہاں جہاں پاخانہ لگا تا جاتا وہاں سے اس کی بیماری ختم ہوتی جاتی۔ اس نے بستی میں جا کر باقی لوگوں کو بھی یہ علاج بتایا اور اللہ قادر المطلق نے انہی لوگوں سے وہ کشتی صاف کروائی۔ لہٰذا کچھ بھی ہو جائے ہمیشہ ضبط و برداشت کا مظاہرہ کرنا ہے۔ میرے پاس اللہ کے حکم سے نہ جانے کتنے ہی مرد عورتیں آتے ہیں اور میں اللہ کی عطا کی ہوئی امانت میں خیانت نہیں کرتا اسی لیے تو لوگوں کی مرادیں پوری ہوتیں ہیں مگر پھر بھی کچھ لوگ مجھ پر خواتین کے بارے میں گندے گندے الزام لگاتے ہیں اور جب میں اپنے مرشد پاک کو اپنی تکلیف بتاتا ہوں تو وہ مجھے خاموش رہنے کا حکم دیتے ہیں اور کچھ عرصہ بعد انہی لوگوں کے گھر یا اللہ! یا قھار! یا مذل! یا منتقم! یا ممیت! کے قہر سے تباہ و برباد و ہلاک ہو جاتے ہیں۔

کرشمات، معجزات، کرامات

ہر ایسی بات، چیز یا عمل جو کہ انوکھا، نرالا، قدرتی، فطری، غیبی، ناقابلِ یقین اور حیران کن ہو۔ جو صرف اور صرف ذاتِ باری تعالیٰ سے منسوب ہو جس میں کسی کی بھی مداخلت یا دعا کا بھی اثر نہ ہو جو صرف اور صرف نورِ حق کی تجلی کی نشانی ہو ایسا عمل، چیز، یا واقعہ قدرت کا کرشمہ یعنی اللہ کا کرشمہ کہلاتا ہے۔ اور انبیائے کرام جب یہی عمل دوہراتے ہیں تو کرنے والا تو پھر بھی اللہ ہی ہوتا مگر چونکہ انبیائے کرام بارگاہِ الٰہی میں مناجات کرتے ہیں اور اللہ پاک اپنے نبیوں کی ناموس اور دینِ حق کی بقا کیلئے جب اپنی قدرت کے ایسے کرشمے دکھاتا ہے تو وہ کرشمات انبیائے کرام سے منسوب ہو جاتے ہیں مگر تمام معجزات اللہ کے حتمی حکم سے ہی رونما ہوتے ہیں۔ ایک دفعہ ایک شخص آنحضرتؐ کی خدمت میں حاضر ہو کر کہنے لگا: اگر وہ درخت آپؐ کے پاس چل کر آ جائے تو میں آپؐ پر ایمان لے آؤں گا۔ آپؐ نے اس شخص سے فرمایا کہ تم خود ہی اس درخت کے پاس جا کر اسے میرا سلام کہنا اور کہنا کہ تمہیں اللہ کے رسولؐ بلا رہے ہیں۔ جب اس شخص نے اس درخت کو رسول اللہ ﷺ کا سلام اور پیغام دیا تو وہ درخت اپنی جڑوں سے زمین چیرتا ہوا سرکارؐ کی خدمت میں حاضر ہوگیا۔ اور جب اللہ تبارک و تعالیٰ کے نیک اور برگزیدہ بندے اور اولیائے کرام کیفیتِ جلال و جمال میں آ کر غیر فطری یا غیر یقینی کمال دکھاتے ہیں تو وہ عمل کرامت کہلاتا ہے۔ حالانکہ کرنے والا تو پھر بھی اللہ تعالیٰ ہی ہوتا ہے مگر ان کرشمات میں اولیائے کرام کی نسبت شامل ہو جاتی ہے اور ہم لوگ اپنی کم علمی کی بنا پر اکثر اوقات کرشمات کو کرامات میں اور کرامات کو معجزات میں بدلتے رہتے ہیں۔

طب شفاء

تحریر
حکیم محمد نعیم الحسن
(لاہور)

میری کوشش ہوتی ہے کہ میں معیاری و تجربہ شدہ نسخہ جات و مجرب ارسال کروں جو کہ باآسانی بازار سے مل جائیں، نسخہ جات اگر بنانے میں دشواری آئے تو بذریعہ خط منگوا سکتے ہیں۔ بنانے کی مکمل ترکیب درج کردی گئی ہے۔ اصل مقصد کی طرف آتا ہوں۔

نسخہ برائے دافع یرقان

برگ افسنین 50 گرام، ریوند چینی 50 گرام، نوشادر 50 گرام، جوکھار 50 گرام،، زیرہ سفید 50 گرام،، آملہ 50 گرام، پتھری فولاد 50 گرام،، دانہ الائچی خورد 20 گرام، فلفل سیاہ 30 گرام، تمام ادویات کا سفوف بنائیں۔ خوراک وطریقہ: 3 گرام صبح وشام ہمراہ عرق باریاں سے لیں۔

نسخہ برائے دافع ہیپاٹائٹس

ست گلوخانہ ساز ایک تولہ، برگ افسنین رومی مالی ایک تولہ، سرچینی ایک تولہ، زاج ابیض (پھٹکڑی) بریاں ایک تولہ، دانہ الائچی خورد ایک تولہ، تمام ادویاب کا باریک سفوف بنالیں اور کیپسول بھرلیں۔ مقدار خوراک: ایک کیپسول روزانہ صبح کودیں، سات یوم کے بعد ناغہ کریں، سات یوم کے دوبارہ شروع کر کے سات دن دیں پھر ..... دن ناغہ کریں، اس طرح اٹھائیس کیپسول استعمال کریں۔ یہ مکمل علاج ہے۔

نسخہ برائے دفع موٹاپا

کلونجی خالص 25 گرام اجوائن دیسی، 25 گرام ہیتھرے 25 گرام، چھلکا اسپغول 25 گرام، سبز جائے 25 گرام، چھلکا اسپغول کے تمام ادویات کا سفوف بنالیں اور کیپسول درمیانے سائز کے بھرلیں، مقدار خوراک: ایک × ایک کیپسول صبح شام ہمراہ چہار عرق سے لیں۔

فوائد: ایک ماہ کے استعمال سے بغیر تکلیف کے وزن میں خاطر خواہ کمی کرتا ہے۔ انتہائی بے ضرر اور مفید ہے۔

دافع جگر کی گرمی

گل سرخ ڈیڑھ تولہ، گل نیلوفر ڈیڑھ تولہ، گل بنفشہ ڈیڑھ تولہ، بیخ کاسنی چار تولہ، تخم دانہ یا افتمون ڈیڑھ تولہ، تخم کشوث 2 تولہ، بریاوشان ڈیڑھ تولہ، زرشک ڈیڑھ تولہ، گاؤزبان ڈیڑھ تولہ، مغز خیارین ڈیڑھ تولہ، ریوند چینی چار ماشہ، تخم پھلیوں چار ماشہ، ان سب کو موٹا کوٹ کر ڈیڑھ سیر پانی میں بھگودیں بارہ گھنٹے بعد آگ پر پکائیں، جب نصف رہ جائے تو چھان کر دوائی الگ کریں، تین پاؤ چینی ملا کر شربت تیار کریں۔ تین تولہ شربت چھ تولہ پانی میں ملا کر صبح و شام کے وقت دیں، بہت مجرب شربت ہے۔ (حکیم حاذق کا عطیہ ہے)

سفوف امستنین

امستنین ایک تولہ، زیری سیاہ 5 گرام، قلمی شورہ 20 گرام، نوشادر 20 گرام، ریوند خطائی ایک تولہ، تمام ادویات باہم باریک پیس کر سفوف کرلیں اور محفوظ رکھیں۔ مقدار خوراک: 3 گرام صبح، دوپہر، شام ہمراہ آب تازہ سے۔ فوائد: ضعف جگر، ورم جگر، استسقاء، سانس پھولنا، خون کی کمی، ہاتھ پاؤں کی جلن، قبض، معدہ، جگر کے علاوہ مدد حیض بھی ہے۔

نسخہ برائے دافع لیکوریا

آج کل یہ موذی مرض پچانوے فیصد عورتوں میں پایا جاتا ہے لیکوریا جیسا موذی مرض جسمانی واعصابی کمزوری کا باعث بنتا ہے۔ جب بیماری حد سے بڑھ جاتی ہے اس نامراد بیماری کی وجہ سے اکثر عورتیں بے اولاد اور ٹی بی کا شکار ہو جاتی ہیں، ہم اس کے محبوب نسخہ جات پیش کرتے ہیں، ھوالشافی لوبان کوڑیا ایک تولہ، زیرہ سفید وسیاہ بریان ایک تولہ باریک پیس کر محفوظ رکھیں، مقدار خوراک 3 گرام صبح، شام تازہ پانی کے ہمراہ لیں۔ پرانے لیکوریا کو جڑ سے اُکھاڑ پھینکتا ہے، نہایت ہی آسان اور مجرب ہے۔ پرہیز چٹ پٹی مصالحہ دار اور گرم اشیاء کا استعمال بند کردیں، یہی علاج ہے۔

ملک نوید نیوز ایجنٹ کمالیہ روڈ ٹوبہ ٹیک سنگھ۔ 0305-9720805 — ادارہ روحانیات

علامات علاج بچاؤ

یرقان Jaundice

تحریر:۔عرفان ہاشمی (ایبٹ آباد)

علامات:۔یرقان کے مرض میں نبض کی رفتار کم ہوجاتی ہے تقریباً 45 فی منٹ۔ چکنائی (گھی، تیل وغیرہ) والی چیزیں ہضم نہیں ہوتیں۔ جگر میں کڑاپن اور درد محسوس ہوتا ہے۔ جسم میں کمزوری سی رہنے لگتی ہے۔ جسم کی رنگت، زرد یعنی آنکھیں، جلد، ناخن اور پیشاب زرد نظر آتے ہیں۔ بدن پر خارش سی رہتی ہے۔ آنکھیں خشک ہوجاتی ہیں۔ زخم یا چوٹ لگنے سے خون بہت زیادہ مقدار میں بہنے لگتا ہے۔ رات کے اوقات میں بہت کم دکھائی دیتا ہے۔ ہر دکھائی دینے والی چیز زرد زرد دکھائی دیتی ہے۔ زبان پر میل سی جمی رہتی ہے۔ وزن کم ہونا شروع ہوجاتا ہے۔ بھوک بہت کم لگتی ہے۔ منہ کا ذائقہ کڑوا کڑوا ہوجاتا ہے۔ ہلکا ہلکا بخار سا رہنے لگتا ہے۔

وجوہات:۔خون میں سرخ ذرات (ریڈ سیلز) کا کم ہونا جا۔ جگر کا پوری طرح کام نہ کرنا۔ خون میں صفرا کا مل جانا۔ جگر کے سیلز میں نقص پیدا ہوجانا۔

علاج:۔سب سے پہلے یرقان کے مریض کو جلاب دینا چاہئے۔ عموماً جلاب سے بیماری جاتی رہتی ہے۔ مریض کو مکمل آرام کرنے دیا جائے۔ نرم غذائیں جیسے کھچڑی، دلیہ، ہرے پتوں والی سبزی کھلائی جائیں۔ لوہے کی کڑاہی میں ابالا ہوا اور دودھ اور لسی میں نمک ملا کر پلائیں۔ مچھلی، گوشت، گھی، تیل تیل کی تلی ہوئی چیزیں ہرگز نہ دیں۔ گنے کا رس اور گلوکوز دینا مفید رہتا ہے۔

1۔آلو بخارا، خربوزہ، پپیتا، نارنگی، زیادہ سے زیادہ کھلائی جائیں۔

2۔لہسن کی چار تریاں آدھے کپ دودھ میں ابال کر کھلائیں اور دودھ پلا دیں۔

3۔چار دن تک اسی طرح پلاتے رہنے سے یرقان ٹھیک ہوجاتا ہے۔

4۔پھول گوبھی، گاجر کا رس ہم وزن لے کر ایک گلاس دن میں تین بار پلائیں۔

5۔ایک کریلا پانی میں پیس کر صبح وشام روزانہ چند دن تک پلائیں۔

6۔مریض کو جو کے ستو اکھلا کر اوپر سے گنے کا رس متواتر ایک ہفتہ پلائیں۔

7۔املی کو پانی میں بھگو کر اچھی طرح مسل لیں۔ یہ پانی پینے سے یرقان کے مرض میں بہت فائدہ پہنچاتا ہے۔

8۔سفید پیاز کے رس میں پسی ہوئی ہلدی اور گڑ ملا کر صبح وشام استعمال کریں۔

9۔پیاز کاٹ کر اس پر لیموں کا رس ڈالیں اوپر نمک اور کالی مرچ بھی ڈالیں۔ صبح وشام ایک پیاز استعمال کرنے سے یرقان کا مرض ختم ہوجاتا ہے۔

10۔بادام آٹھ عدد، چھوٹی الائچی پانچ عدد، چھوہارے دو عدد رات کو مٹی کے کورے برتن میں بھگو کر رکھیں۔ صبح کو باریک پیس کر اس میں 70 گرام مصری، 70 گرام مکھن ملا کر مریض کو چٹائیں۔ چار دنوں میں اس کا پیشاب صاف ہو کر خارج ہوگا۔

11۔سونٹھ 12 گرام میں گڑ ملا کر کھانے سے یرقان کا مرض ختم ہوجاتا ہے۔

12۔گاجر کھانا، گاجر کا رس پینا، گاجر کا سوپ بنا کر پینا، یا گاجر کا کاڑھا یرقان کی قدرتی دوا ہے۔

13۔مولی پتوں کا رسبقدر 125 گرام میں 30 گرام چینی ملا کر روزانہ پلانا یرقان میں مفید رہتا ہے۔

14۔صبح اٹھتے ہی کچی مولی کھاتے رہنے سے چند ہی دنوں میں یرقان کی شکایت دور ہوجاتی ہے۔

15۔لوکی کو آگ میں دبا کر پھرتہ بنالیں۔ اس کا پانی نچوڑ کر اس میں تھوڑی سی مصری ملا کر پلانا یرقان کے مرض میں بہت ہی مفید ہے۔

16۔تھوڑی سی پھٹکڑی 200 گرام دہی میں اچھی طرح حل کر کے یرقان کے مریض کو کھلانا مفید ہے۔ دن بھر کوئی غذا نہ دیں، صرف دہی ہی دیتے رہیں۔ اگر مریض کو قے ہوجائے تو پریشان نہیں ہونا چاہئے۔

17۔چنے کی دال کو پانی میں بھگو دیں۔ جب دال نرم ہوجائے تو دال پانی سے نکال کر اس میں ہم وزن گڑ ملا کر متواتر تین دن تک کھلائیں۔ اگر مریض پیاس محسوس کرے تو وہی دال والا پانی پلا دیں۔

18۔پنسار سے پیپل لیں اس کا رنگ سیاہ ہوتا ہے۔ تین عدد پیپل تین چمچ چھاچھ میں چوبیس گھنٹے بھگو کر رہنے دیں۔ پھر پیپل کو پیس لیں کر تھوڑا سا نمک ملا کر ہمراہ پانی مریض کو کھلائیں روزانہ ایک پیپل بڑھاتے چلے جائیں۔ جب پیپل کی تعداد دس ہوجائے تو اگلے دن سے ایک پیپل کم کرنا شروع کر دیں۔ جب تعداد صفر ہوجائے تو یرقان کا مریض شفایاب ہوچکا ہوگا۔

19۔شہد ایک چمچہ دن میں تین بار ایک گلاس پانی میں ملا کر پلانا مفید ہے۔

دیگر علاج:۔چقندر، ادرک، ٹماٹر، لیموں، سنجانا، مونگ، آم، دہی اور مونگ پھلی، مولی یرقان کا علاج ہیں۔

تحفہ روحانیات کے وٹس ایپ گروپ سے

محترم دوستوں عرصہ دراز سے تحفہ روحانیات کا وٹس ایپ گروپ بنایا گیا ہے جس میں روحانی قلمکار اور دوست شامل ہیں اس گروپ میں بہت سی مفید روحانی پوسٹ کی جاتی ہیں۔ مجلس مشاورت کے متفقہ فیصلہ سے روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات میں ان شاء اللہ ہر ماہ 2 صفحات تحفہ روحانیات کے وٹس ایپ گروپ کی میعاری اور معلوماتی پوسٹ شائع کی جائیگی۔

وہ دوست جو کہ تحفہ روحانیات کے وٹس ایپ گروپ میں شامل ہونا چاہیں اپنے وٹس ایپ نمبر 92-300-6351192+ پر اپنے شہر اور نام کے ساتھ میسج کریں اور گروپ میں شامل ہونے کا پیغام بذریعہ وٹس ایپ میسج روانہ کریں۔ (ادارہ)

ایک تعارف

مکمل نام ؟ بلال قمر

عمر یا تاریخ پیدائش ؟ 56 سال

شہر و ملک؟ گجرانوالہ (پاکستان)

روحانی علاج گاہ کا نام؟

کیا حکمت بھی کرتے ہیں ؟

ایک حکیم دوست تھے اُن کے ساتھ اُٹھنا بیٹھنا تھا ان دوست کے روحانی تجربہ سے فائدہ اُٹھا لیتے تھے۔

روحانیت میں تجربہ؟

عرصہ 22 سال ہو چکے ہیں ابھی تک روحانی طالب علم ہوں۔

کس روحانی سلسلہ سے وابستگی ؟

سلسلہ نقشبندی رسولی

روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات بارے میں اظہار خیال؟

بہت عمدہ رسالہ ہے بہت زیادہ روحانی معلومات ملتی ہے۔

تحفہ روحانیات کس طرح آپ تک پہنچا؟

بک اسٹال کے ذریعے ہی مجھ تک پہنچا۔

اب تک کتنے دوستوں کو تحفہ روحانیات متعارف کروا چکے ہیں؟

ہمارے علاقہ میں زیادہ تر اہلحدیث اور دیوبندی مسلک کے لوگ ہیں جو کہ روحانیت پر زیادہ تر یقین نہیں رکھتے۔ اس لئے کچھ خاص دوستوں کے سوا مکمل طور پر متعارف نہ کروا سکا۔

مکمل ایڈریس اور فون نمبر کیا ہے؟

18 بلاک X پیپلز کالونی گجرانوالہ

قرآنی معجزات اور ڈی این اے

ایک ماہر جنین یہودی جو اپنے مذہب کا عالم بھی تھا کھلے طور پر کہتا کہ روح زمین پر مسلم خواتین سے زیادہ پاکباز اور صاف ستھری کسی مذہب کی خاتون نہیں پورا واقعہ یوں ہے

الپرٹ اینسٹائین انسٹیوٹ سے منسلک ایک ماہر جنین یہودی پیش ہوا۔ روبرٹ نے اپنے قبول اسلام کا اعلان کیا جس کا واحد سبب بنا قرآن کریم۔ مذکورہ متعلقہ کی عدت کے حکم سے واقفیت اور عدت کیلئے تین ماہ کی تحدید کے پیچھے کارفرما حکومت سے شناسائی۔ اللہ کا فرمان ہے۔

والمطلقات یتربصن بأنفسھن ثلاثۃ قروء (البقرہ 228)

ترجمہ :۔ ''مطلقات اپنے آپکو تین حیض تک روکے رکھیں''

اس آیت نے ایک حیرت انگیز جدید علم ڈی این اے کے انکشافات کی راہ ہموار کی پتہ چلا کے مردہ کے مادہ منوہ میں پروٹین دوسرے مرد کے مطابق 62 فیصد مختلف ہوا کرتی ہے۔ عورت کا جسم ایک کمپیوٹر کی مانند ہے جب کوئی مرد ہم بستری کرتا ہے تو عورت کا جسم مرد کی تمام بیکٹر یا جذب اور محفوظ کر لیتا ہے۔ اسی لئے طلاق کے فوراً بعد اگر عورت کسی دوسرے مرد سے شادی کر لے یا پھر بیک وقت کئی لوگوں سے جسمانی تعلقات استوار کر لے تو اس کے بدن میں کئی ڈی این اے جمع ہو جاتے ہیں جو خطرناک وائرس کی شکل اختیار کر

لیتے ہیں اور جسم کے اندر جان لیوا مرض کے پیدا ہونے کا سبب بنتے ہیں۔

سائنس نے پتہ لگایا ہے کہ طلاق کے بعد ایک حیض گزرنے سے 32 سے 35 فیصد تک پروٹین ختم ہو جاتی ہے اور دوسرے حیض آنے سے 65 سے 72 فیصد تک آدمی کا ڈی این اے زائل ہو جاتا ہے اور تیسرے حیض میں 99.9 فیصد اس کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ اس طرح رحم سابقہ ڈی این اے سے پاک ہو جاتا ہے اور بغیر کسی سائیڈ ایفکٹ یا کسی نقصان کے نئے ڈی این اے قبول کرنے کے قابل ہو جاتا ہے۔

ایک طوائف کئی لوگوں سے تعلقات بناتی ہے جس کے سبب اس کے رحم میں مختلف مردوں کا مادہ منورہ جمع ہو جاتا ہے اور جسم میں مختلف ڈی این اے جمع ہو جاتے ہیں۔ اس کے نتیجہ میں وہ عورت موذی امراض کا شکار بن جاتی ہے۔ رہی بات متوفی عنہا کی عدت تو اس کی عدت تعلق شدہ عورت سے زیادہ ہے کیونکہ رنج وغم کی بناء پر سابقہ ڈی این اے جلدی ختم نہیں ہوتا۔ اسے ختم ہونے کیلئے پہلے سے زیادہ وقت درکار ہوتا ہے اور اسی کی رعائیت کرتے ہوئے ایسی عورتوں کیلئے 4 ماہ 10 دن کی عدت رکھی گئی ہے۔

والذین یتوفون منکم ویذرون ازواجا یتربصن بانفسھن اربعۃ اشھر و عشر

(البقرہ 234)

ترجمہ :۔ اور تم میں سے جس کی وفات ہو جائے اور اپنی بیویاں چھوڑے تو چاہیے کہ چار مہینے دس دن اپنے آپ کو روکے رکھے۔

اس حقیقت سے راہ پا کر ایک ماہر ڈاکٹر نے امریکہ میں دو مختلف محلے میں تحقیق کی ایک محلہ جہاں افریقن نژاد مسلم رہتے ہیں۔ وہاں کی تمام عورتوں کے جنین میں صرف ایک شوہر کا ڈی این اے پایا گیا جبکہ دوسرا محلہ، جہاں اصل امریکن آزاد عورتیں رہتی ہیں اُن کے جنین میں ایک سے زائد 2 یا 3 لوگوں کے ڈی این اے پائے گئے۔

جب ڈاکٹر نے خود اپنی بیوی کا خون ٹیسٹ کیا تو اُس کے سامنے چونکا دینے والے حقیقت آئی اس کی بیوی میں 3 الگ الگ لوگوں کے ڈی این اے پائے گئے جس کا مطلب یہ تھا کہ اس کی بیوی اسے دھوکہ دے رہی تھی۔ اس کے تین بچوں میں سے صرف ایک اسکا اپنا بچہ تھا۔

اس کے بعد ڈاکٹر پوری طرح قائل ہو گیا کہ صرف اسلام ہی وہ دین ہے جو عورتوں کی حفاظت اور سماج کی ہم آہنگی کی ضمانت دیتا ہے اور اس بات کی بھی صرف مسلم عورتیں دُنیا کی سب سے زیادہ صاف ستھری، پاکدامن اور پاکباز عورتیں ہیں۔ مراسلہ: مہروز (کراچی)

پنچایتی فیصلہ حق میں ہو جائے

س:۔ محترم شاہ صاحب میرے ایک دوست کا بہت اہم مسئلہ ہے جس کا فوری حل چاہتا ہوں مسئلہ یہ ہے کہ کل صبح ایک پنچایتی فیصلہ ہے ہمیں خدشہ ہے کہ اس پنچایت میں اختلاف زیادہ نہ بڑھ جائے لڑائی جھگڑا بھی ہو سکتا ہے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ میرے دوست کے خلاف پنچایت فیصلہ دے دے۔ برائے مہربانی کوئی ایسا وظیفہ یا ورد بتا دیں جس کی برکت سے پنچایت کی زبان بند ہو جائے اور لڑائی جھگڑا بھی نہ ہو اور پنچایت میرے دوست کے حق میں اپنا فیصلہ دے دے، حاجی پیر شاہ (ملتان)

ج:۔ پنچایت کی بندش کیلئے دو نہایت مجرب وظیفے آپ کو بتاتا ہوں جو کہ اب تک کسی رسالہ یا کتاب میں تحریر نہ ہوئے ہوں۔ کلمہ طیبہ میں وہ طاقت جو کسی کافر کو بھی مسلمان کر دیتا ہے۔ اول کلمہ 1300 بار پڑھ کر مٹھی بند کر کے چلے جائیں ان شاء اللہ پنچایت کی بندش ہو جائیگی۔ یہ ورد پنچایت میں جانے سے کم از کم 15 منٹ پہلے ختم کر لیں جتنی دیر اس پنچایت میں بیٹھے رہیں دل میں کلمہ طیبہ کا ورد جاری رکھیں اللہ نے چاہا تو فیصلہ آپ کے حق میں ہوگا۔

دوسرا وظیفہ :۔ پنچایت کی بندش کیلئے ایک آسان وظیفہ یہ ہے کہ اول کلمہ 313 بار ورد کیا جائے بعد ورد اس کلمہ کو 3 بار دائرہ کی شکل میں لکھیں درمیان میں اپنا مقصد تحریر کریں۔ سفید کپڑا میں لپیٹ کر خوشبو لگا لیں اور سیدھے بازو پر باندھ لیں پنچایت میں بے فکر ہو کر جائیں ان شاء اللہ پنچایتی فیصلہ صاحب ورد کے حق میں آئیگا ایک بات یاد رکھیں کلمہ کے دائرہ کے درمیان مقصد لکھتے ہوئے لڑائی جھگڑا نہ ہونے کا بھی تحریر کریں۔ بہت خوش اسلوبی سے معاملہ حل ہو جائیگا۔

وظیفہ برائے حصول شفاعت حسنینؑ کریمین

چار رکعت نماز نفل اس طرح ادا کریں کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد 15 بار سورۃ اخلاص پڑھی جائے اس نماز کا ثواب امام حسن اور حسینؑ کو ہدیہ کریں۔ حضرت شیخ شبلیؒ نے یہ وظیفہ کیا تو حسنینؑ کریمین کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ حسنینؑ کریمین نے شیخ شبلیؒ سے فرمایا کہ تم نے ہمیں اس تحفہ سے خوش کیا ہم تجھے بشارت دیتے ہیں کہ روز قیامت اپنے ساتھ جنت میں لے جائینگے۔ بلکہ جو بھی ہمارا محب اس طریقہ سے ایصال ثواب کا تحفہ دیگا ایسے ہی شفاعت اس کی کرائیں گے۔

مراسلہ۔ ماسٹر اعجاز (ملتان)

حمل

برج حمل 21 مارچ تا 20 اپریل، سیارہ مریخ
حروف۔ ا، ل، ع، ی۔ پتھر، مرجان۔ مبارک دن، منگل
مبارک رنگ، سرخ۔ موافق دھات، لوہا، تانبہ
لکی عدد 9۔ اسم اعظم، یا محیطُ 140 بار
سعد تاریخیں 27,23,19,15,14,9
نحس تاریخیں 25,12,4
لکی نمبرز 77,09,63,71

(یکم تا 8) اس ہفتہ اگر کہیں سے روپیہ وصول کرنا ہے تو تاخیر کیلئے تیار رہیں قریب قریب خاص طور پر محتاط رہیں اگر جلد بازی کی تو مشکل میں پھنس جائیں گے۔ اس ہفتہ کام کا دباؤ بڑھ جائے گا لیکن اگر اس دباؤ کا پوری طرح مقابلہ کیا تو بے حد مفید نتائج برآمد ہونگے۔ ملازم پیشہ افراد کے لئے ترقی کا امکان ہے یا پھر زیادہ تسلی بخش ملازمت مل جائے گی۔ اگر موزوں ملازمت کی تلاش ہے تو اس ہفتہ کے آخری ایام مبارک ہیں۔ (9 تا 16) آپ کے برج کا حاکم سیارہ مریخ 16 نومبر 2018ء کو اپنا برج تبدیل کر رہا ہے یہ برج دلو سے برج حوت میں داخل ہو رہا ہے۔ جہاں یہ یکم جنوری 2019ء تک رہیگا اس دوران نہایت پراسرار انداز میں خفیہ دشمنی پیدا ہوگی جس کی وجہ سے لوگ آپ سے بدظن ہو جائیں گے لہذا محتاط انداز اختیار کرنا ہی آپ کے حق میں بہتر ہوگا۔ اس ہفتہ رہرہ تثلیث مریخ کی سعد نظر بھی قائم ہو رہی ہے۔ کچھ لوگ آپ کی بھلائی چاہتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ آپ کو بہتر فیصلہ کرنے کیلئے کچھ وقت دیا جائیگا۔ معاملات کو سلجھانے کی کوشش کریں نہ کے مزید الجھانے کی۔ کوئی دیرینہ خواہش پوری ہو سکتی ہے۔ (17 تا 24) اس ہفتہ مالی فوائد ملنے کا امکان ہے لیکن حاصل ہونے والی رقم کا انعامی اسکیموں یا فضولیات میں ضائع نہ کریں۔ یاد رکھئے کہ بہترین نتائج حاصل کرنے کے لئے بھرپور کوشش لازمی ہے۔ اگر کسی صنعتی تنازعے یا جھگڑے میں پھنس گئے تو اس سے باآسانی چھٹکارا نہیں ملے گا۔ (25 تا 30) ان ایام میں عطارد ترجیع مریخ کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے جو کہ نحس ترین وقت ہے۔ ان ایام میں کوئی بھی کیا گیا کاروبار بہتر نہ رہیگا۔ ان ایام میں آپ کے دشمن آپ پر جادو ٹونے بھی کروا سکتے ہیں جس کی وجہ سے آپ کا کاروبار اور صحت بالکل تباہ ہو سکتی ہے۔ اپنے حق میں بھی بزرگوں سے دعا کروائیں صدقہ لازمی دیں۔

برج ثور

برج ثور 21 اپریل تا 20 مئی، سیارہ زہرہ
حروف۔ ب، و۔ پتھر، الماس۔ مبارک دن، جمعہ
مبارک رنگ، نیلا۔ موافق دھات، پیتل، تانبہ
لکی عدد 6۔ اسم اعظم، یا وھابُ 101 بار
سعد تاریخیں 28,19,14,9,3
نحس تاریخیں 31,17
لکی نمبرز 87,43,51,92

(یکم تا 8) کسی عزیز دوست کے ساتھ مل کر کاروبار کا آغاز کر سکیں گے مصروفیات میں اضافہ ہو سکتا ہے کوئی نئی خوشخبری سن سکیں گے۔ سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوگا۔ عزیز و اقارب سے الجھنے سے گریز کریں اس سلسلہ میں بزرگوں سے مشورہ کرنا سود مند ثابت ہوگا۔ دوستوں رشتہ داروں اور پڑوسیوں کا تعاون اور ہمدردیاں آپ کیلئے معاون ثابت ہونگی۔ یا کسی روحانی بزرگ سے فیض حاصل کریں۔ جواب آپ کیلئے بہتر ثابت ہوگا۔ (9 تا 16) ایسے افراد جو کہ اپنے محبوب سے محبت کا اظہار ابھی تک نہ کر پائے یہ ہفتہ اُن کیلئے مبارک ہے۔ منگنی، نکاح یا شادی کرنے کیلئے بھی یہ وقت موزوں ہے ناراض دوستوں کو منایا جا سکتا ہے۔ ان ایام میں گھریلو مصروفیات بڑھیں گی اپنے منصوبوں پر کامیابی سے عمل کر سکیں گے۔ موسم کے اثرات سے محفوظ رہنے کیلئے موسم کیمطابق خاص بندوبست کریں اچھی خبر یا خوشی ملنے کی امید ہے۔ نئے رابطے اور نئی دوستیاں بن سکتی ہیں۔ (17 تا 24) مخالفین سے محتاط رہنے کی سخت ضرورت ہے غفلت میں نقصان دینے کی کوشش کرینگے خفیہ حفاظتی امور کی انجام دہی احتیاط کریں۔ عزیز و اقارب سے معاملات بہتر بنائیں آپ کے حق میں ہی فیصلہ ہوگا۔ عبادت و ریاضت کی طرف دھیان رہے گا روحانی سکون میسر ہوگا۔ (25 تا 30) اس ہفتہ مصروفیات میں اضافہ ہوگا۔ ان دنوں غیر ضروری اخراجات سے پرہیز کریں دور دراز سے کوئی خبر سن سکیں گے۔ اور محتاط رہیں کاروباری پوزیشن مستحکم رہے گی۔ پیشہ وارانہ صلاحیتیں ابھریں گی بزرگوں کی صحت کا خیال رکھیں کسی دیرینہ دوست یا کسی بچھڑتے ہوئے عزیز سے اچانک ملاقات ہوگی بعد رکے ہوئے کاموں کو خوش اسلوبی سے نمٹا لیا جائیگا۔ تیز رفتاری سے گریز کریں۔ ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔

برج جوزا 21 مئی تا 20 جون، سیارہ عطارد
حروف۔ ک، ق۔ پتھر، زمرد۔ مبارک دن، بدھ
مبارک رنگ، زرد، سرخی مائل۔ موافق دھات، پیتل، تانبہ
لکی عدد 5۔ اسم اعظم، یا رزاق 308 بار
سعد تاریخیں 31,29,27,19,14,93
نحس تاریخیں 23,20,16
لکی نمبرز 11,43,51,24

جوزا

(یکم تا 8) ایک شخص آپ کو اپنے مقصد سے ہٹانے کیلئے کوشش کر رہا ہے۔ آپ کو حوش وحواس رکھ کر بات کرنا ہوگی۔ اس ہفتہ کے یہ ایام کاروبار کی غرض سے کیا گیا سفر بہترین ثابت ہوگا۔ ایک اچھا اور اہم موقعہ آپ کے ہاتھ آنے والا ہے۔ نازک مزاجی کو چھوڑیں سستی کو قریب نہ آنے دیں ذہنی اور جسمانی صحت بہتر رہیگی۔ آپ اپنی منزل کی طرف کامیابی سے بڑھ رہے ہیں لیکن سستی کو نزدیک نہ آنے دیں۔ (9 تا 16) سفر کا ارادہ ہے تو یہ ہفتہ آپ کے لئے بہترین ہے کامیابی مل سکتی ہے۔ صاحب اولاد حضرات بچوں کی جانب خاص توجہ دیں ورنہ پریشانی بڑھ سکتی ہے۔ بگڑے ہوئے معاملات کو سنبھالنے کے لئے یہ دن بہترین ہیں طبیعت میں مایوسی نہ آنے دیں بہتر مستقبل کے لئے آخر کچھ تو کرنا ہے۔ گھریلو استعمال کی اشیاء کی مرمت کروائیں خصوصا الیکٹرک اور الیکٹرانک سے متعلقہ کوئی بھی شے ہو اس کو استعمال میں نہ لائیں۔ (17 تا 24) آپ کے برج کا حاکم سیارہ عطارد کا قیام برج قوس میں ہے۔ اس قیام کے دوران 17 نومبر تا 07 دسمبر کو یہ سیارہ حالت رجعت میں رہے گا جو کہ اس کی ناقص حالت ہے اس نحس حالت کے اثرات آپ پر پڑ سکتے ہیں لہذا ہر معاملہ میں احتیاط کی ضرورت ہے۔ چند جوزی رشتہ ازدواج میں منسلک افراد محتاط رہیں بات کا بتنگڑ بن سکتا ہے۔ لہذا شریک حیات سے حالات استوار رکھیں سخت لہجہ اپنانے سے گریز کریں۔ (25 تا 30) یہ ہفتہ پہلے کی نسبت بہتر نہ گزرے گا کچھ دوستوں سے مل کر احساس کمتری کا شکار ہونگے۔ مہمانوں کو گھر پر مدعو کرنے کیلئے مناسب وقت نہ ہے۔ دوسروں کو اپنا غلام بنانے کیلئے کچھ تو قربانی دنیا ہو گی۔ ان ایام میں مکان وجائیداد سے متعلقہ معاملات آسانی سے حل نہ ہونگے اور نئی جائیداد کی خرید وفروخت کیلئے اچھے ایام نہ ہیں۔

برج سرطان 21 جون تا 20 جولائی، سیارہ قمر
حروف۔ ح، ہ، ھ۔ پتھر، موتی۔ مبارک دن، سوموار
مبارک رنگ، سفید، ہلکا نیلا۔ موافق دھات، ٹین
لکی عدد 2۔ اسم اعظم، یا جبار 21 بار
سعد تاریخیں 30,27,17,5,1
نحس تاریخ 28,19,14,6
لکی نمبرز 58,19,31,35

سرطان

